www.dailybolan.com
MEMBER APNS باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
Mobile: 0336-6113760
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
جلد 36 | بدھ 30 ستمبر 2026ء، بمطابق 17 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 291

افغانستان کے قابلِ قبول اور دوستانہ حل کیلئے مذاکرات کے حامی ہیں

عطاء اللہ تارڑ

پاکستان امن، مذاکرات اور پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے تاہم پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، امن کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی کوشش کا جواب دیا گیا ہے اور دیا جائے

افغان عوام ایک بہتر اور خوشحال مستقبل کے مستحق ہیں اور انہیں اپنے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار ملنا چاہیے، عطاء اللہ تارڑ کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ افغان عبوری حکومت کو عسکریت پسندانہ سوچ سے نکل کر ذمہ دار ریاست کی سوچ اپنانا ہوگی، پاکستان امن، مذاکرات اور پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے تاہم پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، امن کو سبوتاژ کرنے کی کسی بھی کوشش کا جواب دیا گیا ہے اور دیا جائے گا، افغان عوام ایک بہتر اور خوشحال مستقبل کے مستحق ہیں اور انہیں اپنے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کا اختیار ملنا چاہیے۔ منگل کو یہاں مقامی ہو (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

سہیل آفریدی کی نامزدگی کا فیصلہ غلط، نتائج پارٹی آج بھی بھگت رہی ہے، شیر افضل مروت

عمران خان کے غلط فیصلوں کا ازالہ نہ کیا گیا تو پارٹی کا کوئی مستقبل نہیں ہوگا، رکن قومی اسمبلی

سلمان اکرم، علیمہ خان، سہیل آفریدی کو دور کیا جائے تو عمران خان کی رہائی کیلئے کردار ادا کرنے کو تیار ہوں

لاہور (این این آئی) ممبر قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

سعودی عرب میں جمعے تک بارش کا الرٹ جاری، شہریوں سے محتاط رہنے کی اپیل

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے جنرل ڈائریکٹوریٹ آف سول (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

عوام کو بتایا جا رہا ہے کہ تمہاری کوئی حیثیت نہیں، سلمان اکرم راجہ

صرف کسی اندیشے کی بنیاد پر کسی کے بنیادی حقوق چھین لینا کہاں کا انصاف ہے

میرے علم میں نہیں اس وقت بیک چینل پر کوئی کام کر رہا ہے یا نہیں، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین کا افتتاح کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان، وزیر ریلوے نے جناح پیپلز ٹرین سروس کا افتتاح کر دیا، میٹرو ٹرین سروس کو مستقبل میں دو ٹرینوں تک وسعت دی جائے گی، میر سرفراز بگٹی کا بزرگوں، معذوروں کیلئے مفت سفری سہولیات کا اعلان

دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی

جناح پیپلز ٹرین سریاب اور کچلاک کے درمیان 32 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک پر چلائی جائے گی، جس کے لیے شہریوں کی سہولت کے پیش نظر 17 اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں

بلوچستان ہمیشہ پاکستان کے دل کی حیثیت رکھتا ہے اور ایسے منصوبے صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔ معذور اور بزرگ شہری جناح پیپلز ٹرین میں مفت سفر کر سکیں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (بولان بیورو) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے شہریوں کے لیے جدید، محفوظ اور کم خرچ سفری سہولت کا منصوبہ عملی شکل اختیار کر گیا، سریاب سے کچلاک کے درمیان بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ میٹرو ٹرین جناح پیپلز ٹرین سروس کا باقاعدہ آغاز ہوگیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے جناح پیپلز ٹرین سروس کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں صوبائی و وفاقی حکام، سیاسی شخصیات، ریلوے حکام اور شہریوں نے شرکت کی۔ جناح پیپلز (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

25 ارب ڈالر کے برآمدی ہدف کے حصول پر گامزن ہیں، شزہ فاطمہ

آئی ٹی برآمدات میں 25 ارب ڈالر ہدف کیلئے پرعزم، نوجوان اور خواتین ٹیلنٹ پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے

3 لاکھ طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کے پروگرام کے تحت 200 سے زائد ملکی یونیورسٹیوں میں جدید آئی سی ٹی اکیڈمیاں قائم کی جا چکی ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ 20 فیصد سے زائد ترقی ہو رہی ہے اور حکومت وزیر اعظم کے مقرر کردہ 25 ارب ڈالر کے برآمدی ہدف کے حصول پر سنجیدگی سے گامزن ہے، 24 کروڑ ملکی آبادی میں 68 فیصد نوجوان اور ورک فورس کا 50 فیصد خواتین ہیں جن کی بنیاد پر ملک کا ڈیجیٹل سروسز سیکٹر عالمی مارکیٹس میں مسابقت کر رہا ہے (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

خیبر پختونخوا کے حالات بہتر کرنا ہوں گے، اختیار ولی

جب حکومت نے مذاکرات کا موقع فراہم کیا تو پی ٹی آئی قیادت نے اسے مسترد کر دیا، کوآرڈینیٹر وزیر اعظم

وفاقی دارالحکومت میں سفارتکار، غیر ملکی شہری اور بڑی تعداد میں مقامی افراد رہائش پذیر ہیں اس لیے سکیورٹی اور سرکاری و عوامی املاک کا تحفظ ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات و خیبر پختونخوا امور اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے لانگ مارچ کی کال محض سیاسی دکھاوا تھی۔ نجی ٹی وی چینل سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس دوران صوبے سے (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

نیویارک امن کی راہ ہموار کرنے آئے، جنگ کیلئے بھی تیار ہیں

ایرانی وزیر خارجہ

ڈونلڈ ٹرمپ پر منحصر ہے کہ وہ سفارت کاری اور جنگ میں سے کون سے میدان کا انتخاب کرتے ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

ایران جنگ کے خاتمے کے لیے کیے گئے معاہدے کے تحت آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے تیار تھا اور تہران چاہتا تھا کہ اس کے منجمد اثاثے اور فنڈز بھی واپس کیے جائیں

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ جنگ دوبارہ شروع کرنے کے لیے تیار ہیں لیکن سفارت کاری کے لیے دروازہ کھلا ہوا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے امریکی میڈیا کو انٹرویو میں بتایا کہ ایران کسی قسم کی بیرونی جارحیت کے سامنے ڈٹ کر کھڑا ہے یہاں تک کہ قیامت خیز جنگ ہی کیوں نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم سفارت کاری کے لیے بھی ڈٹ کر کھڑے ہیں اور یہ اب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی وزیر اعظم اسحاق ڈار اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان اور کے پی میں 7 دہشتگرد ہلاک

فورسز کی بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سکیورٹی ذرائع

وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

کوئٹہ/ پشاور/ راولپنڈی/ اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 7 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کی مکمل حمایت کے ساتھ ملک کی دھرتی سے خوارجیوں اور دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کر کے دم لیں گے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع چاغی کے علاقے نوکچہ میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2 دہشت گرد ہلاک ہوئے، دہشت گردوں نے نوکچہ میں خالی واٹر بازار کو آگ لگانے کے بعد فرار ہونے (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر نواب جام کمال ملائشیا کے وفد سے دوطرفہ تجارتی امور پر گفتگو کر رہے ہیں

وزیر اعظم آئے تو پیٹرول لیوی پر دو ٹوک بات ہوگی، نعیم الرحمان

یاسمین راشد، اعجاز چوہدری، شاہ محمود قریشی اور محمود الرشید کو مزید قید رکھنے کا جواز نہیں ہے

وزیر اعظم کی جانب سے رابطے اور پیشرفت کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا فیصلہ ہوگا۔ امیر جماعت اسلامی کا پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے حکومت سے ایک بار پھر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ کیا ہے اور کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ وزیر اعظم کی یقین دہانی پر لانگ مارچ میں وقفہ دیا، احتجاج سے دستبردار (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

حکومت کا پنشن اصلاحات کیلئے مزید 50 کروڑ ڈالر قرض لینے کا پلان

پاکستان پنشن اصلاحات کیلئے اے ڈی بی، عالمی بینک سے پہلے بھی قرض لے چکا ہے

منصوبے کو ٹرانسفارمنگ پبلک سیکٹر پنشن پروگرام کا نام دیا گیا ہے

موجودہ پنشن سسٹم قومی خزانہ پر بڑا مالی بوجھ بن چکا ہے، ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کو ہر سال بجٹ سے پنشن بل ادا کرنا پڑتا ہے

2020ء سے نئی بھرتیوں کے لئے کنٹری بیوشن پنشن اسکیم متعارف کرائی گئی، پرائی ڈیفائنڈ بینیفٹ اسکیم میں اصلاحات کی گئی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پنشن اصلاحات کے لئے مزید 50 کروڑ ڈالر قرض لینے کا منصوبہ تیار کر لیا، ایشیائی ترقیاتی بینک سے 138 ارب 48 کروڑ روپے کے مساوی قرض لیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق منصوبے کو ٹرانسفارمنگ پبلک سیکٹر پنشن پروگرام کا نام دیا (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

سہیل آفریدی کی حکومت مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے

امیر مقام

سہیل آفریدی کا آگے چلنا ناممکن ہو چکا ہے، وہ مزید وزیر اعلیٰ نہیں رہ سکتے

یا تو گورنر راج لگے گا یا پھر وہ وزارت اعلیٰ سے ہٹنے کے بعد لوٹ مار کے جرم میں سیدھے جیل جائیں گے، وفاقی وزیر کی پریس کانفرنس

پشاور (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے مسلسل غیر قانونی اقدامات اور ناکامیوں کے باعث صوبے میں گورنر راج کے تمام آئینی و قانونی تقاضے پورے ہو چکے ہیں اور کسی بھی وقت بڑا سیاسی فیصلہ ہوسکتا (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

نیپال میں مسلسل بارشوں سے 21 افراد ہلاک، 5 لاپتہ

474 خاندان متاثر 1433 مکانات تباہ اور 51 کو جزوی نقصان پہنچا، ڈیزاسٹر حکام

کھٹمنڈو (این این آئی) نیپال میں جاری مسلسل بارشوں کے باعث سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں 21 افراد ہلاک اور 5 لاپتا ہوگئے۔ وزیر اعظم بالیندر شاہ نے بتایا کہ حادثات میں 5 افراد زخمی بھی ہوئے جنہیں طبی امداد دی جا رہی ہے۔ نیشنل ڈیزاسٹر رسک ریڈکشن اینڈ مینجمنٹ اتھارٹی کے مطابق 747 خاندان متاثر ہوئے، 143 مکانات مکمل طور پر تباہ اور 51 کو جزوی نقصا (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

سابق چیئرمین نادرا طارق ملک دنیا کے 50 اہم ڈیجیٹل رہنماؤں میں شامل

نیویارک (این این آئی) سابق چیئرمین نادرا طارق ملک کو دنیا کے 50 اہم ترین ڈیجیٹل رہنماؤں میں شامل کر لیا گیا ہے۔ اعزاز کا اعلان نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاسوں کے موقع پر کیا گیا۔ پاکستان کے طارق ملک دنیا بھر میں محفوظ، قابل اعتماد اور مفاد عامہ (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

جناح ہاس حملہ کیس، پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کے جسمانی ریمانڈ میں 7 روز کی توسیع

ملزم کا موبائل اور سم برآمد کرنی ہے، موبائل اور سم اہم ثبوت ہیں، پراسیکیوٹر

لاہور (این این آئی) عدالت نے جناح ہاؤس حملہ کیس میں سابق وفاقی وزیر اور پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کے جسمانی ریمانڈ میں مزید 7 روز کی توسیع کر دی۔ پولیس نے حماد اظہر کو جناح ہاؤس حملہ کیس میں 21 روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے کے بعد لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کیا۔ پراسیکیوٹر کی جانب سے عدالت سے حماد اظہر کا مزید 14 روزہ ریمانڈ دینے کی استدعا کی گئی۔ حماد (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

وفاقی حکومت کا سائبر سکیورٹی فریم ورک پر عمل درآمد، وفاقی سی آر ٹی کی تشکیل شروع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سائبر سکیورٹی فریم ورک 2026 کے نفاذ کے لیے عملی اقدامات کرتے ہوئے وفاقی سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (سی آر ٹی) کی تشکیل کا عمل شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی سطح (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

عالمی تیل کی مارکیٹ احمق ہے یا امریکا جھوٹ بول رہا ہے۔ باقر قالیباف

امریکی پابندیوں کے باوجود ایران کا تہران ہوائی اڈہ مکمل فعال ہے، ایرانی حکام

تہران (جی این ایم) امریکی صدر ٹرمپ کے آبنائے ہرمز سے ریکارڈ مقدار میں تیل کی ترسیل کے دعوے پر ایرانی پارلیمان کے اسپیکر باقر قالیباف کا کہنا ہے کہ امریکا کہتا ہے ایران کا آبنائے ہرمز پر کوئی کنٹرول نہیں، عالمی منڈیوں میں تیل کی قیمتوں پر جنگ سے پہلے کے مقابلے میں 50 ڈالر اضافی پریمیم عائد ہے۔ باقر قالیباف نے کہا کہ یا تو مارکیٹ احمق ہے جو تیل کی اتنی زیادہ قیمت پر خرید رہی ہے (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

مالی سال کے دو ماہ میں چین کی پاکستان میں سرمایہ کاری کا حجم 176.2 ملین ڈالر تک پہنچ گیا

گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 55.5 ملین ڈالر زیادہ رہی، اعداد و شمار

چین سے مجموعی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری 238 ملین ڈالر رہی جبکہ اسی مدت میں 61.8 ملین ڈالر کا سرمایہ ملک سے باہر گیا

لاہور (این این آئی) مالی سال 2026-27 کے پہلے دو (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

سیاست میں تلخیاں کم ہونا پاکستان کے عوام کی بڑی ضرورت ہے، فواد چوہدری

حکومت کا مسئلہ یہ ہے کہ وہ صرف اس لیے حکومت میں ہے کہ اسٹیبلشمنٹ اور تحریک انصاف کی لڑائی ہے

وہ کسی طرح اس جھگڑے کو ختم نہیں دیکھنا چاہتی، سابق وفاقی وزیر کی ایکس پوسٹ

اسلام آباد (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

مریم نواز کی حلقہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کی کامیابی پر اظہار تشکر

بہاولپور کی ضمنی الیکشن میں کامیابی پر ملک منیر اقبال چنڑ کو مبارکباد، عوام کو خراج تحسین اور اظہار اعتماد پر شکریہ ادا کیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حلقہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب میں پاکستان مسلم لیگ ن کی کامیابی پر اظہار تشکر کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

ایران کا آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کا دعویٰ امریکا نے مسترد کر دیا

آبنائے ہرمز پر ایران کے مکمل کنٹرول کا دعویٰ حقیقت کے برعکس ہے کیوں کہ امریکی افواج ایرانی بحریہ کو تباہ کر چکی ہیں اور اب ایران کے پاس بحریہ موجود نہیں ہے

گزشتہ چند ماہ کے دوران آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل سے زائد تیل گزر چکا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایران اس اہم تزویراتی بحری گزرگاہ پر مکمل کنٹرول نہیں رکھتا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ نے آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کے ایرانی دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اس اہم بحری گزرگاہ پر مکمل اختیار نہیں ر(بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

پاکستان میں آئی ٹی اور اے آئی کا شعبہ معیشت کا اہم ستون بننے لگا

ڈیجیٹل برآمدات، فری لانسنگ اور اے آئی سے معاشی ترقی کے نئے امکانات پیدا ہونے لگے

لاہور (این این آئی) پاکستان میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل سروسز اور مصنوعی ذہانت کا شعبہ تیزی سے ملکی معیشت میں اہم کردار اختیار کر رہا ہے، آئی ٹی برآمدات، فری لانس (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

گورنر راج کی دھمکیوں سے اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹوں گا

سہیل آفریدی

خیبر پختونخواہ کے عوام، پولیس اور سکیورٹی فورسز نے قیامِ امن کی خاطر بے شمار اور ناقابلِ فراموش قربانیاں دی ہیں

ایسی کرسی پر لعنت بھیجتا ہوں جو مجھے اپنے نظریے سے ہٹا دے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ کا ردعمل

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخواہ کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے وفاقی حکومت کی جانب سے گورنر راج اور ایمرجنسی کی دھمکیوں کے ردعمل میں کہا ہے کہ ایسی دھمکیوں سے ہرگز پیچھے نہیں ہٹیں گے، اپنے نظریے اور صوبے کے حقوق کی خاطر اقتدار اور کرسی کی قربانی دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہوں۔ پشاور میں امن و امان سے متعلق منعقدہ اعلیٰ سطح کے ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی نے کہا کہ وفاق میں بیٹھے حکمران اپنی غلط پالیسیوں کو چھپانے کے لیے جھوٹے بیانیے تراش رہے ہیں، خیبر پختونخواہ کے تمام سیاسی و سماجی سٹیک ہولڈرز اور عوام متفقہ طور پر کہہ (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ایتھوپیا کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

گڈز ٹرانسپورٹرز کی ملک گیر ہڑتال، بندرگاہیں بند کرنے کی دھمکی

حکومت نے آج تک کنٹینرز مالکان کو کوئی ادائیگی نہیں کی، ٹی وی پر کچھ وزرا بول رہے ہیں ہم پیسے دیں گے یاد دے دیے ہیں

حکومت بتائے وہ کون ہے جو ہر احتجاج میں کنٹینرز کی ادائیگیوں کی مد میں حکومت سے 40، 40 کروڑ روپے لے لیتا ہے؟ محمد اویس چوہدری کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی و پنجاب حکومت اور گڈز ٹرانسپورٹ اونرز کے درمیان کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ اور کرایوں و معاوضے کی عدم ادائیگی کا تنازعہ شدید رخ اختیار کر گیا جہاں گڈز ٹرانسپورٹ اونرز کے صدر محمد اویس چوہدری نے وفاقی وزرا کے دعوؤں کی قلعی کھولتے ہوئے حکومت پر زبردستی گاڑیاں پکڑنے اور کروڑوں روپے کے معاشی نقصان کا سنگین الزام عائد کر دیا۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے صدر گڈز ٹرانسپورٹ اونرز محمد اویس چوہدری نے انکشاف کیا کہ وفاق اور پنجاب پولیس نے 6 ستمبر سے ہی ہماری گاڑیاں اور کنٹینرز زبردستی پکڑنا شروع کر دیے تھے، ٹی وی پر کچھ وزرا بول رہے ہیں کہ ہم (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

لاہور سے کراچی جانے والی قراقرم ایکسپریس منسوخ

مسافروں کو پاک بزنس، کراچی ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور سے کراچی جانے والی قراقرم ایکسپریس کو منسوخ کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق منسوخ کی گئی قراقرم ایکسپریس کے مسافروں کو پاک بزنس ایکسپریس اور کراچی ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا۔ قراقرم کے مسافروں کو فیصل آباد سے ملت ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا لاہور، سرگودھا کے درمیان چلنے والی میانوالی ایکسپریس براستہ وزیر آباد، لالہ موسیٰ روانہ ہوئی۔

حلقہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب میں ملک منیر اقبال چنڑ کی کامیابی پر وزیر اعظم کی مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) حلقہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ملک منیر اقبال چنڑ کی کامیابی پر وزیر اعظم شہباز شریف نے مبا(بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

عالمی منڈیوں میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ برینٹ 107 ڈالر بیرل سے تجاوز کر گیا

اضافہ امریکی صدر کی جانب سے ایران کی آبنائے ہرمز کو سات روز میں دوبارہ کھولنے کی تجویز مسترد کیے جانے کے بعد ہوا

نیویارک (جی این ایم) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت میں تقریباً تین فیصد اضافہ ہوا ہے اور برینٹ خام تیل کی قیمت 107 ڈالر فی بیرل سے تجاوز کر گئی ہے تیل کی قیمت میں یہ اضافہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کی آبنائے ہرمز کو سات روز میں دوبارہ کھولنے کی تجویز مسترد کیے جانے کے بعد ہوا آبنائے ہرمز عالمی سطح پر تیل کی ترسیل کے اہم بحری راستوں میں شمار ہوتی ہے تاہم اسی دو(بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

فرانسیسی سینیٹ میں عالمی یوتھ ڈپلومیسی فورم، سفارتی کیریئر کے امکانات پر اعلیٰ سطحی پینل

پیرس (جی این ایم) فرانس میں پاکستان کی سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے فرانسیسی سینیٹ میں منعقدہ گلوبل یوتھ ڈپلومیسی فورم کے اعلیٰ سطحی پینل میں شرکت کی، جہاں سفارت کاری میں کیریئر، بین الاقوامی خدمات اور پیشہ ورانہ مواقع کے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا

ٹیکسوں کی نان اسٹاپ بھرمار، پیٹرول کی اصل قیمت پر ٹیکسز اور مارجنز کا بوجھ مزید بڑھا دیا گیا

ایک لیٹر پیٹرول اصل قیمت سے 136 روپے 34 پیسے اور ڈیزل اصل قیمت سے 122 روپے 68 پیسے فی لیٹر مہنگا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرول اور ڈیزل کی اصل لاگت پر بھاری ٹیکسوں، لیوی اور مختلف مارجنز کا بوجھ بڑھنے کے باعث پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے جہاں عام شہری فی لیٹر پیٹرول اصل قیمت سے 136 روپے 34 پیسے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل اصل قیمت سے 122 روپے 68 پیسے زیادہ مہنگا خریدنے پر مجبور ہیں۔ میڈیا رپورٹس (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

لاہور، وفاقی وزیر سردار محمد یوسف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈائریکٹر ایف آئی اے محمد سرفراز ورک کیخلاف توہین عدالت کی درخواست خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ڈائریکٹر ایف آئی اے محمد سرفراز ورک کے خلاف دائر تین سال پرانی توہین عدالت کی درخواست نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ کی چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے سائل محمد یاسین کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے 2023 میں ڈائریکٹر ایف آئی اے محمد سرفراز (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

بلوچستان کو کالونی کی نظر سے دیکھ کر وسائل چھینے جا رہے ہیں، مالک بلوچ

اغواء برائے تاوان کی شرح بھی زیادہ ہو رہی ہے شاہراہیں بند اور ٹرالرز کو جلایا جا رہا ہے کاروبار بند ہوگئے ہیں۔ بلوچستان کو کہاں لے جایا جا رہا ہے

عظیم باپ بیٹے ملک اور بلوچستان کی حالات کی حقیقی معنوں میں نشاندہی کی اور طاقتور طبقہ کو خبردار کیا کہ عوام کی رائے کو مقدم رکھا جائے بصورت دیگر حالات کنٹرول سے نکل جائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو اور میر جمہوریت میر حاصل خان بزنجو کی سیاسی قومی جدوجہد اور سیاسی بصیرت دوراندیشی کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا کہ دونوں عظیم شخصیات نے جمہوریت کے ا(بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

علمائے کرام کی صحبت و رہنمائی ہدایت اور نجات کا ذریعہ ہے: مولانا عبدالرحمان

جمعیت علماء اسلام شہریوں کے بنیادی حقوق اور مسائل کے حل کے لیے اپنی آئینی جمہوری اور پُرامن جدوجہد جاری رکھے گی

تمام ذمہ داران اپنی ذمہ داریوں کو محض رسمی کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اور فعال کردار ادا کریں تنظیمی امور کو باقاعدگی اور تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلسِ عاملہ اور ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیرِ صدارت ضلعی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جماعتی امور بالخصوص 8 اکتوبر کو منعقد ہونے والے ضلعی مجلسِ عمومی کے اجلاس کی تیاریوں اراکین تک دعوت ناموں کی بروقت ترسیل اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں دورہ کمیٹیوں کی جانب سے تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں اور تنظیمی صورتحال پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر اور ضلع کے مختلف علاقوں بالخصوص اغبرگ، نوحصار، پنجپائی اور سمنگلی میں امن و امان کی صورتحال بڑھتی ہوئی چوری و ڈکیتی، منشیات کے رجحان، فحاشی و عریانی اور دیگر شہری و سماجی مسائل پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے مقامی آبادی کو درپیش مشکلات اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ سے متعلق خدشات کا جائزہ لیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ امن وامان کے قیام شہریوں کے تحفظ اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ ادارے عملی اقدامات یقینی بنائیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا محب اللہ، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، مولانا حافظ رشید احمد، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حاجی صالح محمد اور دیگر نے کہا کہ جماعت کی مضبوطی، نظم و ضبط کی پابندی اور کارکنوں سے مسلسل رابطے کو یقینی بنانا تحصیل و یونٹ ذمہ داران کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تمام ذمہ داران اپنی ذمہ داریوں کو محض رسمی کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اور فعال کردار ادا کریں تنظیمی امور کو باقاعدگی اور تسلسل کے ساتھ آگے بڑھائیں اور کارکنوں کے ساتھ مسلسل رابطہ برقرار رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ 8 اکتوبر کا ضلعی مجلسِ عمومی کا اجلاس جماعتی نظم ونسق اور آئندہ کی تنظیمی حکمتِ عملی کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہے اس لیے تمام متعلقہ ذمہ داران دعوت ناموں کی بروقت ترسیل اراکین کی شرکت اور اجلاس کی دیگر تیاریوں کو یقینی بنائیں۔ دورہ کمیٹیوں کو بھی ہدایت کی گئی کہ یونٹوں کے دوروں کے دوران سامنے آنے والے تنظیمی مسائل ضروریات اور تجاویز کو مرتب کر کے ضلعی قیادت کو پیش کیا جائے۔ انہوں نے کوئٹہ میں امن وامان اور بڑھتے ہوئے سماجی مسائل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو محفوظ اور پُرامن ماحول فراہم کرنا ریاستی و انتظامی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ منشیات، جرائم اور معاشرتی بے راہ روی کے سدباب کے لیے محض اعلانات کے بجائے قانون پر عمل درآمد اور عملی اقدامات ضروری ہیں۔ جمعیت علماء اسلام شہریوں کے بنیادی حقوق اور مسائل کے حل کے لیے اپنی آئینی جمہوری اور پُرامن جدوجہد جاری رکھے گی۔ اجلاس میں اراکینِ مجلسِ عاملہ مولانا سعید احمد، مولانا عبدالبصیر، حافظ مسعود احمد، حاجی ولی محمد بڑیچ، حافظ سراج الدین، حاجی محمد شاہ لالا، مولانا محمد شعیب جدون، عبدالصمد حقیار، مفتی نیک محمد، مفتی روزی خان بادیزئی، شاہ زاہد مشوانی، مفتی ابوبکر، مولوی علی جان، مولوی سید سعداللہ آغا، مولوی نقیب اللہ ملاخیل، مولوی جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطاء محمد شمشوزئی، حافظ حبیب الرحمٰن سمیت تحصیلوں اور یونٹوں کے ذمہ داران نے شرکت کی

شادی شدہ خاتون کو سگے ماموں کی جانب سے دھمکیاں خاتون کی جانب سے تحفظ کی اپیل

شادی کو تقریبا دو ماہ کا عرصہ ہوا ہے مگر میرا ماموں میرا گھر برباد کرنا چاہتا ہے مجھے اور میرے شوہر کو دھمکیاں دے رہا ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) شادی شدہ خاتون کو سگے ماموں کی جانب سے دھمکیاں خاتون کی جانب سے تحفظ کی اپیل، دیھ ھاچی کی رہائشی شبیراں بنت دریا خان ملاح نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ میرے والدین کی وفات کے بعد میرے ماموں نے مجھے پالا میرے ماموں کی اجازت سے میں نے مکلی شاہ لطیف کالونی کے رہائشی نظیر علی ولد محمد علی جوکھیو سے شریعت کے مطابق نکاح کیا میرے ماموں نے میرے شوہر نظیر علی سے ایک موٹر سائیکل اور کچھ رقم بھی شرط میں مانگی جو میرے شوہر نے دے دی ہماری شادی کو تقریبا دو ماہ کا عرصہ ہوا ہے مگر میرا ماموں میرا گھر برباد کرنا چاہتا ہے مجھے اور میرے شوہر کو دھمکیاں دے رہا ہے اور زبردستی واپس لے جانے کی کئی دفعہ کوشش کی ہے ماموں نشہ کرتا ہے شبیراں نے میڈیا کے توسط سے ایس ایس پی ٹھٹھہ اور دیگر بالا حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے

کنٹرولر جنرل ٹورازم کی تقرری پر سروس رولز کالعدم قرار دینے کے خلاف پنجاب حکومت کی اپیل

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ میں کنٹرولر جنرل ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کی تقرری سے متعلق سروس رولز کالعدم قرار دینے کے سنگل بینچ کے فیصلے کو پنجاب حکومت نے انٹرا کورٹ اپیل کے ذریعے چیلنج کر دیا ہے دو رکنی بینچ نے پنجاب حکومت کی اپیل پر مدعا علیہ حافظ غضنفر علی کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت دو ہفتوں کے لیے ملتوی کر دی

بدین۔ عالمی یومِ قلب کے موقع پر ڈاکٹر سکندر علی مینڈرو سول انڈس اسپتال بدین میں آگاہی واک ڈاکٹروں اور اسپتال کے عملے کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

سکھر: عالمی یوم قلب پر آگاہی ریلی، صحت مند طرزِ زندگی اپنانے پر زور

متوازن غذا استعمال کی جائے اور چکنائی سمیت غیر صحت بخش غذاں سے پرہیز کیا جائے

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) سندھ انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز (SICVD) سکھر کے زیر اہتمام دل کے امراض کے عالمی دن کے موقع پر آگاہی ریلی اور خصوصی آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں ماہر امراضِ قلب، ڈاکٹرز، طبی عملے اور اسپتال کے اسٹاف نے شرکت کی آگاہی ریلی کی قیادت SICVD سکھر کے ایڈمنسٹریٹر بھرت مہراج، ڈاکٹر جاوید شیخ، ڈاکٹر عرفان وگھیو، ڈاکٹر نوید اور خادم حسین چانڈیو نے کی۔ شرکا نے اسپتال کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور شہریوں کو دل کے امراض سے بچا، صحت مند طرزِ زندگی اپنانے اور بروقت طبی معائنے کی اہمیت سے آگاہ کیا اس موقع پر ماہر ڈاکٹرز نے کہا کہ دل کے امراض سے بچا کے لیے روزانہ ورزش اور واک کو معمول کا حصہ بنایا جائے، متوازن غذا استعمال کی جائے اور چکنائی سمیت غیر صحت بخش غذاں سے پرہیز کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ آٹھ ماہ کے دوران سکھر میں 72 ہزار مریضوں کا طبی معائنہ کیا گیا ڈاکٹرز نے عوام پر زور دیا کہ دل کے امراض کی ممکنہ علامات کو نظرانداز نہ کیا جائے

خواتین کے تحفظ کیلئے شہر کی 80 ہزار پبلک ٹرانسپورٹ میں کیو آر پینک بٹن نصب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر لاہور میں رکشوں، رائیڈ ہیلنگ سروسز کی گاڑیوں اور پبلک ٹرانسپورٹ میں کیو آر پینک بٹن نصب کرنے کا عمل جاری ہے۔ سی ٹی او لاہور کے مطابق اب تک 80 ہزار رکشوں، رائیڈ ہیلنگ سروسز کی کیبز اور پبلک ٹرانسپورٹ میں کیو آر پینک بٹن کی تنصیب کی جاچکی ہے جبکہ شہر کے 45 مختلف مقامات پر ٹریفک ٹیمیں یہ سہولت فراہم کررہی ہیں

سوراب۔ سوراب اجتماع خوش اسلوبی سے اختتام پذیر جس میں لاکھوں فرزندان توحید نے شرکت کی

سویٹ ہوم سکھر میں ریسکیو 1122 کی جانب سے طبی امداد

ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور آگ بجھانے کے حوالے سے آگاہی وتربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) سویٹ ہوم سکھر میں ریسکیو 1122 کی جانب سے طبی امداد، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور آگ بجھانے کے حوالے سے آگاہی و تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی میزبانی ڈاکٹر اقرا نے کی، جبکہ ملک محمد رضوان الحق چیئرمین ایجوکیشن ٹاسک فورس نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی تقریب میں سویٹ ہوم کے ایڈمن شبیر میمن، ایجوکیشن ٹاسک فورس کی وائس چیئرپرسن عذرا جمال، ریسکیو 1122 کے اولیس اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ تربیتی نشست کے دوران ریسکیو 1122 کے نمائندوں نے سویٹ ہوم کے بچوں کو ہنگامی صورتحال میں ابتدائی طبی امداد، آگ لگنے کی صورت میں حفاظتی اقدامات اور بروقت ریسکیو کارروائی کے حوالے سے آگاہی فراہم کی تربیتی سیشن کے بعد بچوں نے سوال و جواب کے مرحلے میں بھرپور حصہ لیا اور تربیت کے دوران حاصل ہونے والی معلومات کا خلاصہ بھی پیش کیا۔ پروگرام میں نمایاں طور پر حصہ لینے والے بچوں میں مہمان خصوصی ملک محمد رضوان الحق کی جانب سے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے اس موقع پر پروگرام میں تعاون کرنے والی شخصیات کو شیلڈز بھی پیش کی گئیں، جبکہ سویٹ ہوم کے ایڈمن شبیر میمن کی جانب سے مہمان خصوصی ملک محمد رضوان الحق سمیت دیگر شخصیات کو سویٹ ہوم کی یادگاری شیلڈز پیش کی گئیں مہمان خصوصی ملک محمد رضوان الحق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک انسان کی جان بچانا گویا پوری انسانیت کی جان بچانے کے مترادف ہے۔ بچوں نے تربیتی مہم کے دوران جو کچھ سیکھا اور جس انداز میں سوالات کے جوابات دیے، وہ قابلِ ستائش ہے۔ انہوں نے بچوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہمارا مستقبل ہیں اور آپ کی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت بھی انتہائی اہم ہے ملک محمد رضوان الحق نے ریسکیو 1122 کے اولیس سے کہا کہ ان کے دیگر فلاحی اداروں میں بھی اسی نوعیت کے تربیتی سیشنز منعقد کیے جائیں گے، جس پر اولیس نے یقین دلایا کہ ریسکیو 1122 کی ٹیم ملک محمد رضوان الحق کے زیر اہتمام فلاحی اداروں میں ہونے والے تربیتی پروگراموں میں بھرپور تعاون کرے گی اور بچوں کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے تربیت فراہم کرتی رہے گی انہوں نے سویٹ ہوم کے بچوں کے لیے آئندہ ایک پروگرام منعقد کرانے کا اعلان بھی کیا، جس کا عنوان "تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت کی اہمیت "ہوگا۔ اس پروگرام میں بچے تقریریں پیش کریں گے اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچوں کو انعامات بھی دیے جائیں گے۔ ملک محمد رضوان الحق کا کہنا تھا کہ معاشرے میں تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت کی بھی اشد ضرورت ہے،

دنیا کی پستہ قد امریکی خاتون فائر فائٹر نے گنیز ورلڈ ریکارڈ اپنا نام کرلیا

فلوریڈا (این این آئی) امریکا کی ایک خاتون فائر فائٹر نے دنیا کی سب سے پستہ قد خاتون فائر فائٹر ہونے کا گنیز ورلڈ ریکارڈ اپنے نام کر لیا۔ ریاست فلوریڈا سے تعلق رکھنے والی کیلسو کا قد 4 فٹ 5 انچ ہے اور وہ گزشتہ پانچ برس سے فلوریڈا کے شہر سینٹ پیٹ بیچ میں فائر فائٹر کے فرائض انجام دے رہی ہیں۔ اس سے قبل وہ کارپوریٹ شعبے میں کام کرتی تھیں۔ کیلسو کے مطابق فائر فائٹر کے طور پر کام کرنے والے ان کے دوستوں نے انہیں مقامی فائر ڈیپارٹمنٹ میں شمولیت اختیار کرنے کی ترغیب دی

بھارت، سی جے پی کے آشوتوش رنکا سمیت 34 ارکان کی پولیس کیمپس میں بھوک ہڑتال

گوہاٹی (این این آئی) بھارتی ریاست آسام میں کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کے 35 ارکان نے پیر کے روز گوہاٹی میں پولیس کیمپس کے اندر غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال شروع کردی، وہ اپنی مسلسل حراست کے خلاف احتجاج اور فوری رہائی کا مطالبہ کررہے ہیں۔

چیئرمین مجلس قائمہ انجینئر زمرک خان اچکزئی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ریٹائرڈ ملازمین کو 6 سے 10 سال گزر گئے

ریٹائرمنٹ کے 6 سے 10 سال گزرنے کے باوجود گریجویٹی سمیت دیگر واجبات کی ادائیگی نہ ہوسکی

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ریٹائرڈ ملازمین کو 6 سے 10 سال گزر گئے، گریجویٹی سمیت واجبات ادا نہ ہوسکے، احتجاج میونسپل کمیٹی ٹھٹھہ کے متعدد ریٹائرڈ سینیٹری ورکرز کو ریٹائرمنٹ کے 6 سے 10 سال گزرنے کے باوجود گریجویٹی سمیت دیگر واجبات کی ادائیگی نہ ہوسکی، جس کے باعث ریٹائرڈ ملازمین شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ ریٹائرڈ ملازمین سینیٹری ورکرز بشیر مسیح، صدیق مسیح، امجد مسیح، مشتاق، نظیر مسیح، پروین مسیح، نسرین مسیح، صغری غفور اور دیگر نے ٹھٹھہ پہنچ کر شدید احتجاج کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ انہیں ریٹائر ہوئے کئی سال گزر چکے ہیں، مگر اب تک ریٹائرمنٹ کے واجبات، گریجویٹی اور دیگر مراعات ادا نہیں کی گئیں، جس کے باعث وہ مالی مشکلات سے دوچار ہیں۔ ملازمین نے انکشاف کیا کہ بعض ریٹائرڈ ملازمین کے پاس علاج کے لیے پیسے نہ ہونے کے باعث وہ مناسب علاج نہ کرا سکے اور بیماری کے باعث انتقال کر گئے۔ متعدد ملازمین اپنی بیٹیوں کی شادیاں بھی مالی وسائل نہ ہونے کے باعث نہیں کرا سکے، جبکہ بیمار ریٹائرڈ ملازمین بھی علاج کے اخراجات پورے کرنے سے قاصر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ کئی مرتبہ احتجاج کر چکے ہیں

ارکان اسمبلی کا ریاستی حیثیت سے متعلق قرارداد میں دفعہ 370 اور 35 اے شامل کرنے کا مطالبہ

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ارکان اسمبلی نے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کی جانب سے قانون ساز اسمبلی میں ریاستی حیثیت سے متعلق پیش کی گئی قرارداد میں ترامیم پیش کی ہیں جن میں دفعہ 370 اور 35 اے کے تحت مقبوضہ علاقے کی خصوصی حیثیت کی بحالی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حکمران نیشنل کانفرنس اور اس کی اتحادی جماعتوں کے آٹھ ارکان سمیت 10 ارکان اسمبلی نے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کی ریاستی حیثیت سے متعلق قرارداد میں ترامیم پیش کی ہیں

شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے کاموں میں مصروف ہے

گنداخہ (نور حسن جمالی) میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کی جانب سے شہر کی بہتری، ترقی و خوشحالی اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کی نگرانی میں شہر کے مختلف وارڈوں میں ترقیاتی منصوبوں کو بہتر انداز میں عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ شہری علاقوں میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے کاموں میں مصروف ہے۔ میونسپل کمیٹی حکام کے مطابق شہر کی گلیوں، سڑکوں اور مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ شہری مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی بہتری پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ شہریوں نے شہر کی صفائی اور ترقیاتی کاموں کے لیے جاری اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ یہ سلسلہ مستقبل میں بھی اسی تسلسل کے ساتھ جاری رہے گا۔ چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر غلام سرور رند کا کہنا ہے کہ گنداخہ شہر کی خوبصورتی، صفائی، ترقی اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی میونسپل کمیٹی کی ترجیحات میں شامل ہے،

کوئٹہ، مسلم لیگ ن بلوچستان کے سینئر نائب صدر نواب سلمان خلجی ودیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

نادرا انچارج گنداخہ اختر علی جمالی کی خدمات قابلِ تعریف

دور دراز علاقوں سے آنے والے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی جاری

گنداخہ (نور حسن جمالی) نادرا مرکز گنداخہ کے انچارج اختر علی جمالی اپنے ٹیم کے ہمراہ عوام کو بہتر، بروقت اور شفاف انداز میں سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور خدمات انجام دے رہے ہیں۔ نادرا مرکز پر روزانہ مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں مرد و خواتین اپنے شناختی کارڈ، ب فارم، فیملی رجسٹریشن اور دیگر ضروری دستاویزات سے متعلق امور کے سلسلے میں پہنچتے ہیں، جن کی رہنمائی اور معاونت کے لیے نادرا عملہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق گنداخہ ایک وسیع علاقے پر مشتمل ہے جہاں دور دراز دیہات اور مختلف علاقوں سے شہری نادرا سے متعلق کاموں کے لیے مرکز کا رخ کرتے ہیں۔ ایسے میں نادرا انچارج اختر علی جمالی کی جانب سے سائلین کی رہنمائی، ان کے مسائل سننے اور دستیاب سہولیات کے ذریعے کام مکمل کرنے میں تعاون قابلِ تحسین ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ خصوصا خواتین، بزرگ شہریوں اور دور دراز علاقوں سے آنے والے افراد کو نادرا کے طریقہ کار اور ضروری دستاویزات کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرنا اہم خدمت ہے، جبکہ نادرا انچارج اور ان کی ٹیم سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے انہیں ممکنہ سہولت فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ شہریوں نے کہا کہ نادرا جیسے اہم ادارے میں عملے کا عوام کے ساتھ اچھا رویہ اور بروقت رہنمائی شہریوں کی مشکلات کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

اگئی کوہستان سے نوجوان یامین شورو گزشتہ ایک ہفتے سے پراسرار طور پر لاپتا

متعدد مقامات پر تلاش اور پولیس کو اطلاع دینے کے باوجود نوجوان کا کوئی سراغ نہ مل سکا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ٹھٹھہ کے کوہستانی علاقے جنگشاہی کے قریب ست بھاگ چار (7/4) اگئی کوہستان سے نوجوان یامین شورو گزشتہ ایک ہفتے سے پراسرار طور پر لاپتا ہے۔ نوجوان کے اہل خانہ شدید پریشان ہیں۔ متعدد مقامات پر تلاش اور پولیس کو اطلاع دینے کے باوجود نوجوان کا کوئی سراغ نہ مل سکا، جس پر ورثا نے اسے اغوا کیے جانے کا شبہ ظاہر کرتے ہوئے بازیابی میں مدد کی اپیل کی ہے۔ اس سلسلے میں یونین کونسل ڈومانی کے علاقے بگھاڑ موری کے قریب گوٹھ حاجی محمد علی شورو کے رہائشی بزرگ شفیع محمد شورو نے ٹھٹھہ پہنچ کر صحافیوں کو بتایا کہ ایک ہفتہ قبل 21 نومبر کی رات ان کا نوجوان بھتیجا یامین ولد ولی محمد شورو، جنگشاہی کے قریب 7/4 اگئی کوہستان میں اپنی کوہستانی زمین پر کام کے دوران پراسرار طور پر لاپتا ہوگیا۔ انہوں نے بتایا کہ یامین شورو کی مختلف مقامات پر تلاش کی گئی اور متعلقہ پولیس کو بھی اطلاع دی گئی، تاہم تاحال اس کا کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ شفیع محمد شورو نے خدشہ ظاہر کیا کہ برادری کے بعض افراد، جن سے ان کی نااتفاقی چل رہی ہے، نے کسی نامعلوم وجہ کی بنا پر یامین شورو کو اغوا کر کے لاپتا کیا ہوسکتا ہے، جس کے باعث انہیں نوجوان کی جان کو بھی خطرہ لاحق ہونے کا خدشہ ہے۔

اغوا ہونے والی 10 سالہ کمسن لڑکی نازیہ کھوسو کو ایس ایس پی لاڑکانہ نے بحفاظت بازیاب کرالیا

قانونی تقاضے پوری کرنے کیلئے سیکنڈ جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں لڑکی نازیہ کھوسو کو پیش کیا گیا

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) اغوا ہونے والی 10 سالہ کمسن لڑکی نازیہ کھوسو کو ایس ایس پی لاڑکانہ نے بحفاظت بازیاب کرالیا کیس کے مرکزی ملزم گرفتار انٹروگیشن شروع۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی لاڑکانہ اظہر خان مغل کے سخت احکامات کی روشنی میں آریجا پولیس نے آریجا روڈ کے علاقے سے کارروائی کر کے اغوا شدہ دس سالہ کمسن لڑکی نازیہ کھوسو کو ملزمان کے چنگل سے بحفاظت بازیاب کرالیا ہے۔ اور اس کیس کے مرکزی ملزم منظور کھوسو کو بھی پولیس نے اپنی حراست میں لے لیا ہے۔ جبکہ قانونی تقاضے پوری کرنے کیلئے سیکنڈ جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں لڑکی نازیہ کھوسو کو پیش کیا گیا۔ جہاں متعلقہ عدالت نے ضروری قانونی کارروائی کے بعد لڑکی کو اس کے والدین کے حوالے کرنے کے احکامات جاری کردیئے ہیں۔

عالمی یومِ قلب کے موقع پر ڈاکٹر سکندر علی مینڈرو سول انڈس اسپتال بدین میں ورلڈ ہارٹ ڈے منایا گیا

دل کی بیماریوں کے باعث کئی انسانی جانیں ضائع ہوچکی ہیں، جن سے بچا کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا انتہائی ضروری ہے

بدین (نامہ نگار) عالمی یومِ قلب کے موقع پر ڈاکٹر سکندر علی مینڈرو سول انڈس اسپتال بدین میں ورلڈ ہارٹ ڈے منایا گیا، ڈاکٹروں اور اسپتال کے عملے کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر سکندر علی مینڈرو سول انڈس اسپتال بدین میں عالمی یومِ قلب کے حوالے سے تقریب منعقد کی گئی۔ سیمینار ہال میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر سکندر علی میمن، میڈیکل ڈائریکٹر ڈاکٹر سلمان امتیاز، ڈاکٹر شاہنواز مزاری اور سینئر کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر ارشد علی خواجہ نے کہا کہ آج کل دل اور بلڈ پریشر کے مریضوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ دل کی بیماریاں خطرناک حد تک بڑھ چکی ہیں، جبکہ بلند فشارِ خون کے باعث دل، دماغ اور گردوں سمیت جسم کے اہم اعضا متاثر ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلڈ پریشر کی وجہ سے ہارٹ اٹیک، فالج اور بینائی متاثر ہونے کا خطرہ بڑھ سکتا ہے، اس لیے اس سے بچا ضروری ہے۔

لواری شریف میں منشیات کے خلاف عوام سراپا احتجاج

موٹر سائیکلوں، گاڑیوں پر سوار اور پیدل سینکڑوں افراد کی احتجاجی ریلی۔

بدین (نامہ نگار) منشیات کی بڑھتی ہوئی فروخت اور استعمال کے خلاف لواری شریف میں عوام سراپا احتجاج بن گئے۔ ممبر ڈسٹرکٹ کونسل بدین عبدالرحمان بلوچ اور یونین کونسل لواری شریف کے چیئرمین میر انوار بخش ٹالپر کی قیادت میں سینکڑوں شہریوں نے گاں خانصاحب عبدالرحمان سے لواری شریف شہر تک موٹر سائیکلوں گاڑیوں پر سوار ہو کر اور پیدل احتجاجی ریلی نکالی۔ ریلی میں بڑی تعداد میں شہریوں، نوجوانوں اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے، جن پر منشیات بند کرو، ہمارے بچوں کا مستقبل بچا، منشیات موت ہے، زندگی سے پیار کرو سمیت مختلف نعرے درج تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ممبر ڈسٹرکٹ کونسل بدین عبدالرحمان بلوچ نے منشیات فروخت کرنے والوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنا یہ غیر قانونی دھندہ بند کریں، کیونکہ اب لواری شریف سمیت ضلع بھر کے بچوں کا مستقبل کسی صورت منشیات فروشوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ منشیات ایک سنگین سماجی مسئلہ بن چکی ہے، جس سے بالخصوص نوجوان نسل کا مستقبل متاثر ہو رہا ہے۔

پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی بلارنگ ونسل خدمت کررہی ہے، حاجی خان محمد بڑیچ

پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت نے اڑھا سال کے دوران صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی کام کروائے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی بلارنگ ونسل خدمت کررہی ہے پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت نے اڑھائی سال کے دوران صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی کام کروائے ہیں جس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ یہ بات انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کرنے والے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کی ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے جسے عوام کے دلوں سے نکالنا کسی کے بس کی بات نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوام کی بلارنگ ونسل خدمت کررہی ہے اور صوبے میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی کام کرائے گئے ہیں جس سے عوام مستفید ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت نے عوام کو صحت، تعلیم، سفر کی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اٹھائے ہیں صوبے کے دور دراز علاقوں میں ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنایا گیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کے دیہی علاقوں کے ہسپتالوں میں ڈاکٹروں کی موجودگی کے باعث اب عوام کو علاج معالجے کیلئے کوئٹہ نہیں آنا پڑتا

ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد 04 چار کانسٹیبلوں کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی دیدی گئی

ایس پی اوستہ محمد، حافظ معاذ الرحمٰن کی زیر صدارت اوستہ محمد میں محکمانہ ترقیاتی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد 04 چار کانسٹیبلان ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی دیدی گئی تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد، حافظ معاذ الرحمٰن کی زیرِ صدارت اوستہ محمد میں محکمانہ ترقیاتی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں 04 کانسٹیبلان کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ ترقی پانے والے اہلکاروں میں کانسٹیبل عبداللہ بگٹی، مختیار احمد جمالی، سہیل احمد سولنگی اور مہردل بلوچ شامل ہیں۔ اجلاس میں ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد محمد داد کھوسہ، ریڈر انسپکٹر جہانزیب اشرف مستوئی، لائن آفیسر محمد آصف قادری اور او اے ایس آئی دانش علی رند موجود تھے اس موقع پر ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن نے ترقی پانے والے اہلکاروں کو مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو محنت، ایمانداری، نظم و ضبط اور پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ سرانجام دیں اور محکمہ پولیس کی نیک نامی اور عوامی خدمت کے لیے مزید بہتر انداز میں اپنے فرائض انجام دیں

دربار سید شہنشاہ بادشاہ کے دربار سے واپس آنے والے صحبت پور کے رہائیشی زائرین کا ٹریکٹر الٹ گیا

9 افراد زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئے

صحبت پور (نمائندہ بولان) نصیر آباد میں واقع دربار سید شہنشاہ بادشاہ کے دربار سے واپس آنے والے صحبت پور کے رہائیشی زائرین کا ٹریکٹر الٹ گیا، خواتین اور بچوں سمیت 9 افراد زخمی حادثہ صحبت پور کے علاقے پولیس تھانہ جیانی کی حدود گوٹھ محمد ابراہیم کھوسہ کے قریب مین روڈ پر پیش آیا جس کے نتیجے میں خواتین، بچوں سمیت 9 افراد زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئے، جہاں ٹریکٹر کے نیچے دبے زخمیوں کو نکالنے کے لیے امدادی کارروائیاں کی گئیں۔ محکمہ صحت کی ایمبولینس کے ذریعے زخمی خواتین اور بچوں کو ابتدائی طبی امداد کے لیے نزدیکی جھنڈا تالاب ہسپتال منتقل کیا گیا،

جمعیت کسی فرد نہیں بلکہ عوام کے سامنے جوابدہ ہے: مولانا عبدالواسع

توئی باتوزئی ڈیم قلعہ سیف اللہ کی تقدیر بدلنے والا ایک تاریخی اور انقلابی منصوبہ ہے

لاکھوں ایکڑ بنجر اراضی کو قابلِ کاشت بنا کر علاقے میں زرعی انقلاب کی بنیاد رکھی اور ہزاروں خاندانوں کے معاشی مستقبل کو محفوظ بنایا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینئر مولانا عبدالواسع نے توئی باتوزئی ڈیم قلعہ سیف اللہ میں ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی درودیوار اور اس کے طول وعرض میں جمعیت علماء اسلام کی عوامی خدمات اور ترقیاتی اقدامات آج بھی واضح طور پر دکھائی دے رہے ہیں، توئی باتوزئی ڈیم قلعہ سیف اللہ کی تقدیر بدلنے والا ایک تاریخی اور انقلابی منصوبہ ہے جس نے لاکھوں ایکڑ بنجر اراضی کو قابلِ کاشت بنا کر علاقے میں زرعی انقلاب کی بنیاد رکھی اور ہزاروں خاندانوں کے معاشی مستقبل کو محفوظ بنایا، اگر سیاسی بغض، ذاتی مفادات اور نفرت کی سیاست سے بالاتر ہو کر عوامی فلاح و بہبود، اجتماعی مفاد اور صوبے کی ترقی کو ترجیح دی جائے تو بلوچستان کے ہر حلقے میں اسی نوعیت کے عوام دوست اور دور رس نتائج کے حامل منصوبے شروع کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ سیف اللہ کے عوام کے وسائل کے جے یو آئی کے نمائندوں نے امین بن کر ان کی امانت کا حق ادا کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ آج بلوچستان کے مختلف اضلاع میں ایسے بے شمار ترقیاتی منصوبے موجود ہیں جن کے ثمرات سے عوام براہِ راست مستفید ہو رہے ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور اس کے نمائندے عوام کی مرہونِ منت ہو کر ایوانوں میں پہنچتے ہیں، اس لیے وہ کسی فرد، گروہ یا طاقت کے نہیں بلکہ اپنے عوام کے سامنے جوابدہ ہیں۔ موسمی پرندوں، سیاسی پیراشوٹرز اور مصنوعی نمائندگی کے ذریعے اقتدار کے ایوانوں تک پہنچنے والوں نے بلوچستان کے اجتماعی مفادات کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا اور صوبے کی معاشی و ترقیاتی بنیادوں کو کمزور کیا۔ سینئر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے محدود وسائل اور مختصر مدتِ اقتدار کے باوجود بلوچستان کو ایسے میگا منصوبے دیے جو آج بھی اپنی افادیت اور اہمیت کے اعتبار سے نمایاں ہیں، مگر افسوس کہ ان منصوبوں کے بعد ترقی کا وہ تسلسل برقرار نہ رہ سکا اور متعدد منصوبے آج بھی اسی مقام پر رکے ہوئے ہیں جہاں انہیں چھوڑا گیا تھا۔ ہم آج بھی ببانگِ دہل کہتے ہیں کہ بلوچستان کی اکثریتی عوام کی حقیقی نمائندگی کا دعویٰ جمعیت علماء اسلام ہی کا حق ہے اور عوامی وسائل کی امانت و دیانت کے ساتھ حفاظت کرنے والی جماعت بھی جے یو آئی ہے، آج بھی عوام کا غیر متزلزل اعتماد جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور اس کی سیاسی جدوجہد کے ساتھ وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے حقیقی عوامی مینڈیٹ کے مقابلے میں غیر مقبول، غیر عوامی اور مصنوعی نمائندے مسلط کر کے بلوچستان کی ترقی کا سفر روک دیا گیا، آج صوبے میں جو سیاسی بے یقینی، اضطراب اور ہیجانی کیفیت پیدا ہو چکی ہے اس کے بنیادی اسباب میں انتخابات کے حوالے سے اٹھنے والے انجینئرڈ انتخابات کے الزامات اور عوامی مینڈیٹ پر پیدا ہونے والے سوالات بھی شامل ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کے کارکن اور بلوچستان کے عوام اپنی قیادت کے آئندہ لائحہ عمل کے منتظر ہیں

اسرائیلی اپوزیشن نے نیتن یاہو کی حکومت گرانے کیلئے اتحاد کرلیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی 5 بڑی اپوزیشن جماعتوں کے رہنماؤں نے آئندہ 27 اکتوبر کو ہونے والے پارلیمانی انتخابات سے قبل وزیراعظم نیتن یاہو کی حکومت گرانے کے لیے مشترکہ حکمتِ عملی پر اتفاق کر لیا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق اپوزیشن رہنماؤں یائر لاپید، گادی آئزن کوٹ، نفتالی بینیٹ، ایویگڈور لیبرمین اور یائر گولان نے تل ابیب میں ملاقات کی۔ اسرائیلی اپوزیشن کے رہنماں نے موجودہ حکومت کو تبدیل کرنا اپنا مشترکہ اہم ترین مقصد قرار دیتے ہوئے

سکھر پولیس نے منشیات کے ناسور کے خلاف کارروائیاں تیز

3470 گرام چرس برآمد پولیس نے بی سیکشن، کینٹ اور سانگی تھانوں کی حدود میں کارروائیاں کیں

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) سکھر پولیس نے منشیات کے ناسور کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے مختلف تھانوں کی حدود میں کارروائیاں کر کے 3 مبینہ منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضے سے مجموعی طور پر 3470 گرام چرس برآمد کرنے کا دعوی کیا گیا ہے سکھر پولیس ترجمان کے مطابق ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP, QPM کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر اور سماجی برائیوں میں ملوث افراد کے خلاف کریک ڈان جاری ہے۔ پولیس نے بی سیکشن، کینٹ اور سانگی تھانوں کی حدود میں کارروائیاں کیں بی سیکشن پولیس نے اسنیپ چیکنگ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے عبدالوہاب عرف شبوں بندھانی کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 1020 گرام چرس برآمد کرنے کا دعوی کیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے اسی طرح کینٹ پولیس نے دورانِ گشت کارروائی کرتے ہوئے مبینہ منشیات سپلائر محمد یحیی مہر کو گرفتار کیا، جس کے قبضے سے 1200 گرام چرس برآمد کی گئی۔

بدین۔ لاڑ ہومینیٹیرین اینڈ ڈویلپمنٹ پروگرام ایل ایچ ڈی پی کی جانب سے انڈس کنسورشیم اور گرو گرین نیٹ ورک کے تعاون سے بدین میں پبلک فورم 2026 کا انعقاد کے موقع پر مقررین اظہار خیال کررہے ہیں۔

اظہر خان مغل کی ہدایات پر کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اہم اقدامات شروع

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانونی کارروائی اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو اولین ترجیح بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) ایس ایس پی لاڑکانہ اظہر خان مغل کی ہدایات پر کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اہم اقدامات شروع۔ اس حوالے سے ایس ایس پی لاڑکانہ اظہر خان کی خصوصی ہدایات پر ضلع کے مختلف سب ڈویژنز میں ایس ڈی پی اوز کی جانب سے متعلقہ پولیس افسران واہلکاران کے ساتھ اجلاس اور تاجر برادری کے نمائندگان وعہدیداران سے ملاقات کے ساتھ کھلی کچہری کیا انعقاد کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں اے ایس پی رتوڈیرو اور نوڈیرو سید حیدر علی شاہ اور ڈی ایس پی حیدری فراز احمد میتلو نے اپنی اپنی سب ڈویژنز کے ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران، چوکی انچارجز، ہیڈ محررز، ٹریفک سارجنٹس، مددگار 15 انچارجز اور دیگر متعلقہ پولیس افسران سے امپارٹنٹ میٹنگس کر کے علاقے کی مجموعی امن وامان کی صورتحال، جرائم کی روکتھام، پولیسنگ کے امور اور عوامی شکایات کے ازالے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی لاڑکانہ اظہر خان نے پولیس کو احکامات جاری کئے کہ عوام کے ساتھ بہتر رویہ، فوری ریسپانس، موثر گشت، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانونی کارروائی اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو اولین ترجیح بنانے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے،

مقبوضہ جموں وکشمیر میں گجر بکروال خاندان دریاؤں کے کنارے خیموں میں رہنے پر مجبور

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر کے پلوامہ اور شوپیاں اضلاع میں سینکڑوں گجر بکروال خاندان اور مزدور آج بھی دریاؤں کے کنارے عارضی خیموں اور جھونپڑیوں میں انتہائی ناگفتہ بہہ حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، جبکہ انتظامیہ کی جانب سے انہیں متبادل رہائش یا بحالی کی کوئی سہولت فراہم نہیں کی جا رہی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق محمد حسین خان نے پلوامہ کے علاقے کریم آباد میں رومشی نالہ کے کنارے ایک خیمہ نصب کر رکھا ہے

کوئٹہ، پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے زیراہتمام غزہ میں جاری جارحیت کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

صاف توانائی اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے پبلک فورم

درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے متبادل توانائی کے مواقع فراہم کرنے کا مطالبہ۔

بدین (نامہ نگار) لاڑ ہومینیٹیرین اینڈ ڈویلپمنٹ پروگرام ایل ایچ ڈی پی کی جانب سے انڈس کنسورشیم اور گرو گرین نیٹ ورک کے تعاون سے بدین میں پبلک فورم 2026 کا انعقاد کیا گیا، جس کا موضوع درآمدی ایندھن سے چھٹکارا، توانائی کا تحفظ اور صاف ستھری آمدورفت کو یقینی بنانا تھا۔ فورم میں ماحولیاتی تبدیلی، صاف توانائی، درآمدی پٹرول اور دیگر ایندھن پر انحصار کم کرنے، الیکٹرک ٹرانسپورٹ اور ماحول کے تحفظ کے حوالے سے خیالات کا تبادلہ کیا گیا پبلک فورم سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر انوائرنمنٹ عبدالسلام سموں، سینئر صحافی تنویر احمد آرائیں، شفیع محمد جونیجو، ایگزیکٹو ڈائریکٹر ایل ایچ ڈی پی اقبال حیدر شیدی، ایجوکیشن فوکل پرسن محمد خان سموں، سیدہ مکل شاہ، پروگرام مینیجر ایل ایچ ڈی پی ساون خاصخیلی، صنم عباسی، رجسٹرار محتسب اعلی بدین عبدالستار میمن، خادم ٹالپر اور دیگر نے کہا کہ پاکستان کا بڑا زرمبادلہ بیرونِ ملک سے پٹرول اور دیگر ایندھن درآمد کرنے پر خرچ ہو رہا ہے، جس سے ملکی معیشت پر بوجھ پڑنے کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی آلودگی میں بھی اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ صاف اور گرین انرجی کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ فورم مطالبہ کرتا ہے کہ سولر، ونڈ اور دیگر صاف توانائی کے ذرائع کو فروغ دینے کے لیے گرین انرجی پر عائد ٹیکسز میں سہولیات فراہم کی جائیں اور عام لوگوں کے لیے صاف توانائی کو مزید سستا اور آسان بنایا جائے انہوں نے کہا کہ ملک میں ٹرانسپورٹ کے شعبے کو مرحلہ وار الیکٹرک گاڑیوں پر منتقل کرنے کے لیے عوام کو سہولیات، مناسب چارجنگ انفراسٹرکچر اور ترغیبی پالیسیاں فراہم کی جائیں، تاکہ پٹرول اور ڈیزل پر انحصار کم ہونے کے ساتھ فضائی آلودگی میں بھی کمی لائی جا سکے مقررین نے کہا کہ دنیا کے کئی ممالک کوئلے اور دیگر آلودگی پیدا کرنے والے ایندھن کے استعمال میں کمی اور صاف توانائی کی جانب منتقلی کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، جبکہ پاکستان میں بھی ماحول دوست توانائی کے استعمال کو فروغ دینے کے عمل کو تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ سولر انرجی، ونڈ انرجی اور دیگر مقامی وسائل سے استفادہ کرتے ہوئے ملک کی توانائی کی ضروریات پوری کی جا سکتی ہیں انہوں نے مزید کہا کہ موسمیاتی اور ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات بدین ضلع پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ سمندر کے پھیلا، پانی کی قلت اور دیگر ماحولیاتی تبدیلیوں کے باعث ضلع کے کئی دیہات متاثر ہوئے ہیں، جبکہ بعض علاقوں کو زیرِ آب آنے کی صورتحال کا بھی سامنا ہے۔

علی گڑھ میں ایک شخص پر بہیمانہ تشدد، پیشاب پینے پر مجبور کیا گیا

علی گڑھ (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش کے ضلع علی گڑھ میں غیر انسانی سلوک کے ایک ہولناک واقعے میں ایک شخص کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا، اس کے سر کے بال اور داڑھی کا ایک حصہ مونڈ دیا گیا اور درخت سے باندھ کر پیشاب پینے پر مجبور کیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ واقعہ جمعرات کو علی گڑھ سے تقریباً 40 کلومیٹر دور اکراباد تھانے کی حدود میں واقع ایک گاؤں میں پیش آیا، تاہم یہ معاملہ اس وقت سامنے آیا جب حملے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر گردش کرنے لگی۔

جے شری رام کا نعرہ لگانے سے انکار پر مسلمان چچا بھتیجے پر بہیمانہ تشدد، مکان کو نقصان

لکھنؤ (این این آئی) بی جے پی کے زیر اقتدار بھارتی ریاست اتر پردیش کے دارالحکومت لکھنؤ میں ایک مسلمان لڑکے کی جانب سے 'جے شری رام' کا نعرہ لگانے سے انکار پر ہندوانتہا پسندوں نے اسے اور اس کے چچا کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق یہ واقعہ 21 ستمبر کی رات بڑی کالی مندر علاقے میں اس وقت پیش آیا جب ہندوؤں کی جانب سے جاگرن کا اہتمام کیا جارہا تھا۔

کوئٹہ، سیاسی جماعتوں کے رہنما ساجد ترین ایڈووکیٹ ودیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ اوور سائٹ کمیٹی کا اجلاس

ضلع کے مختلف علاقوں میں موجود ایسے اسکولوں کی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا جہاں عمارتوں کی مرمت و بحالی کی ضرورت ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ اوور سائٹ کمیٹی کا اجلاس، خستہ حال اسکولوں کی مرمت و بحالی کا جائزہ - ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ اوور سائٹ کمیٹی (DOC) برائے ریگولر مرمت و بحالی (M&R)، ایجوکیشن ورکس ڈویژن ٹھٹھہ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے مختلف سرکاری اسکولوں کی خستہ حالی، مرمت و بحالی اور طلبہ کو درپیش تعلیمی سہولیات سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایکسین ایجوکیشن ورکس، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پرائمری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع کے مختلف علاقوں میں موجود ایسے اسکولوں کی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا جہاں عمارتوں کی مرمت و بحالی کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے خستہ حال اور متاثرہ اسکولوں سے متعلق تفصیلات اور ضروری مرمتی کاموں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مرمت و بحالی کے متقاضی اسکولوں کو ایجوکیشن ورکس ڈویژن کے ریگولر مرمت و بحالی (M&R) پروگرام میں شامل کرنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے

ملک میں گندم کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر اس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ناگزیر

ملکوآنہ (این این آئی) گندم ہماری خوراک کا بنیادی جزو ہے۔ گندم خوراک کی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ کاشتکاروں کے معاشی استحکام کا باعث بھی بنتی ہے۔ غذائی تحفظ کی ضمانت کے پیش نظر اور مہنگائی خصوصا غذائی اجناس کے بڑھتے ہوئے رجحان کے تناظر میں گندم کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے۔ ملک میں گندم کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر اس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ناگزیر ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب نے بارانی علاقوں کے کاشتکاروں کو گندم کی زیادہ پیداوار کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کاشت کرنے کی ہدایت کی ہے۔

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

Mobile: 0336-6113760

قیمت 20 روپے

بدھ 30 ستمبر 2026، بمطابق 17 ربیع الثانی 1448ھ

اے ڈی بی نے پاکستان کیلئے ایک ہی دن میں 53 کروڑ ڈالر کا قرض منظور

ایشیائی ترقیاتی بینک نے بجلی کے ترسیلی نظام میں بہتری کیلئے 20 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دیدی

لیسکو، میپکو اور سیپکو اپنے ریجنز میں پائیدار توانائی کیلئے موثر کردار ادا کریں گی۔ منصوبے کے تحت 3 لاکھ سے زائد ایڈوانسڈ میٹرنگ انفرا سٹرکچر لگائیں گے

اسلام آباد (اے ایف بی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان میں بجلی کے ترسیلی نظام میں بہتری کیلئے 20 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ اے ڈی بی کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق قرض کی رقم بجلی کی تقسیم کے نظام میں جدت کیلئے استعمال ہوگی، تقسیم کار کمپنیوں کی پائیدار بجلی فراہم کرنے کی استعداد میں اضافہ ہوگا، ابتدائی مرحلے میں تین بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کو تعاون فراہم کیا جائے گا، لیسکو، میپکو اور سیپکو اپنے ریجنز میں پائیدار توانائی کیلئے موثر کردار ادا کریں گی۔ منصوبے کے تحت 3 لاکھ سے زائد ایڈوانسڈ میٹرنگ انفرا سٹرکچر لگائیں گے، ڈیٹا مینجمنٹ اور کمیونیکیشن سسٹمز کی تنصیب بھی منصوبے کا حصہ ہے، منصوبے کے تحت ساڑھے 15 ہزار سے زائد آن لائن ٹرانسفارمرز پر مانیٹرنگ سسٹمز لگیں گے، سسٹم لاہور، ملتان اور سکھر الیکٹرک سپلائی کمپنیز میں نصب کیے جائیں گے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ سیپکو کے 4 گرڈ سٹیشنز کا وولٹیج 66 کے وی سے 132 کے وی کیا جائے گا، ترسیلی نظام میں نقصانات کم اور بجلی کی طلب پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ لیسکو میں کم از کم 25 گرڈ سٹیشن تعمیر اور جدید بنائے جائیں گے، ان گرڈ سٹیشنز میں اہم اور جدید آلات بھی فراہم کئے جائیں گے، زیادہ نقصانات والے 11 کے وی فیڈرز کو جدید کیبلز سے تبدیل کیا جائے گا، اس کے علاوہ نقصانات والے فیڈر لائنز کی ترتیب بھی بہتر کی جائے گی، اقدامات بجلی کے شعبے کے مالی نقصانات کم کرنے میں بھی معاون ہوں گے۔ ترسیلی نظام مضبوط بنانے کا مقصد بجلی کی بڑھتی طلب پوری کرنا ہے، ترسیلی نظام کو اپ گریڈ اور جدید بنانا بھی منصوبے کا اہم مقصد ہے۔ واضح رہے کہ چندروز قبل اے ڈی بی نے پاکستان کو 8 کروڑ 62 لاکھ ڈالر ترقیاتی قرض فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستانی معیشت میں نمایاں بہتری کا اعتراف کرتے ہوئے رواں مالی سال کے دوران پاکستان کی معاشی ترقی کی رفتار 3 فیصد تک پہنچنے کی پیشگوئی کی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایشیائی ترقیاتی بینک نے ایشیا ڈیولپمنٹ آؤٹ لیک رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق رواں مالی سال کے دوران پاکستان کی معاشی ترقی کی رفتار 3 فیصد تک پہنچنے کی پیش گوئی کی گئی ہے، ستمبر میں شرح نمو کا تخمینہ 3.6 فیصد ہدف کے مقابلے 2.8 فیصد لگایا گیا تھا۔ رپورٹ کے مطابق عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے نئے قرض پروگرام کی منظوری کے بعد پاکستان میں میکرو اکنامک استحکام آیا، پاکستان میں مہنگائی میں توقعات سے زیادہ تیزی سے کمی آئی ہے، نومبر میں مہنگائی ساڑھے چھ سال کی کم ترین سطح 4.9 فیصد پر آگئی جبکہ رواں مالی سال مہنگائی کی شرح 15 فیصد کے بجائے 10 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے۔ اے ڈی بی رپورٹ کے مطابق درآمدی پابندیاں ختم ہونے سے صنعتی شعبہ رفتار پکڑے گا، پالیسی ریٹ میں کمی سے معاشی سرگرمیوں میں بھی تیزی آنی چاہیے، سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ، زرمبادلہ ذخائر تک رسائی آسان ہوگی۔ آؤٹ لیک رپورٹ میں کہا گیا کہ حالیہ شدید مون سون بارشوں سے زرعی شعبے کی پیداوار کمزور رہے گی، دو بڑی فصلوں گندم اور کپاس کی پیداوار کم رہنے کا خدشہ ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک نے سری لنکا کی معاشی ترقی میں بھی بہتری کی پیش گوئی کر دی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے

عمران خان جیل میں بیٹھ کر پانچ سال انتظار کریں،، طاہرہ اورنگزیب

ڈی چوک میں پی ٹی آئی قائدین علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی نے عوام کو دھوکہ دیا

اسلام آباد (اے ایف بی) مسلم لیگ ن کی مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب نے کہا ہے کہ ڈی چوک میں پی ٹی آئی قائدین علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی نے عوام کو دھوکہ دیا، سول نافرمانی کی تحریک میں بھی لوگوں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا نواز شریف کے پاس پارلیمنٹ میں دو تہائی اکثریت موجود ہے۔

وفاقی وزیر نواب جام کمال خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امریکہ اور ایران دونوں جنگ جاری رکھنا نہیں چاہتے، سردار مسعود

صدر ٹرمپ نے عندیہ دیا ہے کہ کسی ممکنہ معاہدے کو امریکہ میں وسط مدتی انتخابات کے بعد حتمی شکل دی جائے گی

مذاکرات کو وقت حاصل کرنے کی کوشش کے طور پر نہیں دیکھنا چاہیے، کیونکہ دونوں فریقوں کو جنگ کے خاتمہ کے لئے دباؤ کا سامنا ہے

اسلام آباد (بولان بیورو) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران دونوں جنگ جاری رکھنے کے خواہشمند نہیں اور مذاکرات کے ذریعے تنازعہ کے حل کے لئے جاری سفارتی کوششیں تنازعہ کے حل کا اہم موقع فراہم کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے تیل کے ٹینکرز کی نقل و حمل سے متعلق امریکہ کے بعض دعوؤں کو مسترد کیا ہے، تاہم اس نے مذاکرات جاری رکھنے سے انکار نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ قطر اس سفارتی عمل میں فعال کردار ادا کر رہا ہے جبکہ ایران کی جانب سے پیش کی گئی تجویز میں بعض ترامیم کے بعد آنے والے دنوں میں دوبارہ غور متوقع ہے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ مذاکرات کو محض وقت حاصل کرنے کی کوشش کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے، کیونکہ واشنگٹن اور تہران دونوں کو دباؤ کا سامنا ہے اور دونوں کے پاس تنازعہ ختم کرنے کی وجوہات موجود ہیں۔ ان کے مطابق صدر ٹرمپ نے عندیہ دیا ہے کہ کسی ممکنہ معاہدے کو امریکہ میں وسط مدتی انتخابات کے بعد حتمی شکل دی جائے گی، تاہم اس حوالے سے تیاریوں کا عمل پہلے ہی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات میں سب سے مشکل معاملات ایران کی جانب سے مطلوب معاشی ریلیف سے متعلق ہوں گے، جن میں منجمد ایرانی اثاثوں کی بحالی اور اقتصادی پابندیوں کا خاتمہ شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ بعض معاملات میں براہِ راست رعایتیں دینے کے بجائے قطر جیسے ثالثوں کے ذریعے مسائل حل کرنے کی کوشش کر سکتا ہے۔ امریکی بحری ناکہ بندی اور ایران پر وسیع تر معاشی دباؤ کا ذکر کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ واشنگٹن کثیرالجہتی دباؤ کی حکمت عملی اختیار کیے ہوئے ہے۔ بحری اقدامات کے علاوہ ایران کو عالمی مالیاتی نظام، ہوا بازی اور دیگر اقتصادی ذرائع تک رسائی محدود کرنے کے لیے مسلسل پابندیاں عائد کی جا رہی ہیں، جن کے ایرانی معیشت اور عوام کی فلاح و بہبود پر نمایاں منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

عمران خان ڈیل کی بجائے موت کو ترجیح دے گا،، زرتاج گل

حکومت سول نافرمانی تحریک سے قبل مذاکرات کو سنجیدہ لے، نو مئی اور 26 نومبر کو قتل عام پر عمران خان نے کہا ہے جوڈیشل کمیشن بنایا جائے

اسلام آباد (اے ایف بی) پی ٹی آئی کی رکن قومی اسمبلی اور پارلیمانی لیڈر زرتاج گل نے کہا ہے کہ حکومت کو یہ بات سمجھ آگئی ہے بندوق اور طاقت سے تحریک انصاف نہیں جھکے گی۔ حکومت سول نافرمانی تحریک سے قبل مذاکرات کو سنجیدہ لے، نو مئی اور 26 نومبر کو ہونے والے قتل عام پر عمران خان نے کہا ہے کہ جوڈیشل کمیشن بنایا جائے، عمران خان ڈیل کی بجائے موت کو ترجیح دے گا۔ عمران خان کو کچھ ہوا تو مشرقی پاکستان سے بھی بدتر حالات ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی حکومت کو سازش کے تحت گرایا گیا۔ ہمارے پاس ایوان میں دو تہائی اکثریت تھی۔ اٹھ فروری کے انتخابات کو چوری کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 26 نومبر کو پرامن احتجاجی مظاہرین پر جدید ترین اسلحہ سے فائرنگ کی گئی اور ہمارے 12 کارکن شہید ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان اور وزیر اعلی خیبر پختونخواہ علی امین گنڈاپور کو سیاسی کمیٹی میں مذاکرات کا انچارج بنایا ہے۔ حکومت کی جانب سے سپیکر نے جو کمیٹی بنائی ہے ابھی تک سنجیدگی کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ پارلیمنٹ کے اندر خواجہ اصف کے بیانات سے متعلق انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ یہ شعبدہ بازی کر رہا ہے

سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی میں پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق سے وفد ملاقات کر رہا ہے

دہرے ٹیکس معاہدوں کی متوازن تشریح کی جائے، سپریم کورٹ

نظر ثانی کی درخواست جسٹس سید منصور علی شاہ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت کی

اسلام آباد (اے ایف بی) سپریم کورٹ نے ٹیکس تنازع پر نظرثانی کیس کے فیصلے میں قرار دیا ہے کہ دہرے ٹیکسوں کے معاہدوں کی اس طرح سے متوازن تشریح کی جائے جس سے معاشی نمو کے تقاضوں کے ساتھ ساتھ ٹیکس بیس کو بھی تحفظ حاصل ہو سکے۔ ڈبل ٹیکسیشن کے معاہدے بین الاقوامی اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم فریم ورک فراہم کرتے ہیں جس کا مقصد ممالک میں سرمایہ کاری میں آسانیاں میسر آنا اور دہرے ٹیکس سے بچنا ہے جو عالمی تجارت میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ فیصلے میں جرمن ٹیکس ماہر کلاس واجل کا حوالہ دیا گیا جو اس بات پر زور دیتا ہے کہ یہ معاہدے قوموں کے درمیان پل کے طور پر کام کرتے ہیں، ان بین الاقوامی معاہدوں کا مقصد ٹیکس تنازعات کو روکنے کے ساتھ ساتھ اقتصادی تعاون کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ ان معاہدوں کی سختی سے تشریح نہیں کی جانی چاہئے بلکہ ان سے عالمی سطح پر مساوی معاشی ترقی کے وسیع تر مقصد کی عکاسی ہونی چاہیے۔ 8 صفحات پر مشتمل نظر ثانی فیصلہ تین رکنی بنچ کے سربراہ جسٹس سید منصور علی شاہ نے تحریر کیا۔ عدالت نے جسٹس ریٹائرڈ قاضی فائز عیسی کے تحریر کردہ فیصلے کو کالعدم قرار دیتے ہوئے کمپنی کی اپیلیں منظور کر لیں، سابق چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے فیصلے کی توثیق کی تھی جبکہ اصل کیس میں جسٹس منصور شاہ کا اقلیتی فیصلہ تھا۔

سول نافرمانی کی کال مکمل فلاپ ہوگی، حکومت کو بلیک میل نہیں کیا جا سکتا، شائستہ جدون

اوورسیز پاکستانی محبِّ وطن ہیں، اپنے ماں باپ اور بچوں سے دھوکہ نہیں کر سکتے، لیگی ایم این اے

اسلام آباد (اے ایف بی) مسلم لیگ ن کی مرکزی رہنما ممبر قومی اسمبلی شائستہ جدون نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی محب وطن ہیں وہ پاکستان میں اپنے ماں باپ اور بچوں سے دھوکہ نہیں کر سکتے، سول نافرمانی کی کال مکمل طور پر فلاپ ہوگی۔ حکومت حکومت کو سول نافرمانی کی تحریک کا نعرہ لگا کر بلیک میل نہیں کیا جا سکتا۔ وہ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف شروع دن سے ہی مذاکرات کی بات کر رہے ہیں۔ مسلم لیگ ن کی حکومت کو ایک سال پورا ہونے کو ہے۔ ہم اپنی آئینی مدت پانچ سال پوری کریں گے۔ 26 ویں آئینی ترمیم نے ہمیں یہ حق دیا ہے کہ ہم پانچ سالہ مدت پوری کریں کیونکہ اتحادی جماعتوں نے ثابت کر دیا ہے

فیصل آباد، ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر درخواست گزاروں کے مختلف محکموں سے متعلقہ مسائل سن رہے ہیں

شام پر اسرائیل کے سیکڑوں حملے، فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا

روس نے اسرائیلی حملوں کو شام اسرائیل امن معاہدے کی خلاف ورزی قرار دیا

دمشق، ماسکو (اے ایف بی) اسرائیل کی جانب سے شام پر حملے جاری ہیں جس میں شامی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسرائیلی جنگی طیاروں نے شام میں فضائی کارروائی تیز کرتے ہوئے گزشتہ 48 گھنٹوں میں اسٹریٹیجک فوجی اہداف پر 480 حملے کیے۔ رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیل نے زیر قبضہ گولان کی پہاڑیوں کے مشرق میں ایک بفر زون میں فوج بھیج دی ہے جس نے 70 سے 80 فیصد شام کے اسٹریٹیجک فوجی اثاثوں کو تباہ کر دیا ہے۔

روسی صدر پیوٹن نے بشار الاسد کو محفوظ طریقے سے ماسکو منتقل کرنے کے آپریشن کی منظوری دی، اسرائیلی اخبار

ماسکو کی جانب سے بشار الاسد کو بتایا گیا کہ وہ جنگ ہار چکے ہیں، دمشق کی جانب باغیوں کی پیش قدمی پر روس نے بشار الاسد کو شام فوری چھوڑنے کا مشورہ دیا، رپورٹ

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی اخبار نے دعوی کیا ہے کہ معزول شامی صدر بشار الاسد کی دمشق سے ماسکو ہنگامی روانگی کا اہتمام روس کی انٹیلی جنس نے کیا تھا چندروز قبل شام کے سابق صدر بشار الاسد باغی افواج کی پیش قدمی کے سبب دمشق سے طیارے میں فرار ہو کر روس چلے گئے تھے . اسرائیلی جریدے نے ذرائع کے حوالے سے رپورٹ میں دعوی کیا ہے کہ روس کی جانب سے بشار الاسد کو بتایا گیا کہ وہ جنگ ہار چکے ہیں، دمشق کی جانب باغیوں کی پیش قدمی پر روس نے بشار الاسد کو شام فوری چھوڑنے کا مشورہ دیا روس کے صدر ولادمیر پیوٹن نے بشار الاسد کو محفوظ طریقے سے ماسکو منتقل کرنے کے آپریشن کی منظوری دی بشار الاسد سے کہا گیا کہ وہ اپنے قریبی رفقا کو اطلاع دیے بغیر ماسکو کے لیے روانہ ہو جائیں،

لوکل گورننس اور دیہی ترقی کیلئے چین کے تجربات سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں، مریم نواز

مریم نواز کی پاک چین تعلقات کے فروغ کیلئے جڑواں شہروں اور صوبوں کی تجویز، پنجاب میں چینی سرمایہ کاری کیلئے بھرپور تعاون کی پیشکش

ماحولیاتی بہتری، بائیوڈائیورسٹی، انسداد سموگ، جنگلی حیات اور شجرکاری کے فروغ اور تحفظ کیلئے مل کر کام کرنے اور بیجنگ پنجاب کلین ایئر ورکنگ گروپ بنانے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا دورہ چین کا دوسرا روز بھی مصروفیت سے بھرپور رہا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے چینی وزرا سے ملاقاتیں کیں اور کمیونسٹ پارٹی کے ظہرانے میں شریک ہوئیں۔ ملاقات میں ماحولیاتی بہتری، بائیوڈائیورسٹی، انسداد سموگ، جنگلی حیات اور شجرکاری کے فروغ اور تحفظ کیلئے مل کر کام کرنے اور بیجنگ پنجاب کلین ایئر ورکنگ گروپ بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس امر پر بھی اتفاق ہوا کہ چین کے تعاون سے ایڈوانس ایئر کوالٹی مینجمنٹ سسٹم بنایا جائیگا، ماحول دوست مشینری، توانائی، ای ٹرانسپورٹ اور ہائیڈرو پاور کے حوالے سے بھی مدد کریگا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پاک چین تعلقات کے فروغ کیلئے جڑواں شہروں اور صوبوں کی تجویز پیش کر دی اور پنجاب میں چینی سرمایہ کاری کیلئے بھرپور تعاون کی پیشکش کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کیا۔ بیجنگ میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف سے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے منسٹر لیو جیان چاؤ (Liu Jianchao) نے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پرتپاک خیر مقدم کرنے پر منسٹر لیو جیان چاؤ کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی دور اندیش قیادت کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے منسٹر لیو جیان چاؤ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چین کی وژنری لیڈر شپ نے چین کو عالمی طاقت کے طور پر ابھرنے میں رہنمائی فراہم کی۔ پاک چین تعلقات کے فروغ میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ چین پاکستان کمیونٹی کی تشکیل میں عوامی سطح پر بڑھتے ہوئے رابطے اہم کردار ادا کر رہے ہیں

کشمیری عوام کو حق خودارادیت کے حصول کے لئے بھارت سے ہر محاذ پر لڑنا پڑیگا، نذیر گیلانی

مسئلہ کشمیر کا اُلجھاؤ اور طویل ہو جانا جنوبی ایشیا کے لئے مستقل دردِ سر ہے۔ اقوام متحدہ اس مسئلے کو اونرشپ دے کر آگے بڑھنے کا سامان کرے

راولپنڈی (اے ایف بی) جموں کشمیر کونسل برائے انسانی حقوق کے صدر ڈاکٹر سید نذیر گیلانی نے کہا ہے کہ کشمیری عوام کو حق خودارادیت کے حصول کے لئے بھارت سے ہر محاذ پر لڑنا پڑیگا، کشمیری حق پر ہیں اور دنیا کو یہ ماننا ہوگا۔ مسئلہ کشمیر کا اُلجھاؤ اور طویل ہو جانا جنوبی ایشیا کے لئے مستقل دردِ سر ہے۔ اقوام متحدہ اس مسئلے کو اونرشپ دے کر آگے بڑھنے کا سامان کرے، اگر کشمیر کیس کو منظم انداز میں عالمی اداروں میں پیش کیا جائے تو پانچ اگست کا اقدام بھارت کے گلے پڑ سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صدر کشمیر جرنلسٹس فورم راولپنڈی اسلام آباد خاور نواز راجہ کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سینئر نائب صدر راجہ ماجد افسر، جنرل سیکرٹری عقیل انجم، سیکرٹری اطلاعات محمد اقبال اعوان، ڈپٹی آرگنائزر طلحہ جاوید، ممبران علی حسنین نقوی، اخلاق خان، سیکرٹری اطلاعات آل کشمیر نیوز پیپرز سوسائٹی نثار کیانی بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر سید نذیر گیلانی نے وفد کو بتایا کہ جموں وکشمیر کونسل برائے انسانی حقوق تین دہائیوں سے زیادہ عرصے اقوام متحدہ اور حقوق انسانی کے عالمی کمیشن میں کشمیر میں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ کشمیر کے مسئلے کی قانونی بنیادوں کا مقدمہ بھی پیش کرتی چلی آرہی ہے۔

اقوام متحدہ نے ایک مرتبہ پھر غزہ میں فوری غیر مشروط جنگ بندی کی قرارداد منظور کر لی

نیویارک (اے ایف بی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں ایک مرتبہ پھر غزہ میں فوری غیر مشروط جنگ بندی کی قرارداد منظور کر لی گئی۔ جنرل اسمبلی میں پاس کی گئی قرارداد میں اسرائیل اور حماس سے تمام یرغمالیوں کی رہائی کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ غزہ جنگ بندی قرارداد کی منظوری کیلئے 193 میں سے 158 ووٹ پڑے، امریکا، اسرائیل اور دیگر سات ملکوں نے قرارداد کے خلاف ووٹ دیا جبکہ 13 غیر حاضر رہے۔ جنرل اسمبلی اجلاس میں امدادی ایجنسی انروا کے حق میں بھی قرارداد منظور کی گئی جس کے حق میں 159 ووٹ جبکہ 99 ووٹ مخالفت میں ڈالے گئے

بزنس کمیونٹی پیسہ کمائے گی تو حکومت کو بھی ریونیو آئے گا، مراد علی شاہ

روزمرہ کی زندگی میں حقوق العباد پر عمل کرنا ہی دراصل انسانی حقوق ہیں، وزیراعلی سندھ

اسرائیلی اور بھارتی مظالم سے بے گناہ انسانوں کو تحفظ دلایا جائے، مراد علی شاہ کی عالمی برادری سے اپیل

کراچی (این این آئی) وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ روزمرہ کی زندگی میں حقوق العباد پر عمل کرنا ہی انسانی حقوق ہیں۔ فلسطین اور کشمیر میں اسرائیل اور بھارت انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیاں کر رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے انسانی حقوق کے عالمی دن کی مناسبت سے وزیراعلی ہاس سے اپنے جاری کردہ پیغام میں کہی۔ وزیراعلی سندھ نے کہا کہ انسانی حقوق کا عالمی دن ہر سال 10 دسمبر کو دنیا بھر میں منایا جاتا ہے، اس سال 2024 ہمارے حقوق، ہمارا مستقبل، ابھی کے عنوان سے منایا جا رہا ہے۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ روزمرہ کی زندگی میں حقوق العباد پر عمل کرنا ہی دراصل انسانی حقوق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق پر امن، انصاف پسند اور جامع معاشروں کی بنیاد ہیں اور اظہار آزادی، تعلیم اور صحت کی رسائی انسانی حقوق کی اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ حکومت بلا تفریق انسانی حقوق کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے۔ انسانی حقوق کو یقینی بنانے کے لیے ایک منصفانہ سماج کا قیام لازمی ہے اور سندھ سمیت پاکستان میں تمام شہریوں کو یکساں حقوق حاصل ہیں۔ وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے گورنر ہاؤس لاہور میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر و ریجنل چیئرمین ذکی اعجاز، نائب صدر و ریجنل چیئرمین سندھ ساؤتھ عبدالموہمن و دیگر وفد سے ملاقات کے موقع پر کہا کہ انڈسٹری کا فروغ ہمارا مقصد ہونا چاہیے، بزنس کمیونٹی پیسہ کمائے گی تو حکومت کو بھی ریونیو آئے گا۔ اگر صنعتکاروں کو مفت زمین دی جائے تو صنعتکاری میں اضافہ ہوگا۔ سندھ حکومت بزنس کمیونٹی کو سپورٹ کرتی ہے، ایف پی سی سی آئی آفس میں آ کر بزنس کمیونٹی کو یقین دہانی کراں گا کہ آپ کام کریں سندھ حکومت آپ کو سپورٹ کرے گی۔

پی ٹی آئی اور حکومت میں مذاکرات کا عمل خوش آئند اقدام ہے، مرزا اختیار بیگ

پاکستان کو گھمبیر صورتحال سے نکالنا صرف مذاکرات سے ہی ممکن ہے، پاکستان سیاست اور اسٹیبلشمنٹ ایک ساتھ ہی چلیں گے

اسلام آباد (اے ایف بی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے مرکزی رہنما مرزا اختیار بیگ نے کہا ہے آٹھ فروری کو ہونے والے عام انتخابات کے بعد صدر مملکت آصف علی زرداری نے سب سے پہلے حکومت بنانے کی دعوت تحریک انصاف کو دی تھی جس کو انہوں نے مسترد کر دیا تھا، دوبارہ مذاکرات کا عمل شروع ہونا خوش آئند اقدام ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی جانب سے حکومت کو ایک مرتبہ مذاکرات کی دعوت دینا خوش آئند اقدام ہے۔

ایف بی آئی ڈائریکٹر کا ٹرمپ کے عہدہ سنبھالنے سے قبل ہی مستعفی ہونے کا اعلان

واشنگٹن (اے ایف بی) امریکی تحقیقاتی ادارے (ایف بی آئی) کے ڈائریکٹر کرسٹوفر رے نے ڈونلڈ ٹرمپ کے عہدہ سنبھالنے سے قبل ہی مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق کرسٹوفر رے نے ایف بی آئی کے اندرونی اجلاس میں اپنے عہدے سے دستبرداری کا اعلان کیا۔

ٹیلینٹ ایوارڈ تقریب، گکھڑ فیڈریشن جہلم ویلی کی رابطہ مہم مکمل

سالانہ 21 واں گکھڑ ٹیلینٹ ایوارڈ، تقریب 15 دسمبر کو راولپنڈی میں منعقد ہوگی

مظفر آباد (اے ایف بی) سالانہ 21 واں گکھڑ ٹیلینٹ ایوارڈ، تیاریاں جاری، تقریب 15 دسمبر کو راولپنڈی میں منعقد ہوگی، گکھڑ فیڈریشن جہلم ویلی آزاد کشمیر کی رابطہ مہم مکمل، بڑا قافلہ تقریب میں شرکت کرے گا، تفصیلات کے مطابق پاکستان گکھڑ فیڈریشن کے زیر اہتمام 21 ویں سالانہ گکھڑ ٹیلینٹ ایوارڈ کی تقریب 15 دسمبر بروز اتوار آرٹ کونسل ہال مری روڈ راولپنڈی میں منعقد ہوگی تقریب میں اس سال میٹرک، انٹر میڈیٹ، ڈی اے ای اور گریجویشن کے پوزیشن ہولڈرز اور ہونہار طلباء و طالبات کو نقد انعامات، شیلڈز اور اعزازی سرٹیفکیٹ سے نوازا جائے

نواز شریف، آصف زرداری کیخلاف توشہ خانہ گاڑیوں کا ریفرنس سپیشل جج سینٹرل کو بھیجنے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے ایف بی) احتساب عدالت اسلام آباد کی جج عابدہ سجاد نے نواز شریف اور صدر آصف زرداری کیخلاف توشہ خانہ گاڑیوں کا ریفرنس سپیشل جج سینٹرل کو بھیجنے کا فیصلہ دے دیا۔ احتساب عدالت نمبر 3 کی جج عابدہ سجاد نے محفوظ شدہ فیصلہ سنایا،

پنجاب میں پیپلز پارٹی کی طاقت، کھویا ہوا مقام اور وقار دوبارہ بحال کریں گے، سردار سلیم حیدر خان

چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نوجوانوں کے حقیقی معنوں میں لیڈر ہیں

گورنر پنجاب سلیم حیدر سے وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، دیگر معاملات پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے ملاقات کی۔ گورنر پنجاب اور پیپلز پارٹی پنجاب کی قیادت نے وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ کی آمد پر ان کا پرجوش استقبال کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت بین الصوبائی روابط بڑھانے اور دیگر معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں گزشتہ روز ہونے والی) ن (لیگ اور پیپلز پارٹی کی پاور شیرنگ کی میٹنگ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو پی پی سے کیے گئے وعدے پورے کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لئے اتحاد اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس لاہور میں 24 دسمبر کو ہوگا، امید ہے اس کے بعد معاملات مذید بہتری کی طرف جائیں گے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ پنجاب میں پیپلز پارٹی کی طاقت، کھویا ہوا مقام اور وقار دوبارہ بحال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نوجوانوں کے حقیقی معنوں میں لیڈر ہیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ ملک میں سیاسی اور معاشی استحکام کے لیے نوجوان قیادت کو آگے لانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ انشا اللہ بلاول بھٹو زرداری کو ملک کا اگلا وزیراعظم بنائیں گے۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شہید ہونے جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ گورنر پنجاب کی قیادت میں پیپلز پارٹی کو پنجاب میں مستحکم، پرجوش، متحرک اور متحد دیکھ کر خوشی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ وزیراعلی نے کہا کہ پیپلز پارٹی شہدا کی پارٹی ہے۔

بھارت مقبوضہ کشمیر میں عملی طور پر کشمیر میں عوام سے شکست کھا چکا ہے راجہ محمد سجاد خان

بھارت کی طرف سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کا خاتمہ نہ صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں بلکہ خود بھارتی آئین کی بھی خلاف ورزی ہے

مظفر آباد (اے ایف بی) پی آئی ڈی) ڈائریکٹر کشمیر پالیسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ڈاکٹر راجہ محمد سجاد خان نے کہا ہے کہ کشمیر بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ مسئلہ ہے۔ اقوام متحدہ نے کشمیریوں کے حق کو دارادیت کو تسلیم کر رکھا ہے۔ بھارت کی طرف سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کا خاتمہ نہ صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں بلکہ خود بھارتی آئین کی بھی خلاف ورزی ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری جدوجہد آزادی اس بات کا ثبوت ہے کہ کشمیری بھارتی آئین کو تسلیم نہیں کرتے۔ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی حق خودارادیت کے حصول کے لئے ہے۔ سات دھائیوں سے کشمیریوں نے بھارت کے جابرانہ قبضے کو تسلیم نہیں کیا۔ بھارت کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو دبانے کے لئے فوجی طاقت کا وحشیانہ استعمال کر رہا ہے اور انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں میں ملوث ہے۔ بھارت عملی طور پر کشمیر میں عوام سے شکست کھا چکا ہے اور اب مذموم مقاصد کے لئے مقبوضہ جموں و کشمیر کی ڈیموگرافی تبدیل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ پاکستان دنیا میں کشمیریوں کا واحد وکیل ہے۔ پاکستان کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت کر رہا ہے۔ 1947 کے بعد سے آزاد کشمیر میں مقبوضہ جموں و کشمیر کے مقابلے میں بے پناہ ترقی ہوئی ہے۔ آزاد کشمیر سے متعلق بھارت منفی پراپیگنڈہ کر رہا ہے

مظفر آباد، سکول کا جونیئر کلرک طلباء کے فیسیں ہڑپ کرنے کے الزام میں گرفتار

مظفر آباد (اے ایف بی) مظفر آباد محکمہ اینٹی کرپشن کی کارروائی جونیئر کلرک گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چکار عابد رشید سرکاری رقوم کی خرد برد پر گرفتار، عابد رشید ایک عرصہ سے سکول کے بچوں سے فیسیں وصول کر کے سرکاری خزانہ میں جمع کروانے کے بجائے خود ہڑپ کر رہا تھا۔ نو تعینات پرنسپل نے چارج لیتے وقت سرکاری رقوم میں خرد برد کا انکشاف ہونے پر معاملہ اینٹی کرپشن کے سپرد کیا تھا اینٹی کرپشن کی انکوائری میں خرد برد ثابت ہونے پر مقدمہ درج کیا گیا جس کے بعد عابد رشید جونیئر کلرک کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ تفتیش رواں کر دی گئی ہے

سیاسی جماعتوں میں اتنے اختلافات اور دوریاں پیدا کی گئیں وہ آپس میں بیٹھنے کیلئے تیار نہیں، علی امین گنڈاپور

خیبر پختونخوا میں 800 میگاواٹ پن بجلی منصوبوں پر کام جاری ہے، پن بجلی کی استعداد کے موثر استعمال کیلئے صوبائی حکومت اپنی ٹرانسمیشن لائن بچھا رہی ہے

اقدام سے نچلی سطح پر سروس ڈیلیوری میں بہتری آئیگی، 90 فیصد انتظامی مسائل مقامی سطح پر حل ہوں گے، وزیراعلی کی ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے وفد سے گفتگو

پشاور (انٹرنیوز) وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے انتظامی معاملات موثر طریقے سے چلانے کیلئے صوبے، انتظامی یونٹس کے چھوٹے ہونے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اقدام سے نچلی سطح پر سروس ڈیلیوری میں خاطر خواہ بہتری آئے گی، 90 فیصد انتظامی مسائل مقامی سطح پر حل ہوں گے۔ منگل کو وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے ینگ پارلیمنٹیرینز فورم کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی جس میں ملکی سیاسی صورتحال اور قومی مفاد کے مختلف امور پر تبادلہ خیال جبکہ ملک میں امن، ترقی اور بہتر سیاسی ماحول کیلئے مل جل کر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وفد سے گفتگو میں وزیراعلی علی امین نے کہا کہ ملک میں صوبوں اور دیگر انتظامی یونٹس کے حجم کا بڑا ہونا ایک مسئلہ ہے، انتظامی معاملات بہتر اور موثر انداز میں چلانے کیلئے صوبے اور انتظامی یونٹس چھوٹے ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے اور انتظامی یونٹس چھوٹے ہونے سے نچلی سطح پر سروس ڈیلیوری میں خاطر خواہ بہتری آئے گی اور 90 فیصد انتظامی مسائل مقامی سطح پر حل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں 800 میگاواٹ پن بجلی منصوبوں پر کام جاری ہے، پن بجلی کی استعداد کے موثر استعمال کیلئے صوبائی حکومت اپنی ٹرانسمیشن لائن بچھا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دہشت گردی کیخلاف جنگ میں صوبے خصوصاً ضم اضلاع کے عوام نے بے انتہاء قربانیاں دی ہیں، وار آن ٹیرر اور ضم اضلاع کے انفراسٹرکچر کی بحالی کیلئے وفاق سے کم شیئرز مل رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اداروں کو مالی طور پر مستحکم کرنے کیلئے صوبائی حکومت نے 50 ارب کی لاگت سے ڈیبٹ مینجمنٹ فنڈ قائم کیا ہے۔ اس موقع پر وفد نے بہتر طرز حکمرانی یقینی بنانے اور دہشت گردی سدباب کیلئے وزیر اعلی کے اقدامات کی تعریف کی۔

ڈونلڈ ٹرمپ کی چینی صدر کو حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی دعوت

نو منتخب امریکی صدر کی تقریب حلف برداری 20 جنوری 2025 کو ہوگی

واشنگٹن (اے ایف بی) امریکا کے نو منتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چینی صدر شی جن پنگ کو آئندہ ماہ اپنی حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی دعوت دیدی۔ امریکی میڈیا کے مطابق نو منتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی واشنگٹن میں 20 جنوری کو منعقد ہونے والی تقریب حلف برداری کا دعوت نامہ نومبر کے اوائل میں چینی صدر شی جن پنگ کے لیے بھیجا گیا تھا تاہم یہ واضح نہیں ہو سکا کہ آیا اسے قبول کیا گیا یا نہیں۔ واشنگٹن میں چینی سفارت خانے نے فوری طور پر تبصرے کی درخواست کا جواب نہیں دیا۔

دارالحکومت کے سرکاری دفاتر کے باہر بھکاریوں نے ڈیرے ڈال لیے، لوگوں کو مشکلات کا سامنا

مظفر آباد (اے ایف بی) دارالحکومت مظفر آباد کے سرکاری دفاتر کے باہر بھکاریوں نے ڈیرے ڈال لیے، نیو سیکرٹریٹ اور اولڈ سیکرٹریٹ میں سرکاری دفاتر کھلتے ہی نوجوان خواتین، بچوں اور بزرگ بھکاریوں کی بڑی تعداد اُمڈ آتی ہے جس سے ملازمین کو سرکاری امور کی انجام دہی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جب کہ کام کاج کی غرض سے آنے والے سائلین کیلئے بھی بھکاریوں کی جوق در جوق آمد تکلیف کا باعث ثابت ہو رہی

پشتونوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک بند نہ ہوئی

حالات کے ذمہ دار اشرافیہ خود ہوگی محکوم و مظلوم عوام پر عرصہ حیات تنگ کرنے کا احساب دینا ہوگا، احمد خان

کوئٹہ (جی این ایم) افغان قومی مومنٹ کے سربراہ احمد خان نے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک بند نہ ہوئی تو حالات کے ذمہ دار اشرافیہ خود ہوگی محکوم و مظلوم عوام پر عرصہ حیات تنگ کرنے کا احساب دینا ہوگا بد قسمتی سے ریاست خود اپنی عوام پر عرصہ حیات تنگ کر کے سیول نافرمانی کیلئے عوام کو مجبور کر رہی ہے ملک کا باشندہ ہی نہیں تصور کرتیں لغڑیوں کی حالیہ خون ریزی پشتونوں کے ساتھ روا رکھنے والی ظلم و بربریت کی ایک زندہ مثال ہے چمن میں اۓ روز پشتون تنگ دست و کاروبار سے محروم رکھنے والی پرامن عوام پر زور زبردستی ناروا فیصلے مسلط کرنے اور وحشی حربوں کے ذریعے کاروبار کے دروازے بند کرانے اور پشتونوں کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کے گناونی سازش کے خاتمے میں ریاست بری طرح ناکام ہو چکی ہے بیان میں اشرافیہ سے پر زور مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیورنڈ لائین پر کاروبار کے دروازے عوام کیلئے سابقہ ادوار کی طرح کھول کر پاسپورٹ نفاذ کا فیصلہ واپس لیکر ملک کے تمام شہروں میں پشتونوں کے ساتھ ظلم وزیادتی اور سوتیلی ماں جیسا سلوک بند کیا جاۓ

ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کی گریڈ 21 میں ترقی

لاہور (اے ایف بی) ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کو گریڈ 21 میں ترقی دے دی گئی۔ چیئرمین نیب کی سربراہی میں سلیکشن بورڈ کا اجلاس ہوا، ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کی بہترین کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں گریڈ اکیس میں ترقی دینے کی منظوری دی گئی۔ ڈی جی نیب لاہور امجد مجید اولکھ کی ترقی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کے اشتراک سے ریزیلیئنٹ اینڈ رائزنگ پاکستان کے عنوان سے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہی ہیں۔

اسلام آباد، چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا محرم انتظامات، مون سون کی تیاری اور مختلف فارمیشنز بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ بولان حب
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

نیند کیوں آتی ہے

انسانی جسم اور خاص کر اس کا دماغ اللہ کی صناعی کا ایک محیر العقول نمونہ ہے۔ انسانی جسم اگر فطرت کے تقاضوں کے مطابق ڈھل جائے تو صحت مند و ہشاش بشاش اور اگر فطرت کے قوانین کی مسلسل خلاف ورزی کرنے پر اتر آئے تو اپنے اور معاشرے کے لیے مشکلات کا موجب بنتا ہے۔

جسم کے لیے نیند اور بیداری دونوں لازم و ملزوم ہیں، نیند ایک قدرتی جسمانی عمل ہے جو ہمارے جسم اور دماغ کی تجدید اور بحالی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ نیند نہ صرف ہماری جسمانی صحت کے لیے ضروری ہے بلکہ ذہنی، جذباتی اور نفسیاتی صحت کے لیے بھی بہت اہمیت کی حامل ہے۔ ہر انسان اپنی زندگی کا کوئی ایک تہائی نیند میں گزارتا ہے۔ نیند کے دوران جسم میں مختلف ہارمونز عمل پذیر ہوتے ہیں، جن سے نشو و نما اور مدافعتی نظام کی مضبوطی عمل میں آتی ہے۔ نیند کے دوران خلیات کو دوبارہ بننے، ٹوٹے خلیات کو جڑنے اور جسم میں موجود زہریلے مادے خارج کرنے کا وقت ملتا ہے۔

نیند کی کمی سے دل کی بیماریاں، ذیابیطس اور موٹاپے جیسی بیماریاں لاحق ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ اچھی نیند دماغ کو تروتازہ کرتی ہے اور یادداشت کو بڑھاتی ہے۔ نیند کے دوران دماغ حاصل کردہ معلومات یعنی ڈیٹا کو پراسس کرتا ہے جس سے سیکھنے کی صلاحیت میں بہتری آتی ہے لیکن نیند کی کمی سے الجھن، فیصلہ سازی میں مشکلات اور توجہ میں کمی کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اچھی اور مکمل نیند ہمارے موڈ کو مستحکم رکھتی ہے۔ اگر نیند پوری نہ ہو تو چڑچڑاپن، ڈپریشن اور بے چینی جیسی علامات پیدا ہو سکتی ہیں۔ اچھی نیند سے ہم دن بھر خوش و خرم رہتے ہیں اور مختلف حالات، واقعات، جذبات اور مشکلات کو بہتر طور پر ہینڈل کر سکتے ہیں۔

نیند کے دوران جسم میں خودکار مدافعتی نظام کو مضبوط بنانے والے ہارمونز خارج ہوتے ہیں جو بیماریوں کے خلاف مزاحمت کو بڑھاتے ہیں۔ جسم کے اس مدافعتی نظام کی بدولت ہی ہم اپنی صحت کو بحال رکھ پاتے ہیں۔ مدافعتی نظام کے کمزور ہونے سے جسم بیماریوں کی آماجگاہ بن جاتا ہے اور کوالٹی آف لائف بہت متاثر ہوتی ہے۔ اچھی نیند اور مضبوط مدافعتی نظام دونوں ایک دوسرے کا سہارا ہیں۔ نیند کی وجہ سے جسم اور دماغ کو آرام ملتا ہے جس سے اگلے دن کی کارکردگی بہتر ہو جاتی ہے۔ ایک بھرپور نیند سے ہماری تخلیقی صلاحیت میں کئی گنا اضافہ ہوتا ہے لیکن اگر نیند پوری کرنی مشکل ہو یا کچھ دن سونے کا موقع ہی نہ ملے تو اعضا مضمحل ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور تھکن کا احساس ہوتا ہے۔

نیند کی سائنس کو عام طور پر نیورو سائنس اور سائیکالوجی کی فیلڈ میں پڑھا جاتا ہے جس سے ہم یہ جاننے کے قابل ہوتے ہیں کہ ہم کیوں سوتے ہیں اور کیسے یہ ہمارے جسم و دماغ کو متاثر کرتی ہے۔ نیند کی سائنس سے ہم یہ معلوم کرتے ہیں کہ نیند کا دورانیہ کتنا ہوتا ہے، اس کی کتنی stages ہوتی ہیں، اس کے دوران دماغ کیا کرتا ہے، کون سے ہارمونز کا اخراج ہوتا ہے اور جسمانی صحت پر اس کا کیا اثر پڑتا ہے۔ نیند کی سائنس نے ہمیں اطلاع دی ہے کہ اس کے دوران نیوروپلاسٹے سٹی Neuroplasticity ہوتی ہے۔ دماغ میں جو تبدیلیاں ہوتی ہیں وہ دو مواقع پر انجام پذیر ہوتی ہیں۔ نیوروپلاسٹے سٹی کا بڑا ذریعہ نیند ہی ہے لیکن جاگتے ہوئے بھی اگر ہم اپنے منتشر خیالات سے جان چھڑا لیں اور اپنے دماغ کی صلاحیتوں کو یکجا کر کے اپنے آپ کو فوکس کر لیں تب بھی نیوروپلاسٹے سٹی وقوع پذیر ہو سکتی ہے، یعنی جب ہم دل و دماغ کو الائن کر لیں تو بھی جسم صحت مند ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

نیند کی چار Stages ہوتی ہیں۔ پہلی اسٹیج این 1 یا Non REM کہلاتی ہے REM سے Rapid Eye Movement یعنی تیز تیز پلکیں جھپکانا ہے۔ یہ پہلی اسٹیج وہ ہوتی ہے جس میں ہم REM سے پہلے نیند کی طرف بڑھ رہے ہوتے ہیں۔ این 2 کی اسٹیج پر ہم نیند کی دہلیز پر پہنچ چکے ہوتے ہیں اور بہت ہلکی سی نیند طاری ہو جاتی ہے۔ این 3 وہ اسٹیج ہے جب ہم ہلکی نیند سے گزر کر گہری نیند کی آغوش میں پہنچ چکے ہوتے ہیں۔ چوتھی اسٹیج پر ہم REM سے نکل کر نیم بیداری کی حالت میں آ جاتے ہیں۔ نیوروپلاسٹے سٹی اکثر گہری نیند میں ہی ہوتی ہے۔ اس حالت میں یادداشت Memory پختہ ہوتی ہے اور یادداشت مختلف مقامات پر اسٹور ہو رہی ہوتی ہے۔ REM میں بھی کسی حد تک یادداشت بڑھ رہی ہوتی ہے۔ اس میں جذباتی اور سوشل ایسوسی ایشن پیدا ہو رہی ہوتی ہے جس میں جسم کے Muscles ریلیکس کر رہے ہوتے ہیں۔ Muscles جوں ہی ریلیکس ہوتے ہیں تو جسم اپنے آپ کو خودکار نظام کے تحت Repair کرنے پر تیار ہو جاتا ہے۔

زرعی ماہرین اور زرعی انقلاب

زراعت میں روایتی طریقہ کاشتکاری میں تبدیلی کی خاطر اور ملک میں زرعی انقلاب لانے کی خواہاں حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ایک ہزار ماہرین کو تربیت کے لیے چین بھیجا جائے گا۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کب تک عمل درآمد ہوتا ہے۔ ماہرین تربیت حاصل کر لینے کے بعد کب تک ملک کی زرعی زمینوں میں اپنی خدمات انجام دیتے ہیں یا جلد یا بہ دیر دیگر ممالک میں اپنا ٹھکانہ تلاش کر لیتے ہیں۔

پاکستان کو ابتدا سے ہی اس قسم کی صورت حال کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پاکستان میں تربیت پانے والے ماہرین یا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے اپنی تعلیم سے فراغت کے بعد ان میں سے زیادہ تر افراد کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اچھی تنخواہ پر بیرون ملک چلے جائیں۔

دوسری اہم بات یہ ہے کہ زرعی زمینوں پر تربیت حاصل کرنے کے ساتھ ملک بھر میں جنگلات کی افزائش کی تربیت بھی ضروری ہے اس کے ساتھ بڑے شہروں جن میں کراچی سرفہرست ہے، میں اس بات کی سخت ترین ضرورت ہے کہ یہاں پر زیادہ سے زیادہ شجرکاری کی جائے۔

درخت اگائے جائیں ان درختوں کی حفاظت کی ذمے داری بھی ہونی چاہیے۔ کئی عشروں سے ہر سال شجرکاری کی مہم شروع کی جاتی ہے خبروں کی حد تک یا حقیقی معنوں میں ہزاروں درخت لگا دیے جاتے ہیں لیکن ان پودوں کی دیکھ بھال نہ ہونے کے سبب جلد ہی وہ ضایع ہو جاتے ہیں۔ بہت ہی کم ایسا ہوگا کہ تناور درخت بن جائے۔ کراچی کے بعض علاقے ایسے ہیں جہاں دور دور تک میلوں تک درختوں کا نام و نشان نہیں ہے، لہٰذا گرمی کے موسم میں سخت ترین گرمی کی فیلنگ بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ پہلے گرمی کے موسم میں ایک یا دو دن کے لیے درجہ حرارت بڑھا ہوا محسوس ہوتا تھا اور کبھی کبھار ہیٹ ویو کا سماں ہوا کرتا تھا اب تو پورے کے پورے ہفتے اور مہینے میں کئی بار پورا شہر گرم لو کی لپیٹ میں آ جاتا ہے۔

اس کے علاوہ زرعی ماہرین کو اس بات کی بھی تربیت حاصل کرنے کی ضرورت ہے کہ بارش کے موسم میں کس طرح سے سیلابی پانی یا بارش کے پانی کو محفوظ کیا جا سکتا ہے۔ برسات کے موسم میں علاوہ کراچی ملک کے ہر علاقے میں بہت زیادہ بارش ہونے کے سبب سیلابی کیفیت بھی پیدا ہو جاتی ہے، اس کے ساتھ بھارت کی طرف سے بھی بڑے پیمانے پر نہروں کے ذریعے پانی چھوڑ دیا جاتا ہے جس سے اردگرد کے سیکڑوں دیہات اچانک ہی زیرِ آب آ جاتے ہیں، چونکہ بھارت کی طرف سے بلا اطلاع نہروں میں سیلابی پانی چھوڑ دیا جاتا ہے، لہٰذا اکثر دیہاتوں کی یہ کیفیت ہوتی ہے کہ جب سیلاب کا پانی ان کے گھروں میں داخل ہو جاتا ہے تو انھیں معلوم ہوتا ہے اور ایسے موقع پر اچانک ہی کچے مکان گر جاتے ہیں۔

پکے مکان پانی میں ڈوب جاتے ہیں، سڑکیں بہہ جاتی ہیں، ہزاروں مال مویشی پانی کی نذر ہو جاتے ہیں اور سیکڑوں شہری بھی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں جو بچ جاتے ہیں ان کے اردگرد ہر دم سانپ کا خوف، بھوک پیاس، بے آسرا، بے سہارا۔ نہ انتظامیہ کا نام و نشان۔ جب ہر سال یہ کیفیت پیدا ہوتی ہے تو پہلے سے انتظام کیوں نہیں کر لیا جاتا۔ بہرحال پانی وافر مقدار میں میسر آ جاتا ہے اب اسے ڈھنگ کے ساتھ اس کا ذخیرہ کرنے کی صلاحیت موجود ہو تو یہی پانی جلد ہی کام میں لایا جا سکتا ہے۔

جب نہریں خشک ہو جاتی ہیں، کھیتوں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے، لیکن پانی میسر ہی نہیں آتا۔ کنویں خشک ہو جاتے ہیں، ٹیوب ویلوں سے پانی آنا گھٹ کر رہ جاتا ہے، ہر طرف خشکی اور قحط کا سماں پیدا ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس بات کو سمجھنا چاہیے کہ جب بھی بارش کا پانی یا سیلابی پانی وافر مقدار میں میسر آ جائے تو وہ ضایع کرنے کے لیے بالکل نہیں ہوتا کسی نہ کسی طور پر اس کو ذخیرہ کر لینا چاہیے تاکہ بوقت ضرورت کام آ سکے۔

بتایا جا رہا ہے کہ سی پیک کے تحت زرعی شعبے کے تحت ایک ہزار ماہرین کی چین میں تربیت کی جائے گی۔ گزشتہ دنوں وزارت منصوبہ بندی کا اس سلسلے میں اجلاس ہوا جس میں ہمیشہ کی طرح اس بات کو دہرایا گیا کہ زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ زرعی تعلیم و تحقیق حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ حکومت کی طرف سے اس بات کی امید کی جا رہی ہے کہ تربیت کے لیے چین جانے والے ایک ہزار افراد ملک میں زرعی انقلاب کے معمار بنیں گے۔ حکومت کو اس سلسلے میں سنجیدگی دکھاتے ہوئے ماہرین کو فوری طور پر بھیجنے کا بندوبست کرنا چاہیے۔

تربیت کا دورانیہ ابھی تک واضح نہیں ہو سکا اور شعبہ زراعت بہت ہی وسیع تر شعبہ ہے۔ اس میں دودھ دینے والے جانوروں، گوشت کی زیادہ پیداوار کے حصول کے لیے، جنگلات کی افزائش، شہروں میں شجرکاری، ملک میں نہری پانی کی قلت کے دوران فصلوں کی آب پاشی، اس کے علاوہ دیہی علاقوں کی ترقی، فصلوں کی پیداوار حاصل کرنے کے بعد ان کی ذخیرہ کاری، زیادہ سے زیادہ مدت تک فصلوں کی پیداوار کی حفاظت کا انتظام اور بے شمار چھوٹی بڑی شاخیں اور باتیں ایسی ہیں جن کا زیادہ سے زیادہ احاطہ کرنے کی ضرورت ہے

اخلاقی اقدار

تحریر: سعید آرائیں

ملکی سیاست میں ایک عرصے سے عدم برداشت کے رویوں نے ایک ایسے ماحول کو جنم دیا ہے کہ سیاست میں اخلاقی اقدار اور تہذیب کمزور پڑھنے لگی۔

معاشرتی عدم برداشت کو کچھ سیاسی جماعتوں نے اپنے ذاتی مفادات کیلئے استعمال کیا اور اپنے فالوورز کو اس مقام پہ لا کر کھڑا کر دیا گیا کہ جہاں ان کیلئے ملکی سلامتی اور تحفظ کو خطرات محسوس ہونے لگے۔

9 مئی کا سانحہ اور اس جیسے دیگر واقعات نے ملکی اساس اور نظریئے پہ منفی اثرات مرتب کئے۔ ملکی و قومی مفادات پہ ذاتی مفادات کی ترجیحات نے ملک و قوم کو چیلنجز اور بحرانوں میں دھکیل دیا۔

ملک دشمن عناصر، شرپسند اور دہشتگرد گروہ مضبوط ہوتے گئے اور سیاسی جماعتوں کا غیر مہذب اور غیر اخلاقی رویہ قوم کو آپس میں ہی الجھاتا رہا۔

پاکستان میں دشمن قوتوں اور ان کے سہولت کاروں نے قوم میں پھیلے انتشار اور اختلافات کو اپنی طاقت بنا کر ملک میں سوشل میڈیا کے ذریعے جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈوں کو پھیلا کر ذہن سازی کر کے بدگمانی کا شہر پھیلایا جانے لگا۔ یہ سب کچھ انتہائی تکلیف دہ تھا۔ ایک طرف پاکستان کی بقاء اور تحفظ کی جنگ لڑنے والی پاکستان کی مسلح افواج اور سیکورٹی اداروں کو سوشل میڈیا کے ذریعے ہدف تنقید بنایا جانے لگا اور ان کے مورال کو کمزور کرنے کی کوشش کی گئی لیکن پاکستان کے محبِ وطن اداروں نے ملک و قوم کی بقاء کی جنگ پرخلوص جذبوں اور عزم و حوصلے کے ساتھ لڑی۔ شہادتوں اور قربانیوں کی لازوال داستانیں رقم کیں جن کی بدولت آج پاکستان محفوظ ہے اور قوم کا مستقبل بھی محفوظ ہے۔

افغانستان کی سرزمین سے پاکستان کے صوبے بلوچستان اور کے پی کے میں دہشت گردی اور بغاوت کو ہوا دینے کی بھرپور کوششیں کی جا رہی ہیں۔ ایسے وقت میں سیاسی، مذہبی اور قومی جماعتوں کا کردار بے حد اہم ہے۔ ملک دشمن پروپیگنڈوں، بیانیوں اور دہشت گرد قوتوں و ان کے سہولت کاروں کے خلاف منظم اور ٹھوس اقدامات کے ساتھ ساتھ اپنے عسکری اداروں کا بھرپور ساتھ دینے کی ضرورت ہے۔

سوشل میڈیا ایپس پہ پاکستان کے اداروں کے خلاف مواد کو ہٹایا جائے اور ایسے مواد کی تشہیر کرنے والوں کو سخت سے سخت سزائیں دی جانی چاہئیں۔

پاکستان کی سیاسی اقدار میں ٹھہراؤ اور برداشت کا عنصر پیدا کرنا ضروری ہے۔

پارلیمنٹ میں ایک دوسرے پہ جھوٹے الزامات اور طعنے زنی کرنا، انتقامی سیاست کو پروان چڑھانے اور اخلاقیات کی دھجیاں اڑانے سے قوم کے اوپر کوئی مثبت اثرات نہیں پڑتے۔ ایسا ماحول پروان چڑھتا ہے جس میں ملک میں اتفاق رائے اور ملی و قومی جذبات کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔

پاکستان میں دہشت گردوں کو لگام دینے کے لیے قومی یکجہتی کی ضرورت ہے پاکستان کی سیاست میں عدم استحکام کا نہ یہ ملک متحمل ہو سکتا ہے اور نہ ہی یہ قوم متحمل ہو سکتی ہے۔ ملک کی تعمیر و ترقی اور بیرونی سرمایہ کاری کے تحفظ و پاکستانی معیشت کی مضبوطی کے لیے قوم کا ایک قوم بن کے رہنا ضروری ہے۔ مضبوط قومیں دنیا میں اپنی پہچان اور شناخت کو مضبوط بناتی ہیں۔ ملکی اداروں کی مضبوطی میں بھی قومی مضبوطی کا کردار اہم ہے۔ دشمن قوتوں کے پاکستان میں انتشار اور فساد پھیلانے کے مذموم پروپیگنڈوں اور بیانیوں کو ملی و قومی جذبوں سے شکست دینا ضروری ہے۔ اتفاق رائے سے سیاسی قیادتیں اپنی قوم کی رہنمائی کریں۔

میں نے آئین بنتے دیکھا

تحریر: راؤ منظر حیات

محترم الطاف حسین قریشی اور پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ نے کمال کتاب تحریر کی ہے۔ قریشی صاحب سے تو بہرحال نیازمندی ہے۔ ملاقات بھی ہے اور فون پر کبھی کبھی بات بھی ہو جاتی ہے۔ مگر امان اللہ صاحب میرے لیے بالکل اجنبی ہیں۔ اس نسخہ نے یہ اجنبیت بھی دور کر ڈالی ہے۔ کتاب کو برادرم عبدالستار عاصم نے چھاپا ہے۔ میرے خیال میں تو عاصم صاحب پر بھی کتاب لکھی جانی چاہیے۔ کیونکہ وہ بلاشبہ ایک نایاب کام سرانجام دے رہے ہیں۔

اس نسخہ کا عنوان تو میں نے لکھ ہی دیا ہے۔ مگر تقریب رونمائی میں شریک نہ ہو پایا۔ وجہ خانگی مصروفیت تھی۔ جسے قطعاً التوا میں نہیں ڈالا جا سکتا تھا۔ خواہش ضرور تھی کہ میں پنجاب یونیورسٹی میں منعقدہ اس تقریب میں ضرور شرکت کروں۔ اس تحریر کو منسوب بھی نئی نسل کے نام کیا گیا ہے۔ جو قانون کی حکمرانی کا بول بالا کرنے میں سنجیدہ نظر آتی ہے۔ کتاب سے چند اقتباسات سامنے رکھتا ہوں۔

وائسرائے سے مسلم زعما کی پہلی ملاقات:- اس امید بھرے ماحول کا فائدہ اٹھاتے ہوئے نواب آف ڈھاکا سلیم اللہ بہادر نے وائسرائے کو اپنے گھر آنے کی دعوت دی۔ وہ آئے اور اس علاقے کے عمائدین سے ملے۔ یہ مسلم زعما کا وائسرائے ہند سے پہلا رابطہ تھا۔ اس ملاقات میں اہم سیاسی اور قانونی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا اور کسی قدر مفاہمت کی فضا پیدا ہوئی اور ملاقاتوں کا سلسلہ آگے بڑھا۔

نواب سلیم اللہ بہادر کی تاریخی خدمات:- جون 1964 میں شاہ باغ ہوٹل ڈھاکا میں مولانا اکرم خاں سے میری ملاقات ہوئی جنھوں نے 1906 میں محمڈن ایجوکیشنل سالانہ کانفرنس میں شرکت کی تھی۔ انھوں نے بتایا کہ نواب سلیم اللہ بہادر نے دو ہزار مندوبین کے تمام اخراجات خود برداشت کیے جو چھ لاکھ روپے سے متجاوز کر گئے تھے وہ آج کے کروڑوں کے برابر ہیں۔

نواب صاحب نے ڈھاکا یونیورسٹی کے لیے زمین بھی وقف کی اور یہ شرط رکھی کہ اس میں اسلامی علوم کی تدریس لازم ہوگی۔ یونیورسٹی کے ہر ہاسٹل کے لیے موذن مقرر کیے گئے جن میں باجماعت نماز ادا کی جاتی تھی۔ اجلاس کے آخر میں نواب سلیم اللہ نے مسلمانوں کی سیاسی جماعت قائم کرنے کی قرارداد پیش کی۔ اس کا نام آل انڈیا مسلم کانفیڈریسی تجویز کیا جس کی مولانا محمد علی جوہر حکیم اجمل خان اور مولانا ظفر علی خان نے دوسرے رہنماؤں کے ساتھ تائید کی۔ اس طرح مسلمانوں کی نمایندگی کے لیے ایک الگ سیاسی جماعت وجود میں آئی جسے ایک سال بعد آل انڈیا مسلم لیگ کا نام دیا گیا۔

مسٹر جناح کو قائداعظم کا عوامی خطاب:- محمد علی جناح کی ملی خدمات کا اعتراف مختلف شکلوں میں ہونے لگا۔ جلسوں میں ان کے حق میں نعرے لگ رہے تھے اور عوام و خواص کی زبان پر ان کے لیے قائداعظم کا خطاب بے اختیار آنے لگا۔ مختلف کتب کے مطالعے سے یہ حقیقت سامنے آئی ہے کہ مسلمانوں نے 1935 سے انھیں قائداعظم کہنا شروع کر دیا تھا۔

معروف صحافی جناب عبدالمجید سالک نے اپنی تصنیف سرگزشت میں لکھا ہے کہ لاہور سے تعلق رکھنے والے تحریک خلافت کے ایک پرانے کارکن میاں فیروز الدین نے مسلم لیگ کے جلسوں میں قائداعظم زندہ باد کے نعرے لگا کر اس خطاب کو مقبول بنایا۔

قائداعظم کے پرائیویٹ سیکریٹری مطلوب الحسن سید نے اپنی تصنیف Mohammad Ali Jinnah: A Political Study میں تحریر کیا ہے کہ آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس منعقدہ لکھنؤ اکتوبر 1937 میں مولانا ظفر علی خاں نے محمد علی جناح کو قائداعظم کے خطاب سے مخاطب کیا۔ اسی طرح وزیراعظم پنجاب سر سکندر حیات خاں نے اپریل 1938 میں کلکتہ میں اپنی ایک تقریر کے دوران بار بار مسٹر جناح کے لیے قائداعظم کا خطاب استعمال کیا۔ الغرض 1938 کے اوائل تک محمد علی جناح کے لیے قائداعظم کا خطاب عام ہو گیا تھا۔ اسی ماحول میں گاندھی نے مسٹر جناح کے نام ایک خط میں انھیں مائی ڈیئر قائداعظم لکھا۔

قرارداد کی تیاری میں انگریزوں کا خفیہ ہاتھ؟:- قرارداد لاہور جب منظور ہوئی تو میں اس وقت سرسہ میں چوتھی جماعت کا طالب علم تھا۔ وہاں طلبہ اور اساتذہ زیادہ تر غیر مسلم تھے۔ قرارداد لاہور کی منظوری کی خبر ہمارے شہر میں ایک روز بعد پہنچی۔ ہندو پریس نے اسے قرارداد پاکستان کا نام دے کر یہ پروپیگنڈا شروع کر دیا کہ یہ قرارداد انگریزوں نے منظور کروائی ہے تاکہ وہ ہندوؤں اور مسلمانوں کو لڑوا کر حکومت کرتے رہیں۔ ان کے جواب میں اپنے ہم جماعتوں سے کہتا کہ انگریز تو اپنے مفاد کے لیے ہندوستان کو متحد رکھنا چاہتا ہے۔

طلبہ اپنی خفگی کا اظہار کرتے اور یہ بھی کہتے رہے کہ تم ہماری گاؤ ماتا کے ٹکڑے کرنا چاہتے ہو۔ میں نے شدت سے محسوس کیا کہ قرارداد لاہور کی منظوری کے بعد میرے ہم جماعتوں اور ان کے بڑوں کا رویہ یکسر بدل چکا ہے اور اس میں بڑی تلخی غالب آ گئی ہے۔ اس کے بعد سات سال شدید کھچاؤ میں گزرے۔ جوں جوں ہندوستان کی تقسیم کا مرحلہ قریب آتا گیا ہندو دہشت پسند تنظیموں نے اکھاڑوں میں نوجوانوں کو مار دھاڑ کی ٹریننگ دینا شروع کر دی۔

پاکستان کی کانٹ چھانٹ کی سازشیں:- قانون آزادی ہند کی منظوری کے بعد غیر مسلم قیادتوں کے سینوں پر سانپ لوٹنے لگے اور وہ پاکستان کو اسٹریٹجک علاقوں سے محروم کرنے کی سازش میں پہلے سے کہیں زیادہ متحرک ہو گئیں۔ کانگریس کی برہمن قیادت نے عوام کو دھوکا دینے کے لیے دو مسلم اشخاص کا انتخاب کیا اور ان کے ذریعے یہ تاثر قائم کرنے کی کوشش کی کہ کانگریس میں تو مسلمانوں کی بڑی اور انقلابی شخصیتیں شامل ہیں۔

مولانا ابوالکلام آزاد کا مسلمانوں میں بڑا احترام پایا جاتا تھا ان کی تحریروں نے قوم کو جگایا اور انھیں سیاسی طور پر بیدار کرنے میں زبردست کردار ادا کیا تھا۔ وہ مسلسل پانچ سال کانگریس کے صدر منتخب کیے جاتے رہے۔ البتہ 1946 میں انھیں اس وقت بے دست و پا کر دیا گیا جب ہندوستان کی قسمت کے فیصلے ہونے والے تھے۔ ان کی جگہ سیاسی مقصد کے لیے خان عبدالغفار خان کو غیر معمولی اہمیت دی گئی جو صوبہ سرحد میں سرخ پوش تحریک کے سربراہ تھے۔

تقریب حلف برداری 15 اگست کو قائداعظم نے گورنر جنرل کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ انھیں جو حلف نامہ بھیجا گیا تھا اس میں شاہ جارج ششم سے وفاداری کے الفاظ درج تھے۔ روزنامہ ڈان نے قائداعظم کے مشورے سے اداریہ لکھا اور یہ نکتہ اٹھایا کہ پاکستان کے گورنر جنرل کو صرف آئین پاکستان کا وفادار ہونا چاہیے چنانچہ حلف نامے میں ترمیم کی گئی اور ایک درمیانی راستہ نکالا گیا۔ قانون کے تحت نافذ شدہ آئین پاکستان سے وفاداری کے بعد شاہ جارج ششم کے الفاظ بھی درج تھے۔ 15 اگست کو جمعۃ الوداع تھا۔ گورنر جنرل کی تقریب حلف وفاداری گورنمنٹ ہاؤس کراچی میں ہوئی۔

قائداعظم ریشمی شیروانی میں ملبوس تھے۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت سندھ کے وزیر تعلیم جناب الٰہی بخش کے حصے میں آئی۔ قائداعظم کی اجازت سے کابینہ کے سیکریٹری جنرل چوہدری محمد علی نے تاج برطانیہ کا حکم نامہ پڑھ کر سنایا جس میں محمد علی جناح پاکستان کے گورنر جنرل مقرر کیے گئے تھے۔ اس کے بعد لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سر عبدالرشید نے قائداعظم سے ساڑھے نو بجے صبح حلف لیا۔ اس کے بعد وہ اپنی نشست پر بیٹھ گئے اور بعد میں انھوں نے وزیراعظم پاکستان نوابزادہ لیاقت علی خاں اور سات رکنی کابینہ سے حلف لیا۔ پوری فضا نعرہ تکبیر سے گونج اٹھی۔

اس تقریب حلف وفاداری میں قائداعظم نے چین کے صدر مارشل شیانگ کائی شیک اور فرانس کے صدر ونسنٹ اوریول کے تہنیتی پیغام پڑھ کر سنائے۔ فضا میں پاکستان کا سبز ہلالی پرچم لہرا رہا تھا۔ کروڑوں مسلمانوں نے جمعے کی نماز کے ساتھ آزادی حاصل ہونے پر شکرانے کی نماز ادا کی۔ خوش قسمتی سے اسی رات ہزاروں مہینوں سے بہتر لیلۃ القدر جلوہ گر ہوئی۔

اسلامی برادر ملک ایران نے سب سے پہلے آزاد اور خودمختار پاکستان کو تسلیم کیا۔ نوے برسوں پر محیط آئینی اور سیاسی جدوجہد برصغیر کے مسلمانوں کو غلامی سے نکال کر آزادی کی بیش بہا نعمت سے سرفراز کر گئی۔

قریشی صاحب اور امان اللہ صاحب نے کتاب تحریر فرما کر ہمیں بتانے کی کامیاب کوشش کی ہے کہ پاکستان کتنی مشکلات سے بنا اور قائداعظم کی فراست کے بغیر یہ عظیم کام ممکن ہی نہیں تھا۔

نیت اور اہلیت

تحریر: حفیظ اللہ خان نیازی

2014 سے رٹ، امریکہ سی پیک بننے نہیں دیگا، چین کی اشد دفاعی اقتصادی ضرورت، جبکہ سی پیک کی تکمیل وطنی عروج کا جزو لاینفک ہے۔ 7 دہائیوں سے وطنی نظام اسٹیبلشمنٹ کی گھڑی اور چھڑی کے رحم و کرم پر، نیت اور اہلیت میں ہمیشہ تہی دامن، موجودہ اسٹیبلشمنٹ کی نیت اچھی، اہلیت اور MERITOCRACY پر سوالیہ نشان ہے۔ دشمن بغلیں نہ بجائیں، وطنی دفاع ناقابل تسخیر بلوچستان کی دہشتگردی ملکی سالمیت کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی، البتہ سی پیک کے سامنے مشکلات کھڑی ہیں۔ سی پیک پر کڑا وقت آئے اور نواز شریف کی یاد نہ ستائے۔ نواز حکومت کا سی پیک منصوبہ کروفر سے کامیابی سے ہمکنار ہوا ہی چاہتا تھا کہ امریکی پشت پناہی اور باجوہ عمران سازش کی بھینٹ چڑھ گیا۔ جنرل باجوہ عمران خان امریکہ کی بی ٹیم کیوں بنے؟ جھوٹ سے نواز حکومت کی اکھاڑ پچھاڑ کیوں کی؟ تب سی پیک اسلئے بھی ممکن تھا کہ امریکہ افغانستان میں گوڈے گوڈے پھنسا تھا۔ جنرل باجوہ اور عمران خان نے مادرِ وطن کی ایسی بے حرمتی اور عزت کی پامالی کیوں کی، مادرِ وطن نے انکا کیا بگاڑا تھا؟ بوجوہ باجوہ جرائم آنیوالا وقت قیامت ڈھانے کو ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ کو اتنا باور ضرور کراؤں گا، آج وطنی دلدل انکی تجربہ کاریوں ہی کا نتیجہ ہے۔ اسٹیبلشمنٹ سے شکایت تو بدقسمتی سے سیاستدانوں نے بھی مایوس کیا۔ بلاشبہ سیاستدانوں کی نیت اور اہلیت کی صورتحال بھی ابتر، سارا عرصہ دلجمعی سے سہولت کار رہے۔ 17 اپریل 1953 گورنر جنرل غلام محمد، جنرل اسکندر مرزا اور جنرل ایوب خان) ٹرائیکا (نے نامور سیاستدان خواجہ ناظم الدین کو تضحیک آمیز طریقہ سے برطرف کیا اور غیر مقبول کمتر سیاستدان محمد علی بوگرا کو جب وزیراعظم بنایا تو خواجہ ناظم الدین کی ساری کابینہ بوگرا کی سربراہی میں پلک جھپکتے حلف اٹھا چکی تھی۔ مزید چار چاند کمانڈر انچیف جنرل ایوب خان بطور وزیر دفاع کابینہ کا حصہ بنے۔ تب سے آج تک اسی فارمولا کے مطابق ملک کو ہانکا جا رہا ہے۔ ہر دفعہ جب کبھی کسی سیاستدان کے سافٹ ویئر اپڈیٹ کرنے کا وقت آتا ہے تو فریق مخالف سیاستدان مخالف کو تہہ تیغ کرنے کیلئے بخوشی ٹول بنتا ہے، اسٹیبلشمنٹ کا رضا کار بن جاتا ہے۔ اسٹیبلشمنٹ کی ترجیح ایسے سیاستدان جو دلجمعی سے عقیدتمند، کرپٹ اور سکہ بند نالائق ہوں۔ نواز شریف کا نعرہ ووٹ کو عزت دو سے خدمت کو عزت دو میں تبدیل اور بالآخر بوٹ کی عزت پر منتج ہوا۔ عمران خان کو کریڈٹ کہ جھوٹ اور مکر کی انتہا میں بھی بوٹ کو عزت دینے میں منافقت نہیں برتی۔ بوٹ کی عزت سے عمران سیاست کی ابتدا اور آج بوٹ کی عزت پر اپنی سیاست کی انتہا چاہتا ہے۔ جنرل فیض حمید جرائم سے عمران خان کا تعلق بوٹ کو عزت دو ' کی کشش ہی بنیاد بنا۔ آج کم و بیش ساری سیاسی جماعتیں بوٹ کی عزت پر متفق ہیں، اپنی اپنی سیاسی جماعتوں میں اہلیت اور میرٹ کی دھجیاں اڑانے میں یکساں ہیں۔ آج کل سیاسی جماعتوں کی حکمت عملی اسٹیبلشمنٹ کے رہنما اصولوں کے مطابق استوار ہے۔ الیکشن 2018: اسٹیبلشمنٹ صرف وفاقی حکومت پر قابض تھی جبکہ صوبائی حکومتیں 80 فیصد انکے دائرہ اختیار سے باہر تھیں۔ الیکشن 2024 میں) سوائے سندھ حکومت (وفاقی حکومت بمع پنجاب، بلوچستان، KP، کشمیر، GB حکومتیں باجماعت اسٹیبلشمنٹ کے مکمل طور زیر استعمال آ چکی ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ کی مرضی کہ موجودہ سیاسی حکومتوں کو انتظامی معاملات میں 0 فیصد گنجائش دے یا 20 یا 40 فیصد دے۔ حکومتوں کی انتظامی افرادی قوت کم و بیش بمطابق اسٹیبلشمنٹ تعینات ہیں۔ رانا ثنا اللہ کا تبصرہ دوبارہ نقل کرونگا محسن نقوی صاحب اگر وزیراعظم نہیں بنے تو یہ انکی مہربانی ہے۔ محسن نقوی کی مثال اسلئے کہ سیاسی معاملات میں اسٹیبلشمنٹ کے فیصلوں نے مشکلات بڑھائی ہیں۔ بطور وزیر داخلہ ملکی امن عامہ کے بڑھتے گھمبیر بحران جبکہ بطور چیئرمین کرکٹ بورڈ T20 ورلڈ کپ اور بنگلہ دیش سے تاریخی شکست اسٹیبلشمنٹ کا منہ چڑھانے کو کافی ہیں۔ اسٹیبلشمنٹ کے زیر اثر وفاقی، تین صوبائی حکومتوں کو ذلت و رسوائی کا سامنا ہے۔ پنجاب میں اہلیت اور میرٹ کی غیر موجودگی دھاک بٹھا چکی ہے۔ چند دن پہلے پنجاب کی 12/13 یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کا چناؤ عمل میں آیا۔ بیشتر تعیناتیاں بذریعہ بندر بانٹ، میرٹ کی دھجیاں اڑائی گئیں۔ خصوصاً پنجاب یونیورسٹی پر جن لوگوں نے سرجوڑ کر ڈاکٹر نیاز اختر پر فیصلہ کیا، ایسے ہی جیسے انٹرمیڈیٹ کے طلبا سے PHD کے پرچوں کی مارکنگ کرائی جائے۔ ڈاکٹر نیاز کی پنجاب یونیورسٹی تعیناتی سے صرف نظر، ایک ایسا فیصلہ کہ خمیازہ بھگتنے کیلئے T20 ورلڈ کپ اور بنگلہ دیش سیریز کی ہزیمت آمیز شکست بھول جائینگے۔ انشا اللہ! متعصبانہ فیصلہ پر بہت جلد بھرپور سبق ملنے کو ہے۔ مریم نواز حکومت کا خلاصہ، پنجاب بیوروکریسی کے ہاتھ کا کھلونا بن چکی ہیں۔ حکومت کا اکتفا انواع اقسام کے افتتاح، اعلانات، دوروں تک محدود، کچھ آرزو اور کچھ انتظار، اختتام پذیر "کھایا پیا کچھ نہیں گلاس توڑا بارہ آنے"۔

70 سال کی نااہلی کا خمیازہ، 7 دہائیوں سے سیاست، معیشت، معاشرت، سفارت، مذہبی، قومیتی، دفاعی ہر شعبہ زندگی میں وطن عزیز کو ہچکولے اور صدمات کا سامنا رہا ہے۔ ان نامساعد حالات میں بھی مثبت اشاریئے کہ وطن عزیز کی کئی محاذ پر خیرہ کن کامیابیاں، ایٹمی طاقت، ناقابل تسخیر دفاع، درجنوں دوسری امتیازی اور غیر معمولی کارہائے نمایاں ساتھ ساتھ موجود ہیں۔ حوصلہ اتنا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ابھی تک نہیں چھوڑا ہے۔ پہلا قدم اسٹیبلشمنٹ کو یہ ماننا ہوگا کہ سیاست انکا کھیل اور نہ ہی انکی اس میں اہلیت ہے۔ پچھلے 8 سالوں میں کئے گئے سیاسی فیصلوں کا خمیازہ آج پورا ملک بھگت رہا ہے۔ بغیر الفاظ چبائے درجنوں دفعہ دہراوں گا، وطنی "امید کی آخری کرن" جنرل عاصم منیر ہیں۔ آئین مقدس مگر نفاذ کیلئے مملکت کا وجود ضروری ہے۔ پاکستان بچے گا تو سب ممکن ہوگا۔ ماننے میں ہرج نہیں، مملکت کے اچھے برے مستقبل کا انحصار جنرل عاصم کے فیصلوں کے رحم و کرم پر ہے۔ اگر خدانخواستہ جنرل عاصم ناکام ہوئے، ریاست بھیانک نتائج بھگتے گی۔ جنرل عاصم کی تعیناتی، جبکہ ساری خدائی ایک طرف، دوسری طرف نواز اکیلا، آرمی چیف بننا معجزہ تھا۔ یقیناً نواز شریف کا ایک ناقابل یقین کارنامہ تھا۔ اللہ تعالیٰ کا براہِ راست ہاتھ ہی تو موجود تھا، واللہ خیر الماکرین۔ میرا وجدان کہ جنرل عاصم سے اللہ تعالیٰ نے بہت بڑے بڑے کام لینے ہیں۔ کیا 70 سال کا بگاڑ، گھمبیر حالات سے عہدہ برا ہو پائیگا۔ وطن عزیز اپنا PROMISED مقام پانے کو ہے؟

عقیدہ ختم نبوت اور سپریم کورٹ کا حتمی فیصلہ

تحریر: رئیس خان

مبارک ثانی ضمانت کیس میں سپریم کورٹ نے وفاقی حکومت کی درخواست منظور کرتے ہوئے 6 فروری اور 24 جولائی کے فیصلوں سے معترضہ پیراگراف حذف کر دیے۔ عدالت کے فیصلے کے مطابق جو پیراگراف حذف کرائے گئے ہیں وہ کسی بھی فیصلے میں بطور مثال پیش نہیں ہو پائینگے۔ سپریم کورٹ نے ٹرائل کورٹ کو مقدمہ میں عائد دفعات کا قانون کے مطابق جائزہ لینے کا بھی حکم دیا ہے۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے مبارک ثانی کیس کے فیصلے کیخلاف پنجاب حکومت کی درخواست پر سماعت کی تھی۔ اس فیصلے کے بعد ملک میں جو انتشار و افتراق اور غم و غصہ کی ایک ہیجانی کیفیت پیدا ہوئی تھی وہ اب ختم ہو چکی ہے اور علمائے کرام اس فیصلے کی ستائش کے بعد یوم تشکر بھی منا چکے ہیں۔ دراصل قادیانی جنہیں پاکستان کے 1973 کے آئین نے غیر مسلم اور کافر قرار دیا تھا ان پر آئین کے تحت جو پابندیاں عائد ہیں اگر وہ ان کی حدود سے باہر نہیں نکلتے تو کسی نے ان پر توجہ بھی نہیں دینی تھی لیکن جس طرح ایک فیصلے کے بعد وہ کھل کر ارتدادی سرگرمیاں تیز کر رہے تھے اس پر انہیں انکی آئینی حدود و قیود کے بارے یاد دہانی کرانا بھی لازمی تھا۔ انگریزوں کا یہ خود کاشتہ اور خود رو فتنہ اس وقت تن آور درخت بننا شروع ہوا تھا جب پنجاب کے گورنر سر فرانسس موڈی نے ربوہ کی زمین مرزائیوں کے نام الاٹ کر دی تھی، چناب نگر) سابق ربوہ (میں ایک گورے نے زمین دے کر انکی ریاست کے اندر ریاست قائم کرا دی تھی۔ قرآن کریم کی تقریباً سو کے قریب آیات مبارکہ اور نبی اکرم ﷺ کی دو سو کے قریب احادیث مبارکہ ختم نبوت کے عقیدہ کے بارے میں الم نشرح ہیں اور کسی شک و شبہ کی کوئی گنجائش نہیں رہ جاتی۔ عقیدہ ختم نبوت کیلئے اہل ایمان اور جید علمائے کرام کی ایک بہت بڑی تعداد نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے اس کی آبیاری و تحفظ کا فریضہ انجام دیا اور الحمدللہ اب تک دے رہے ہیں۔ جھوٹے مدعیان نبوت، نبی ختمی مرتبت ﷺ کے عہد سے ہی پیدا ہو گئے تھے اور یہ فتنہ قادیانیت اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اہل کتاب یہود و نصاریٰ نے سب سے پہلے اسلام کے خلاف جو سازش رچائی وہ تھی عقیدہ ختم نبوت پر کاری ضرب، اسلئے کہ آپ ﷺ کے وصال کے بعد جن پانچ افراد نے جھوٹا دعویٰ نبوت کیا ان سب کے اہل کتاب، یہود و نصاریٰ کیساتھ گہرے مراسم تھے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اور آپ نے اینقص الدین وانا حی) کیا دین کو ناقص کیا جائے، اس میں کمی کی جائیگی اس حال میں کہ میں زندہ ہوں، یہ نہیں ہو سکتا (۔ کہہ کر صحابہ کرام سے کہا کہ وہ عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت خوب اچھی طرح سمجھیں اور اس فتنے کی سرکوبی کیلئے کمربستہ ہو جائیں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دور میں تحفظ ختم نبوت کی خاطر ہزاروں صحابہ کرام نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، بیسویں صدی میں تحفظ ختم نبوت کیلئے نمایاں خدمات انجام دینے والوں میں سید عطا اللہ شاہ بخاری کا نام سرفہرست ہے، آپ فرماتے ہیں کہ جو لوگ تحریک ختم نبوت میں جہاں جہاں شہید ہوئے

ہماری ذمہ داریاں

یوم دفاعِ پاکستان ہمیں اس دن کی یاد دلاتا ہے جب پاکستان کے شہیدوں، جری جوانوں اور غیور پاسبانوں نے دفاعِ پاکستان کی خاطر سرحدوں پر اپنی بہادری اور شجاعت کا لوہا منوایا۔ افواجِ پاکستان اور عوام نے مل کر دشمن کا مقابلہ کیا۔

سروں پر کفن باندھ کر دشمن سے بھڑ گئے، جسموں سے بارود باندھ کر ٹینکوں کے آگے لیٹ گئے، عوام و فوج نے اپنا سب کچھ دفاعِ وطن کے لیے قربان کر دیا۔ ہم سب اپنے پاکباز شہدا کی عظمت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ بھارت نے 6 ستمبر کی صبح لاہور اور سیالکوٹ کی طرف سے ایک بڑا فوجی حملہ شروع کر دیا، جس میں دنیا کی سب سے بڑی ٹینکوں کی جنگ لڑی گئی۔

یہ حقیقت ہے کہ ہماری فوج دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے قومی اور بین الاقوامی سطح پر پیش پیش رہی ہے۔ علاوہ ازیں افواجِ پاکستان کے جوانوں اور افسروں نے ٹڈی دل کے حملوں سے لے کر سیلابوں اور زلزلوں جیسی ناگہانی آفات میں عوام کی مدد کی ہے اور اپنی جان کی بھی پرواہ نہیں کی۔ موجودہ حالات میں دیکھا جائے تو ملک کی بنیاد سیاست، معیشت اور احتساب پر ہے۔ اس معاشرے میں ہر فرد خصوصی اہمیت کا حامل ہے جس کے بغیر کسی بھی ملک کی ترقی ممکن نہیں۔ فرد کے ساتھ ساتھ معیشت بھی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔

جس ملک کی معیشت جتنی مضبوط ہوگی وہ ہر لحاظ سے اتنا ہی مضبوط ہوگا۔ پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے جس کی آبادی اس وقت دنیا میں پانچویں نمبر پر جب کہ معیشت کے لحاظ سے 23ویں اور خریداری میں اڑتیسویں نمبر پر ہے۔ پاکستان کی معیشت کو آزادی سے اب تک جنگی، سیاسی تنازعات، بڑھتی ہوئی آبادی اور براہ راست قلیل سرمایہ کاری جیسے مسائل کا مسلسل سامنا کرنا پڑا ہے، جس سے ملک کی صنعت و تجارت پر متاثر کن اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

معیشت کی مضبوطی اور ملکی استحکام کے لیے بنیادی دینی و عصری تعلیم و صحت کا نظام، یکساں احتسابی نظام، ملکی مصنوعات کا فروغ، مہنگائی کا سدباب، سرمایہ کاری پر توجہ، بدعنوانی اور کرپشن کی روک تھام، روزگار کی فراہمی، قوانین پر عمل داری، ٹیکس کی بروقت ادائیگی، بڑھتی ہوئی آبادی پر کنٹرول، اسراف سے انحراف، جدید اور پیشہ ورانہ تعلیم کے ذرائع پیدا کرنے، باہمی اخوت و محبت کا فروغ اور سیاسی اتحاد سمیت کئی دیگر عوامل پر غور کرنا ہوگا۔ یہ سمجھنے کی اشد ضرورت ہے کہ پاکستان کا مستقبل قومی یکجہتی پر منحصر ہے جو پاکستانی معاشرے کے تمام طبقات کے درمیان سماجی ہم آہنگی کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

اپنے مفادات کو بالائے طاق رکھ کر عوام کی بہبود کو یقینی بنانا ہوگا۔ صحت، گورننس، بجلی کی فراہمی، صاف پانی کی فراہمی، مقامی حکومتوں کا قیام یا جو بھی شعبہ زندگی ہو ان سب میں دیانتداری اور ایمانداری سے کام کرنا ہوگا۔ ہم میں ایک دوسرے کو برداشت کرنے کا، ساتھ چلنے کا جذبہ ہونا چاہیے، جو جمہوریت کی کامیابی کے لیے بہت ضروری ہے، کیونکہ جمہوریت بھی اتحاد و یکجہتی میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔

پاکستان کے اندرونی اور بیرونی خطرات سب کے سامنے ہیں۔ بھارت اور افغانستان کی سرزمین بیرونی محاذ پر اشتعال انگیزی کے لیے استعمال ہو رہی ہے، جب کہ سیاسی محاذ آرائی میں قومی ریاستی اداروں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، جو دشمن کو ملکی سلامتی کے خلاف کھل کر اپنی سازشوں کی تکمیل کا موقع فراہم کرنے کے مترادف ہے۔

میڈیا سے جڑا کوئی بھی شعبہ ففتھ جنریشن وار کا اہم ہتھیار ہے لیکن سوشل میڈیا اس جنگ کا اہم کردار ہے، جس میں طرح طرح کی تحاریر، ویڈیو کلپس، پوسٹس، واٹس ایپ و فیس بک اسٹیٹس ہوتے ہیں جن کے ذریعے عوام کو بہکایا جا سکتا ہے، اور اس بہکاوے کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ قوم کی حیثیت اور مقام داؤ پر لگ جاتا ہے۔

اربابِ اختیار کو چاہیے کہ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے چین، ترکی اور ملائیشیا کی طرز پر اس کی حدود و قیود کا تعین کریں، ففتھ جنریشن وار کا ٹارگٹ زیادہ تر نوجوان نسل ہے، یہ جنگ میڈیا کی ہے، اس میں میڈیا کا استعمال بہت احتیاط سے کرنے کی ضرورت ہے۔ میڈیا کا میدان بہت وسیع ہے، خاص طور پر سوشل میڈیا نوجوانوں کو اس کے غلط استعمال سے روکنے کے لیے سنسر پالیسی سخت کرنا پڑے گی۔

حال ہی میں جس انداز سے مسائل کے حل کو بنیاد بنا کر ملک دشمن نعروں اور رویے کا مظاہرہ کیا گیا، وہ یقیناً مسائل کے حل سے زیادہ گھمبیر معاملہ نظر آتا ہے۔ جس طرح اشتعال انگیزی پیدا کر کے اور عصبیت کو استعمال کر کے ریاست کے خلاف ہرزہ سرائی کی گئی وہ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی کہ پاکستان کے عوام اب نہ صرف اپنی سرزمین اور نظریے سے متعلق پہلے سے بھی زیادہ حساس ہیں بلکہ وہ شعور کی اس منزل پر ہیں جہاں وہ اس امر کا ادراک رکھتے ہیں کہ کس طرح مختلف سلوگنز کا سہارا لے کر پاکستان کو واپس انتشار کی جانب دھکیلا جا رہا ہے۔

یقیناً پاکستان میں بسنے والے شہری اپنی سرزمین کے خلاف کسی بھی سازش کو ناکام بنانے کے لیے ہر لحظہ تیار ہیں۔ اگر یہ قوم گزشتہ ڈیڑھ دہائی سے جاری دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنا ایک قومی بیانیہ اور نظریہ رکھتے ہوئے کامیاب ہو سکتی ہے تو یہ قوم اسی طرح کے بہت سے مسائل کے حل کے لیے کوشاں بھی ہے اور انھیں حل کرنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہے۔ ہمیں صرف اپنے اداروں پر اعتماد کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم دہشت گردی جیسے دشمن کے خلاف جنگ کافی حد تک جیت چکے ہیں تو جنگ سے پیدا شدہ مسائل پر بھی جلد ہی قابو پالیں گے۔ مسائل کا ہونا بجا، شکوہ شکایت بھی سر آنکھوں پر، مگر ریاست اور ریاستی اداروں کے خلاف مہم یقیناً تکلیف دہ ہے۔

بانیِ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے 24 اکتوبر 1947 کو اپنے ایک خطاب میں کہا تھا۔ ہم جتنی زیادہ تکلیفیں سہنا اور قربانیاں دینا سیکھیں گے اتنی ہی زیادہ پاکیزہ، خالص اور مضبوط قوم کی حیثیت سے ابھریں گے، جیسے سونا آگ میں تپ کر کندن بن جاتا ہے۔ سو یہ راستے میں بچھے کانٹے، مشکلات اور مسائل منزل نہیں ہیں کہ ہم ان میں ہی الجھ کر رہ جائیں۔ ہمیں اپنے شاندار مستقبل پر یقین رکھنا ہوگا، مل کر جدوجہد کرنا ہوگی کہ اس سرزمین کو اب نعروں سے زیادہ عمل کی ضرورت ہے۔

ماضی میں جب بھی ریاست کو دہشت گردی کے عفریت کا سامنا ہوا تو قوم اور افواجِ پاکستان سیسہ پلائی دیوار بن گئے اور ہزاروں جانوں کی قربانیاں پیش کر کے وطن عزیز کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔ دہشت گردی کے قلع قمع کے لیے آپریشن راہِ راست، آپریشن راہ نجات، آپریشن راہ حق اور آپریشن ضرب عضب کر کے دہشت گردوں کو ناکوں چنے چبوائے گئے۔ بعد ازاں آپریشن ردالفساد لانچ کیا گیا جس میں شہری علاقوں میں چھپے ہوئے دہشت گردوں کا سراغ لگا کر ان کو ٹھکانے لگایا گیا۔ اس آپریشن کے تحت دہشت گردوں کے سہولت کاروں کی بھی نشاندہی کی گئی اور انھیں بھی کیفر کردار تک پہنچایا گیا۔

☆☆☆☆☆☆☆

علمی آزادی کے ادارے پر حملہ

خزیمہ انصاری

دنیا کی بڑی یونیورسٹیوں کی عالمی سطح پر اس لیے پذیرائی کی جاتی ہے کہ یہ یونیورسٹیاں علمی آزادی کا مظہر ہیں۔ گزشتہ صدی کے عظیم فلسفی برٹن رسل علمی آزادی کے عظیم پیامبر تھے۔ پاکستانی پروفیسر حمزہ علوی کو علمی آزادی کا حق استعمال کرنے پر امریکا اور کینیڈا کی یونیورسٹیوں کے دروازے بند کر دیے گئے تھے۔

پاکستان میں معروف اساتذہ پروفیسر ایرک سپرے، ممتاز حسین، پروفیسر کرار حسین، ڈاکٹر مبارک علی، پروفیسر امین مغل، ڈاکٹر انیس عالم، ڈاکٹر مہدی حسن، ڈاکٹر ظفر عارف، ڈاکٹر نیر وغیرہ نے علمی آزادی کے تحفظ کے لیے اپنی ملازمتیں داؤ پر لگائیں اور قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں۔ کراچی یونیورسٹی میں ڈاکٹر ریاض احمد آج بھی یونیورسٹی کی خودمختاری اور علمی آزادی کے ادارے کے تحفظ کی جنگ میں مصروف ہیں۔

ڈاکٹر ریاض احمد نے کراچی یونیورسٹی سے اپلائیڈ کیمسٹری کے شعبہ میں ایم ایس سی کیا اور پھر وہ پی ایچ ڈی کرنے کے لیے کیمبرج یونیورسٹی چلے گئے جہاں وہ کارل مارکس کے نظریات سے متاثر ہوئے۔ برطانیہ کی یونیورسٹیوں کے علمی آزادی کے ادارہ کی اہمیت کو انھوں نے محسوس کیا اور پھر 90 کی دہائی میں کراچی یونیورسٹی کے اپلائیڈ کیمسٹری کے شعبہ میں لیکچرار تعینات ہوئے۔ ڈاکٹر ریاض احمد ایک مارکسی وادی کی حیثیت سے اساتذہ کی تنظیم سازی کی طرف مائل ہوئے۔

ڈاکٹر ریاض کا شمار ان اساتذہ میں ہوتا ہے جو کم عمر میں کراچی یونیورسٹی ٹیچرز سوسائٹی کے سیکریٹری جنرل منتخب ہوئے۔ نئی صدی کے آغاز کے ساتھ ہی یونیورسٹی گرانٹ کمیشن کا درجہ بلند کر کے ہائر ایجوکیشن کمیشن کا ادارہ قائم ہوا تو ایچ ای سی کے پہلے چیئرمین ڈاکٹر عطا الرحمٰن نے اساتذہ کے تقرر اور ترقیوں کے لیے ایسے قواعد تیار کیے جو اساتذہ کے مفادات کی صریحاً خلاف ورزی تھے۔

اس وقت ڈاکٹر ظفر سیفی وائس کراچی یونیورسٹی کے چانسلر تھے۔ ڈاکٹر ریاض نے ایک اور ترقی پسند استاد ڈاکٹر قدیر اور دیگر اساتذہ کے ساتھ مل کر ایچ ای سی کی پالیسیوں کے خلاف مزاحمتی تحریک کو منظم کیا۔ اس تحریک کی بنا پر ایچ ای سی کو اپنی بعض پالیسیوں پر نظرثانی کرنی پڑی۔ ڈاکٹر ریاض احمد نے اپنے وقت کو صرف کراچی یونیورسٹی تک ہی محدود نہیں کیا بلکہ شہر میں چلنے والی کئی مزاحمتی تحریکوں میں بھی حصہ لیا۔ وہ سابق چیف جسٹس افتخار چوہدری کی بحالی کی تحریک میں متحرک رہے اور انھیں کئی دفعہ راتیں تھانوں کے لاک اپ میں گزارنی پڑیں۔ کراچی یونیورسٹی ٹیچرز سوسائٹی کے سابق صدر ڈاکٹر ظفر عارف کو راولپنڈی کے ایک سیاسی مقدمہ میں گرفتار کیا گیا اور انھیں 9 ماہ تک قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنی پڑیں۔

اسی زمانہ میں سینئر اساتذہ نے ڈاکٹر عارف کی رہائی کے لیے آواز اٹھائی۔ ان میں سب سے توانا آواز ڈاکٹر ریاض احمد کی تھی۔ ڈاکٹر ریاض کو کئی دن تک کراچی جیل میں راتیں گزارنی پڑیں۔ ان کی رہائی کے لیے سول سوسائٹی کی تنظیموں اور کراچی یونیورسٹی اساتذہ کی نمایندہ تنظیم نے احتجاجی مہم منظم کی جس پر ڈاکٹر ریاض کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ ان کے خلاف جعلی مقدمہ درج کیا گیا اور جعلی گواہ پیدا کیے گئے مگر عدالت نے ان کی ضمانت قبول کر لی۔

گزشتہ سال اساتذہ نے ڈاکٹر ریاض کو سنڈیکیٹ کا رکن منتخب کیا۔ نئی انتظامیہ کے دور میں سنڈیکیٹ جیسے بنیادی ادارہ پر مختلف نوعیت کی پابندیاں عائد کی گئیں۔ اس کے اجلاس قانون کے مطابق منعقد نہیں ہوئے۔ ڈاکٹر ریاض نے یونیورسٹی کوڈ کے تحت سنڈیکیٹ کے اجلاس قانون کے مطابق انعقاد کروانے کے لیے مسلسل کوشش کی۔ یونیورسٹی میں گزشتہ چھ ماہ سے بعض عناصر کی غیر قانونی سرگرمیوں کی خبریں سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھیں۔ کہا جاتا ہے کہ 80 کی دہائی میں ایل ایل بی کے امتحانات کے بارے میں کوئی خفیہ تحقیقات ہو رہی ہیں۔ بعض ملازمین نے یہ بھی کہا تھا کہ ایل ایل بی کے ماسٹر رجسٹر یونیورسٹی کی حدود سے باہر چلا گیا۔ ڈاکٹر ریاض کو جمعہ کو یونیورسٹی سنڈیکیٹ کا ایجنڈا موصول ہوا تو پتہ چلا کہ 10 سے زیادہ آئٹم اس اجلاس میں زیر غور آئیں گے۔ ان میں ایک شق کے مطابق ایک سابق طالب علم کی ایل ایل بی کی ڈگری منسوخ کرنے کے بارے میں فیصلہ کیا جائے گا۔ ڈاکٹر ریاض نے فوراً یونیورسٹی کوڈ کی مدد حاصل کی پتہ چلا کہ یونیورسٹی کوڈ کے صفحہ 431 پر تحریر کیا گیا ہے کہ امتحانی قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کی تحقیقات کے لیے یونیورسٹی سنڈیکیٹ Unfair Means کمیٹی قائم کرے گی جو معاملہ کی تفصیلی تحقیقات کرے گی اور جس طالب علم کے خلاف شکایت موصول ہوئی ہے، اسے پہلے اظہارِ وجوہ کا نوٹس دیا جائے گا اور متعلقہ طالب علم ذاتی طور پر کمیٹی کے سامنے پیش ہو کر اپنا مؤقف بیان کرے گا، مگر سنڈیکیٹ میں اس دفعہ Unfair Means کمیٹی نہیں بن پائی اور نا ہی متعلقہ طالب علم کو طلب کیا گیا۔ مگر ڈسپلن کمیٹی کی ایک صفحے کی رپورٹ کو ایجنڈا میں شامل کیا گیا تھا۔ ڈاکٹر ریاض نے گزشتہ ہفتہ گھر سے روانہ ہوتے ہوئے اس بارے میں سوشل میڈیا کے پلیٹ فارم پر ایک ٹویٹ کیا۔ ڈاکٹر ریاض اپنے گھر سے نکلے تھے کہ انھیں تھانہ لے جایا گیا اور مختلف تھانوں میں منتقل کیا جاتا رہا۔ ڈاکٹر ریاض کی اہلیہ صوفیہ حسین جو فاران کو ایفائیڈ کمپیوٹر انجینئر ہیں کو شام کو ڈاکٹر ریاض کے لاپتہ ہونے کی اطلاع ملی۔ وہ تھانے گئیں۔ ان کی ملاقات ڈاکٹر ریاض سے کرائی گئی۔ صوفیہ حسین کی اطلاع پر سول سوسائٹی کی تنظیموں کے کارکن، اساتذہ اور طلبہ تھانہ پہنچے۔ تھانہ والوں نے پہلے ڈاکٹر ریاض سے متعلق کوئی اطلاع دینے سے انکار کیا مگر جب ذرائع ابلاغ کے ذریعہ یہ خبر عام ہوئی تو ڈاکٹر ریاض کو رہا کر دیا گیا۔ کراچی یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی دفعہ جس سابق طالب علم کے خلاف شکایت موصول ہوئی اس کو صفائی کا موقع دیے بغیر ایل ایل بی کی ڈگری منسوخ کر دی گئی۔ کراچی یونیورسٹی نے اپنی پریس ریلیز میں سابقہ طالب علم کا نام ظاہر نہیں کیا مگر اب یہ مکمل طور پر واضح ہو گیا کہ یہ طالب علم کون ہیں۔ بہادرآباد تھانے کے ایس ایچ او کا ایک بیان اخبارات میں شایع ہوا تو پتہ چلا کہ آرٹلری میدان ڈسٹرکٹ ساتھ میں 2017 میں ڈاکٹر ریاض کے خلاف دو مقدمات درج تھے

برطانیہ نے بھی گونگلوؤں سے مٹی جھاڑ دی

تحریر: ہمدان عبداللہ

گزشتہ پیر کو برطانیہ نے اعلان کیا کہ وہ اسرائیل کو ہتھیار فروخت کرنے کے ساڑھے تین سو اجازت ناموں میں سے تیس معطل کر رہا ہے۔ بقول برطانوی وزیرِ خارجہ ڈیوڈ لامی خدشہ ہے کہ اسرائیل ان ہتھیاروں کو غزہ میں بین الاقوامی انسانی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے استعمال کر سکتا ہے۔

ڈیوڈ لامی نے پارلیمنٹ میں یہ اعلان بہت افسوس اور معذرت کے ساتھ کرتے ہوئے کہا کہ وہ خود بھی ایک لبرل پروگریسو صیہونی ہیں۔ مگر وزارتِ قانون کی رائے کی روشنی میں اسرائیل کو کچھ ہتھیاروں کی جزوی سپلائی روکنے پر مجبور ہیں۔

البتہ مذکورہ پابندی کے جال سے سب سے بڑی شارک یعنی ایف پینتیس لڑاکا بمبار طیارے کے فاضل پرزوں کی رسد پھسل گئی ہے۔ حالانکہ غزہ کو برباد کرنے میں اس امریکی ساختہ طیارے نے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ مگر برطانوی وزیرِ خارجہ نے اس بارے میں کہا کہ ایف پینتیس کے پرزوں کی فراہمی پر پابندی تنہا برطانیہ کے بس میں نہیں۔ کیونکہ بارہ ممالک کی کمپنیاں ایک بین الاقوامی کنسورشیم کے تحت امریکی طیارہ ساز کمپنی لاک ہیڈ کے لیے ایف پینتیس کے مختلف حصے تیار کرتی ہیں اور برطانیہ اس طیارے کے آلات کا محض پندرہ فیصد فراہم کرتا ہے۔

ہاں اگر برطانیہ ایف پینتیس طیارہ براہِ راست اسرائیل کو فراہم کرنے کی پوزیشن میں ہوتا تو اس کی برآمد معطل کی جا سکتی تھی۔ مگر برطانوی وزیر خارجہ یہ منطق پیش کرتے ہوئے بھول گئے کہ نیدرلینڈز بھی ایف پینتیس کی تیاری کے بین الاقوامی کنسورشیم کا حصہ ہے لیکن وہاں کی ایک عدالت نے سرکار کو اسرائیل کے لیے اس طیارے کے پرزوں کی فراہمی سے روک دیا ہے۔

وزیرخارجہ ڈیوڈ لامی آزاد رکنِ پارلیمان اور لیبر پارٹی کے سابق سربراہ جیرمی کوربن کے اس سوال کا جواب بھی گول کر گئے کہ کیا برطانیہ غزہ کے اوپر نگراں ڈرونز کی پروازوں میں کوئی کردار ادا کر رہا ہے اور یہ کہ کیا اسرائیلی فضائیہ قبرص میں ایک برطانوی بیس کو غزہ پر بمباری کے لیے اڑانیں بھرنے کے لیے استعمال کر رہی ہے؟

) ڈیوڈ لامی پہلے برطانوی سیاہ فام وزیر خارجہ ہیں۔ وہ لیبر پارٹی میں لیبر فرینڈز آف اسرائیل گروپ کے فعال رکن ہیں۔ سن دو ہزار میں وہ پہلی بار رکنِ پارلیمان بنے۔ اپنے انتخابی اخراجات کے لیے وہ وقتاً فوقتاً اسرائیلی لابی سے بیس ہزار پاؤنڈ سے زائد رقم وصول چکے ہیں۔ دو ہزار بائیس میں انھوں نے بطور شیڈو وزیرِ خارجہ اسرائیل کا دورہ کیا۔

گزشتہ برس نومبر میں جب پارلیمنٹ میں غزہ میں فوری جنگ بندی کی قرارداد پیش کی گئی تو ڈیوڈ لامی نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا۔ بعد ازاں انھوں نے اسرائیل کا دورہ کیا اور صدر آئزک ہرزوگ سے ملاقات کے بعد بیان دیا کہ حماس جو کچھ بھی کر رہی ہے۔ اس کے ذمے دار تمام فلسطینی ہیں۔ ڈیوڈ لامی کو یہ بھی یاد نہ رہا کہ بعینہ اسرائیل کا یہی بیانیہ ہے جس کی آڑ میں وہ بلا امتیاز فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے(۔

اگرچہ اسرائیل کو برطانوی ہتھیاروں کی جزوی معطلی سے کوئی فرق نہیں پڑنے والا کیونکہ انہتر فیصد ہتھیار امریکا اور انتیس فیصد جرمنی فراہم کرتا ہے۔ جب کہ دیگر یورپی ممالک لگ بھگ دو فیصد ہتھیار فروخت کرتے ہیں اور اس میں برطانیہ کا حصہ ایک فیصد سے بھی کم ہے۔ مگر برطانیہ اسرائیل کو جتنے بھی ہتھیار فروخت کرتا ہے ان میں سے بھی صرف آٹھ فیصد کے لائسنس معطل کیے گئے ہیں۔

اگرچہ نئی برطانوی لیبر حکومت نے بین الاقوامی عدالتِ انصاف کے ایک فیصلے کا احترام کرتے ہوئے اسرائیل کے خلاف نسل کشی سے متعلق مقدمے پر سے اپنے اعتراضات واپس لے لیے ہیں۔ اور انٹرنیشنل کرمنل کورٹ کی جانب سے اسرائیل اور حماس کے پانچ لیڈروں کے خلاف نسل کشی کی ممکنہ فردِ جرم کو چیلنج نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ برطانیہ نے فلسطینیوں کی دیکھ بھال کرنے والے اقوامِ متحدہ کے ادارے انرا کی معطل شدہ امداد بھی بحال کر دی ہے۔

مگر برطانوی شہریوں کی اکثریت کی جانب سے اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی مکمل طور پر روک دینے کے مطالبات کو یکسر نظرانداز کرتے ہوئے جزوی علامتی معطلی کے ذریعے بقول شخصے حکومت نے گونگلوؤں سے مٹی جھاڑنے کی کوشش کی ہے۔

موجودہ معذرت خواہانہ پالیسی کے برعکس ماضی میں برطانیہ کی لیبر اور قدامت پسند حکومتیں زیادہ سخت پابندیاں عائد کرتی آئی ہیں۔ مثلاً اکتوبر انیس سو تہتر کی عرب اسرائیل جنگ کے دوران کنزرویٹو وزیرِ اعظم ایڈورڈ ہیتھ کی حکومت نے عربوں اور اسرائیل کو برطانوی ہتھیاروں کی رسد مکمل طور پر روک دی۔

جب اسرائیل نے انیس سو بیاسی میں لبنان کے خلاف کھلی جارحیت کی تو کنزرویٹو وزیرِ اعظم مارگریٹ تھیچر نے نہ صرف برطانیہ میں منعقد ہونے والی اسلحے کی نمائش کے لیے اسرائیل کو بھیجا گیا دعوت نامہ واپس لے لیا بلکہ اسرائیل کو اسلحے کی فروخت یکسر روک دی۔ یہ پابندی بارہ برس تک) انیس سو چورانوے (نافذ رہی۔

لیبر وزیرِ اعظم ٹونی بلیئر نے دو ہزار دو میں فلسطینی انتفادہ کے خلاف ضرورت سے زیادہ طاقت کے استعمال کو دیکھتے ہوئے اسرائیل کو غیر اعلانیہ طور پر اسلحے کی فراہمی روک دی۔ جب کہ کنزرویٹو وزیرِ اعظم ڈیوڈ کیمرون نے دو ہزار چودہ میں غزہ پر اسرائیل کے حملے کے بعد شہریوں کے خلاف ممکنہ استعمال ہونے والے اسلحے کے بارہ لائسنس منسوخ کر دیے۔

حالانکہ برطانوی رائے عامہ کا ان سابقہ حکومتوں پر اس قدر اخلاقی دباؤ بھی نہیں تھا جتنا آج ہے۔ اس کے باوجود موجودہ لیبر قیادت اسرائیل کے خلاف گومگو پالیسی کے سبب حالیہ انتخابات میں جنگ بندی کے حق میں مہم چلانے والے امیدواروں کے ہاتھوں سات نشستیں گنوانے کے باوجود واضح موقف اختیار کرنے سے آج بھی گریزاں ہے۔

اسلحے کے مٹھی برابر لائسنس معطل کرنے سے ذرا پہلے برطانوی دفترِ خارجہ کے تین سینئر افسروں نے واضح اسرائیلی پالیسی اختیار نہ کرنے کے خلاف بطور احتجاج استعفی دے دیا

پاکستان امریکا تعلقات کا نیا موڑ

تحریر: سلمان عابد

پاکستان میں بیٹھ کر بہت سے لوگ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی آمد کے بعد پاک امریکا تعلقات کی نئی جہتوں کو تلاش کرنے کی جو بھی کوشش کر رہے ہیں، اس پر بہت سے سوالیہ نشان ہیں۔

مسئلہ محض صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا نہیں ہے بلکہ سابق صدر بائیڈن کی اپنی انتظامیہ کے دور میں بھی تعلقات مثالی نہیں تھے۔ جن لوگوں کا خیال تھا کہ بائیڈن کے دور میں پاکستان امریکا کے درمیان کچھ غیر معمولی تبدیلیاں رونما ہوں گی جو پاکستان کے حق میں ہوں گی مگر ایسا کچھ دیکھنے کو نہیں مل سکا۔ بائیڈن انتظامیہ نے اپنے چار سالہ دور اقتدار میں کسی بھی پاکستانی رہنما سے کوئی براہ راست بات چیت نہیں کی اور نہ ہی ان کے وزیر خارجہ نے پاکستان کا دورہ کرنا مناسب سمجھا۔ امریکا کی سیاست کی سمجھ بوجھ رکھنے والے بہت سے سکہ بند دانشوروں کا کہنا ہے کہ اس وقت امریکا کی ضرورت پاکستان نہیں ہے۔

بہت سے لوگوں کا یہ بھی خیال ہے کہ بائیڈن انتظامیہ کی طرح ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ بھی پاکستان کے ساتھ وہ کچھ نہیں کرے گی جو ہم سمجھ رہے ہیں۔ ایک سوال پاکستان امریکا کے درمیان افغانستان کے حالات ہیں۔ امریکی اور اتحادی فوجوں کے انخلا کے بعد امریکا کا بڑا انحصار پاکستان پر کم دیکھنے کو مل رہا ہے۔ اسی بنیاد پر ہم دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان سفارتی یا ڈپلومیسی کی سطح پر بہت زیادہ گفتگو دیکھنے کو نہیں مل سکی۔ خود نئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی اپنی انتخابی مہم میں بہت زیادہ پاکستان کے تناظر میں گفتگو نہیں کی جو امریکی ایجنڈے کی عکاسی کرتا ہے۔

اگر امریکا بھارت پر بہت زیادہ سرمایہ کاری کر رہا ہے یا اس کی توجہ کا مرکز ہے تو اس کی وجہ چین کے ساتھ امریکا کے نئے تعلقات ہوں گے۔ جب کہ خود پاکستان کا بھی انحصار اس وقت چین پر ہے اور خاص طور پر سی پیک یعنی چائنہ پاکستان اکنامک کاریڈور کے تحت اربوں ڈالر کے چینی منصوبے کی شراکت داری کا ثبوت ہیں۔ امریکا میں بہت سے لوگ پاکستان کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

پاکستان میں یہ خدشہ بھی موجود ہے کہ امریکا کی طرف سے پاکستان چین تعلقات کے تناظر میں بہت زیادہ دباؤ کا سامنا دیکھنے کو مل سکتا ہے۔ حالانکہ ہم یہ نہیں چاہتے۔ پاکستان کی کوشش ہے کہ وہ امریکا اور چین کے درمیان ایک توازن پر مبنی سفارتی کاری اختیار کرے اور یہ تاثر نہ دے کہ ہم کسی ایک ملک کے ساتھ کھڑے ہیں۔ کیونکہ خطرہ یہ ہے کہ اگر امریکا کی طرف سے ہم پر دباؤ آتا ہے اور چین پر مبنی پالیسی پر امریکا کے تحفظات سامنے آتے ہیں تو ایسے میں ہمیں معیشت کے میدان میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

اب افغانستان کے حالات بھی بدل گئے ہیں اور طالبان حکومت کا بہت زیادہ انحصار ہم سے زیادہ بھارت پر ہے۔ اسی طرح پاکستان یہ سمجھتا ہے کہ امریکا بھارت کے ساتھ پاکستان کے تعلقات میں کوئی درمیانی راستہ اختیار کرے گا۔ کیونکہ پاکستان کئی برسوں سے سنجیدہ کوشش کر رہا ہے کہ بھارت کے ساتھ اس کے تعلقات میں بہتری آئے۔ لیکن بھارت کی طرف سے کوئی مثبت جواب نہیں مل رہا۔

ڈونلڈ ٹرمپ کے پہلے دور میں بھی انھوں نے پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات کے حوالے سے اور بالخصوص کشمیر پر ثالثی کی بات کی تھی۔ مگر بھارت کی طرف سے اس پر کوئی مثبت جواب نہیں مل سکا تھا۔ اسی طرح بہت سے لوگوں کا خیال یہ ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی سیاست میں پاکستان کی داخلی سیاست بھی اہمیت اختیار کر سکتی ہے۔

بہت سے لوگوں نے بانی پی ٹی آئی کے معاملے میں ڈونلڈ ٹرمپ سے کافی امیدیں باندھی ہوئی ہیں۔ بظاہر ایسا کوئی ممکن نظر نہیں آتا

ہاؤسنگ اسکیم میں اربوں روپے کا مبینہ فراڈ، سابق سینیٹر وقار احمد خان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) نے زیر تفتیش پاک عرب ہاؤسنگ اسکیم میں اربوں روپے کے گھپلے میں سابق سینیٹر وقار احمد خان کو گرفتار کرلیا۔ سابق سینیٹر وقار احمد خان کو نجی ہاؤسنگ اسکینڈل میں 6 ارب روپے کے مبینہ فراڈ پر گرفتار کیا گیا ہے۔ لاہور ہائی کورٹ نے ملزم وقار احمد خان کی ایک روزہ حفاظتی ضمانت کی استدعا مسترد کی،

مذاکرات کی بات چل پڑی ہے تو حکومت کو سنجیدگی کا اظہار کرنا چاہئے، علی محمد خان

قومی حکومت میں موجودہ حکومت میں ان کی پھیلائی تباہی کا حصہ کیسے بن سکتے ہیں؟ مولانا سے ہمارا رابطہ ہے، آئندہ کسی موقع پر ہماری تحریک اکٹھی بھی ہوسکتی ہے

اسلام آباد (اے ایف بی) پی ٹی آئی علی محمد خان نے کہا ہے کہ اگر مذاکرات کی بات چل پڑی ہے تو حکومت کو سنجیدگی کا اظہار کرنا چاہئے۔ ایک انٹرویو میں اسلام آباد ہائیکورٹ کے آرڈر پر بڑی سنجیدگی سے عملدرآمد کیا، ہائیکورٹ نے کہا تھا کہ احتجاج نہیں کرنا، لیکن ہمارا احتجاج پرامن تھا گولی چلانے کی ضرورت نہیں تھی، اس عدالتی حکم کا دوسرا حصہ تھا کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات کریں، لیکن اس پر کسی نے عمل نہیں کیا، ڈائیلاگ کیلئے ہمارے دو بنیادی نکات ہیں، لیکن جب مذاکرات شروع ہوتے ہیں تو کوئی نہ کوئی راستہ نکل آتا ہے۔ انہوں نے کہا میں سمجھتا ہوں کہ مذاکراتی کمیٹی کے لوگ عوام میں بیانات کی بجائے کمیٹی پر فوکس کریں۔ عمران خان پر سیاسی کیسز ہیں اگر حکومت چاہے تو قیدیوں کی رہائی کر سکتی ہے، قیدیوں کی رہائی کا معاملہ حکومت کے پاس ہے۔

گوادر، جی ڈی اے گوادر شہر کے مختلف مقامات پر انفراسٹرکچر کی تعمیر میں پیش رفت کر رہی ہے

سندھ حکومت نے معدنی وسائل کے شعبے میں بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے دروازے کھول دیے

شفاف نیلامیوں اور جدید اصلاحات کے ذریعے سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ

کراچی (این این آئی) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کی زیر صدارت معدنیات اور معدنی ترقی کے محکمے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری معدنیات طاہر حسین سانگی، ڈائریکٹر جنرل معدنیات ذوالفقار خوشک اور دیگر اعلیٰ تکنیکی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محکمے کی کارکردگی کا اور سندھ کے وسیع معدنی وسائل کی مکمل صلاحیت کو بروئے کار لانے کے لیے اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سیکریٹری سندھ محکمہ میں منصوبوں پر پیش رفت کی آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ ڈائریکٹوریٹ جنرل معدنیات کی بہتری اور بحالی، دفاتر کی تزئین و آرائش، اور ایک جدید منرل ٹیسٹنگ لیبارٹری کے قیام شامل ہیں یہ منصوبے جون 2025 سے جون 2026 تک مکمل کئے جائیں گے۔ اجلاس میں چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ نے محکمے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کو متوجہ کرنے کے لیے اہم ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے معدنیات کی نیلامیوں کو وسیع پیمانے پر مشتہر کرنے اور مکمل شفافیت کو یقینی بنانے پر زور دیا تاکہ سرمایہ کاروں کا اعتماد جیتا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے وافر معدنی وسائل کو ذمہ دارانہ اور شفاف انداز میں استعمال کر کے صوبے کے لیے نمایاں معاشی مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ چیف سیکریٹری نے محکمے کو ہدایت دی کہ وہ پاکستان جیولوجیکل سروے کے ساتھ مل کر ایک جامع مطالعہ کرے

شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلباء وطالبات کے وفد کا آپریشنز ڈویژن کا دورہ

وفد کو آپریشنز ڈویژن کے مرکزی نظام، ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں مکمل آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) فرینڈز آف پولیس پروگرام کے تحت شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے طلباء و طالبات کے وفد کا آپریشنز ڈویژن کا دورہ، وفد کو آپریشنز ڈویژن کے مرکزی نظام، ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں مکمل آگاہ کیا گیا، وفد کو شہر میں پٹرولنگ اور پولیس کی موثر کارکردگی اور افادیت کے بارے میں بھی بتایا گیا ... کا دورہ کیا، وفد کو سپرٹینڈنٹ آف پولیس سواں زون پری گل ترین نے آپریشنز ڈویژن کے مرکزی نظام اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں بریف کیا، وفد کو آپریشنز ڈویژن کے مرکزی نظام اور ان کے طریقہ کار اور افادیت کے بارے میں مکمل آگاہ کیا گیا، وفد کو آپریشنز ڈویژن کا دورہ کرواتے ہوئے پولیس کے مرکزی نظام، تفتیش، تھانہ جات، دفاتر کی ورکنگ، کمیونٹی پولیسنگ ...

غزہ پر اسرائیل کی وحشیانہ بمباری جاری، تازہ حملے میں حماس رہنما سمیت مزید 5 فلسطینی شہید

امریکا کی اسرائیل کو ہر ممکن امداد کی یقین دہانی، غزہ میں قتل عام بند ہونا چاہیے، یورپی یونین کی پالیسی چیف کا مطالبہ

غزہ، واشنگٹن، قاہرہ (اے ایف پی) غزہ پر اسرائیل کی وحشیانہ کارروائیاں جاری ہیں اور ناصر اسپتال پر تازہ حملے میں حماس رہنما سمیت مزید 5 فلسطینی شہید اور متعدد زخمی ہوگئے، دوسری جانب صیہونی فوج نے عید سے پہلے غزہ میں کارروائیاں تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ... میڈیا رپورٹس کے مطابق فضائی حملوں سے اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان جنگ بندی کو خطرہ لاحق ہے، جنگ بندی معاہدے کے باوجود اسرائیلی فوج کے غزہ پر 5 روز سے وحشیانہ حملے جاری ہیں ...

مسئلہ کشمیر کا حل جنوبی ایشیاء کے امن کیلئے از حد ضروری ہے، صدر آزاد کشمیر

اُمہ مسئلہ کشمیر کے حل، مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی پامالی بند کرانے کیلئے بھارت پر دباؤ ڈالے

دھیر کوٹ (این این آئی) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ میں نے حال ہی میں برطانیہ اور امریکہ کا دورہ کیا ہے اور انٹرنیشنل کمیونٹی کو باور کرایا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا حل جنوبی ایشیاء کے امن کے لئے از حد ضروری ہے ...

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سے چیئرمین پرائم منسٹر انسپکشن کمیشن مظفر علی رانجھا کی ملاقات

ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کرکے ان کی جلد تکمیل کو یقینی بنانے پر اتفاق کیا گیا

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈا پور سے چیئرمین پرائم منسٹر انسپکشن کمیشن بریگیڈیئر ریٹائرڈ مظفر علی رانجھا نے وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ پشاور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں خیبر پختونخوا میں فیڈرل پی ایس ڈی پی کے تحت ترقیاتی منصوبوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ...

سندھ یونائیٹڈ پارٹی کی جانب سے ورکرز اجلاس میں رہنما اسٹیج پر بیٹھے ہوئے ہیں

لاہور، وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پاک نیوی وار کالج کا دورہ کر رہے ہیں

میر واعظ عمر فاروق کا کشمیری نظر بندوں کی رہائی کا مطالبہ

عالمی برادری سے تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے کردار ادا کرنے کی اپیل

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی زیرصدارت محکمہ صحت کے ذیلی اداروں ہیلتھ کیئر کمیشن کا اجلاس

علی امین نے ہیلتھ کیئر کمیشن کو صوبے میں صحت کی سہولیات کو معیاری اور بہتر بنانے کیلئے پلان بنا کر اس پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا ضلع کرم میں دائمی امن کا خواہاں ہے، بیرسٹر سیف

حکومت گرینڈ جرگہ اور فریقین کی تجاویز اور سفارشات پر عملدرآمد کرائے گی، مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا

اسپیکر صوبائی اسمبلی اور مشیر صحت کی زیرصدارت مانسہرہ میں صحت کے مسائل پر اعلیٰ سطح اجلاس

ایم پی اے اکرام اللہ، سیکرٹری صحت عدیل شاہ، ڈی جی ہیلتھ ڈاکٹر محمد سلیم اور دیگر متعلقہ حکام کی شرکت

دولت، شہرت اہم نہیں، رب کی بارگاہ میں تقویٰ کے سبب بلند مقام ملتا ہے، شاہ عبدالحق

وفاق کی مضبوطی کیلئے نئے صوبے بنانا ہونگے، ڈاکٹر سلیم حیدر

مہاجر نوجوان تعلیم، ملازمت سے محروم ہیں جبکہ سندھ میں کوٹہ سسٹم اور ... جاری ہیں، چیئرمین مہاجر اتحاد تحریک

اسلام آباد، اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سواتی، چین کے نائب سفیر یوان چانگ کے ہمراہ سفارتی تعلقات کی 74 ویں سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب کا غریب آباد اربن فاریسٹ کا دورہ

ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کے لئے شجرکاری کی اہمیت کو نظرانداز نہ کیا جائے، فراز حسیب

اسلام آباد، مسلم لیگ (ن) کے رہنما انجم عقیل خان کا چیئرمین پریس کونسل پاکستان ارشد خان جدون و دیگر گول میز کانفرنس کے شرکاء کے ہمراہ فوٹو

سابقہ اہلیہ اور سسرالیوں کی 3 کروڑ کی مانگ سے تنگ شخص نے خودکشی کرلی

واقعہ ریاست کرناٹکا میں پیش آیا جہاں 34 سالہ شخص سہاش اٹل نے اپنی جان لے لی

فعال اور موثر پالیسیوں نے چین کی اقتصادی ترقی کو استحکام فراہم کیا ہے، چینی میڈیا

پشاور، صوبائی وزیر سماجی بہبود قاسم علی شاہ پشاور یونیورسٹی میں منعقدہ نمائش میں فن پارے دیکھ رہے ہیں

مینہ طور پر تاوان کیلئے اغوا کئے گئے دونوں جوانوں کو قتل کرکے لاشیں نہر کنارے پھینک دی گئیں

قاتل بگڑی دوست اور بھائی بھی نہیں گرفتار کر لیا، بائیس سالہ ابراہیم، چوبیس سالہ عبدالرحیم اغوا ہوئے تھے

بیرسٹر سلطان سے محمد فاروق حیدر کی ملاقات

مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے پر اتفاق

واٹا، میٹرک امتحان میں درجن سے زائد پوزیشن ہولڈرز طلبہ میں نقدی انعامات تقسیم

حریت رہنماؤں کا مولانا عبدالعزیز علوی کے انتقال پر اظہار تعزیت

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشتگردی بمقام حب

مقدمہ نمبر 68/26 FIR نمبر 132/25 ...

Special Judge Anti-Terrorism Court Lasbela at Hub

PRQ No1629/29-09-2026

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer (Building) CWPP&H Department District Surab invites sealed tender based on composite schedule of rates,2026 G.O. B amended up to date from interested contractors/firms for the work listed below **BSDI Phase-III**

S.No	Name of work	Estimated Cost	Earnest Money	Time Limit
1.	REPAIR AND MAINTENANCE OF ADC (R) HOUSE SURAB DISTROYED IN MAY 2025. TSE-2627091200093	19.900 MILLION	2%	30-06-27
2.	CONSTRUCTION OF EXAMINATION HALL AT GBHS LAKHORIAN BEMIS CODE 3151) TSE-2627091200133	19.900 MILLION	2%	30-06-27
3.	REPAIR & RENOVATION OF HISTORICAL AND CULTURAL MUSEUM SURAB. TSE-2627091200153	19.899 MILLION	2%	30-06-27
4.	SOLARIZATION AND REPAIR OF BUILDING OF DISEASE INVESTIGATION LABORATORY AT CIVIL VETERINARY HOSPITAL a/w MAIN STORE SURAB. TSE-2627091200183	29.850 MILLION	2%	30-06-27
5.	CONSTRUCTION OF WATCH TOWERS ROOMS, RASING OF BOUNDARY WALL, BARDEB WIRE, MAIN GATE, LANDSCAPING & CONF: ROOM RENOVATION AT D.C COMPLEX DISTRICT SURAB. TSE-2627091200253	19.900 MILLION	2%	30-06-27

The procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014. **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in the category C-6 or above for which one is applicable with relevant discipline and registration with tax authorities' i.e. (NTN, Sales Tax Department and Balochistan Revenue Authority), where applicable. Turnover last three years showing financial capacity of the firm. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Affidavit of no Litigation Non- Black Listing history where decision went against the Firm. The contractor must produce an oath certificate duly attested by oath commissioner narrating that all the supporting documents attached with bid are not fake, in case if any document at any stage of the contract found fake. The action will be taken against the firm and its owner. Bidder Must have submitted E Challan BPRRA. **METHOD OF PROCUREMENT: National Competitive Bidding Procedure: Single stage – One envelope bidding procedure. BIDDING/TENDER DOCUMENTS: Issuance:** The contractor/firm having registered with PEC in aforementioned category in relevant discipline can obtained bidding document from the addressed mentioned below on production of green challan form for an amount of Rs.1500/(Non Refundable) deposited in the head of account C-02706 through Government treasury/ National Bank Pakistan or can be downloaded from website of BPPRA, from the date of publication of this invitation on the website of BPPRA till one day prior to the last date of submission. The contractor/firm who obtained bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan from above mentioned fee. The document if requested by mail will be promptly dispatched by registered mail for which cost of mail will be by the applicant, however, under no circumstances the procuring agency will be held responsible for last delivery or loss of document so mailed. Earnest money as mentioned above should be submitted in the form of bank guarantee or deposited at call from a scheduled Bank. **Dead Line Of submission:** The bidding documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **13-10-2026** at 11:00 AM. **Opening:** The tender document will be opened on **13-10-2026** at 12:00 PM, before procurement committee in the presence of the contractors or their authorized representative. **Address:** Office of The Deputy Commissioner Surab Tel:**084-4421400** **Email Address**: 03358200773h@gmail.com Term and conditions are mentioned (incorporated) in detailed in bidding documents. Procuring agency may cancel the bidding process at any time prior to acceptance of bid or proposal as per provision of BPPRA Rules, 2014.

Executive Engineer(Buildings)
CWPP&H Department
District Surab

DPRQ/PRQ No.1605/29-09-2026
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

REQUEST FOR PROPOSAL (RFP)

REQUEST FOR TECHNICAL & FINANCIAL PROPOSALS

TSE-2627091199994 only electric bid will be submitted, No physical bid is required Request for proposal for selection of consultancy service invites on electric public procurements system (EPPS) from well reputed National firms service provider meeting with eligibility criteria , viz having registration with FBR for income tax and BRA and who are on active tax payers list (ATL) and or not blacklisted in any procuring agency or authority for preparation of hiring of " Preliminary and detail design of SUB/ Super Structural Components such as footing, columns, beams and slab in accordance with the Nature of soil as per site , Engineering Design of infrastructure Utility Services , Drainage ,Water Supply &Sewerage, Works and other required services ,Generation of all Architectural & relevant Detailed structural working drawings of structural members" for the mentioned below work.

Tender Fee 2% and Green Challan Rs.1000/-

S.No	Name of Work	E/Cost
1.	HIRING OF CONSULTANCY SERVICES FOR CONSTRUCTION OF B/T ROAD FROM BAB E CHORI TO GOWARI ZAI KHALIQABAD DISTRICT KALAT.	3,940,000

The Procurement shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up to date. ELIGIBILITY OF BIDDERS: 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Turnover of at least 3,900,000 PKR Amount in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan PEC/PCAD Registration All bidders must submit the original deposit challan and original Call Deposit Receipt (CDR) . The Financial Proposals shall be opened of those consultants whose technical proposal is considered and approved. The selection of consultants shall be made as per Evaluation Criteria method as mentioned in the "Date Sheet" of the "Request for Proposal" documents. The incomplete request for proposal or received after due date mentioned above will not be considered. The RFP Documents can be downloaded from BPPRA Website. (www.bprra.gob.pk) Last Date of Bid Submission: The tender must be submitted latest of 13 October, 2026 till 10:30AM. Tender Opening: All tenders will be opened on same day at the below mention office at 11:30 AM.

Executive Engineer Roads
CWPP&H Department Kalat

DPRQ/PRQ No.1600/29-9-2026
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
قیمت 20 روپے
فون وفیکس 0853-310203

SPORTS سپورٹس

محمد رضوان کا عدم تعاون تحقیقات میں تاخیر کا باعث بننے لگا

آج بار پھر رابطہ کیا جائے گا، تعاون نہ کیا تو قانون کے مطابق نوٹس جاری ہوگا، ذرائع

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے کرکٹرز محمد رضوان اور امام الحق سے متعلق این سی سی آئی اے کی تحقیقات جاری ہیں جبکہ ادارے کے ذرائع نے کہا ہے کہ محمد رضوان کی جانب سے مبینہ عدم تعاون کے باعث تحقیقات میں تاخیر ہو رہی ہے۔ این سی سی آئی اے ذرائع کے مطابق محمد رضوان سے متعدد مرتبہ رابطہ کر کے تحقیقات میں تعاون کرنے کی درخواست کی گئی تاہم بھرپور کوششوں کے باوجود ان کی جانب سے مثبت جواب نہیں ملا۔ ذرائع کے مطابق کبھی رابطہ نہیں ہو سکا اور کبھی رضوان کی جانب سے وکیل سے مشاورت کرنے کا کہا گیا، تحقیقات میں تعاون کے لیے پیر کو محمد رضوان سے ایک بار پھر رابطہ کیا جائے گا، اگر اس کے باوجود تعاون نہ کیا گیا تو قانون کے مطابق انہیں نوٹس جاری کرنے سمیت دیگر کارروائی پر غور کیا جا سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق ادارہ چاہتا ہے کہ محمد رضوان تحقیقات میں تعاون کریں تاکہ معاملے کو جلد از جلد منطقی انجام تک پہنچایا جا سکے، عدالتی ہدایات کی روشنی میں ادارہ اس معاملے میں احتیاط سے کارروائی کر رہا ہے۔

نیشنز لیگ، متنازع انداز میں جشن، اسرائیلی کھلاڑی کو ریڈ کارڈ

ریفری نے یلو کارڈ کے صرف چار منٹ بعد دوسرا یلو کارڈ دکھا کر میدان سے باہر بھیج دیا

ویانا (این این آئی) اسرائیل کے فٹبالر سعید ابو فرجی کو آسٹریا کے خلاف نیشنز لیگ کے میچ میں گول کر کے متنازع انداز میں جشن منانے پر ریڈ کارڈ دکھا دیا گیا۔ دوسرے ہاف کے آغاز میں ابو فرجی نے گول کر کے مقابلہ 1-1 سے برابر کیا۔ اس کے بعد وہ بھاگتے ہوئے کارنر کی جانب گئے، کارنر فلیگ نکالا اور گھٹنے کے بل بیٹھ کر فلیگ کو ہاتھ پر رکھ کر ایسا اشارہ کیا جیسے فائرنگ کر رہے ہوں۔ یہ واضح نہیں ہو سکا کہ وہ کسی کھیل کے انداز کی نقل کر رہے تھے یا ہتھیار چلانے کا اشارہ دے رہے تھے۔ ریفری نے انہیں پہلے یلو کارڈ کے صرف چار منٹ بعد دوسرا یلو کارڈ دکھا کر میدان سے باہر بھیج دیا۔ آسٹریا نے اضافی کھلاڑی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے میچ 3-1 سے جیت لیا۔ رومانو شمٹ نے پنالٹی پر ابتدائی گول کیا جبکہ فلپ موینے اور ساشا کالاوزیچ نے آخری لمحات میں گول کر کے آسٹریا کی فتح یقینی بنائی۔

جنوبی افریقا کو شکست دیکر سیریز میں کم بیک کرینگے، مچل مارش

ٹیم نے پروٹیز کے خلاف دوسرے میچ کے لئے حکمت عملی تیار کر رکھی ہے، گفتگو

جوہانسبرگ (این این آئی) آسٹریلیا کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز اوپننگ بلے باز اور کپتان مچل مارش نے کہا ہے کہ میزبان جنوبی افریقا کے ہاتھوں ابتدائی ایک روزہ بین الاقوامی کرکٹ میچ میں شکست کے باوجود ٹیم کے حوصلے پست نہیں ہوئے، میزبان ٹیم کو دوسرے میچ میں شکست دیکر سیریز میں جاندار کم بیک کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو میں مچل مارش نے کہا کہ انکی ٹیم نے پروٹیز ٹیم کے خلاف دوسرے میچ کے لئے حکمت عملی تیار کر رکھی ہے۔ 34 سالہ مچل مارش نے کہا کہ میزبان ٹیم نے پہلے میچ میں اچھا کھیل پیش کرتے ہوئے کامیابی حاصل کی، تاہم ٹیم کو دوسرے میچ میں کارکردگی کو مزید بہتر بنانا ہوگا۔ کینگروز ٹیم کے اوپننگ بلے باز اور کپتان نے مزید کہا کہ وہ پروٹیز کے خلاف دوسرے میچ شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کریں گے۔ مچل مارش نے کہا کہ وہ مکمل طور پر فٹ ہیں اور جنوبی افریقا کے خلاف سیریز کے دوسرے میچ میں شرکت کے لئے بے تاب ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سیریز کے پہلے میچ میں میزبان ٹیم کے ہاتھوں شکست کے باوجود ٹیم کے حوصلے پست نہیں ہوئے، دوسرے میچ میں کامیابی حاصل کر کے سیریز میں جاندار کم بیک کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ میزبان ٹیم کو اس کی سرزمین پر شکست دینا آسان نہیں ہے تاہم انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقا کے خلاف سیریز میں کم بیک کرنے کے لئے ٹیم کو تینوں شعبوں میں سو فیصد کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

زیدان نے فرانس کی فٹ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ کا عہدہ سنبھال لیا

سنہ 1998 کے ورلڈ کپ میں برازیل کے خلاف فائنل میں دو گول کیے تھے

پیرس (این این آئی) زین الدین زیدان نے فرانس کی قومی فٹ بال ٹیم کے ہیڈ کوچ کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ فرانس کی قومی فٹبال ٹیم ترکیہ کے خلاف میچ میں 14 سال بعد پہلی مرتبہ نئے ہیڈ کوچ کے ساتھ میدان میں اترے گی، جہاں سابق عالمی چیمپئن زین الدین زیدان کی کوچ کی حیثیت سے نئی ذمہ داری کا آغاز ہوگا۔ زیدان نے فرانس کے ورلڈ کپ میں چوتھی پوزیشن حاصل کرنے کے بعد ڈیڈیئر دیشامپ کی جگہ سنبھالی ہے۔ تاہم دونوں کے درمیان رابطے فروری 2025 میں ہی شروع ہو گئے تھے، جب دیشامپ نے اعلان کیا تھا کہ وہ 2026 کے ورلڈ کپ کے بعد عہدہ چھوڑ دیں گے۔ زیدان نے کوچ بننے کے بعد کہا کہ گزشتہ 4 سے 5 برسوں کے دوران انہیں کئی پیشکشیں ہوئیں لیکن انہوں نے سب مسترد کر دیں، کیونکہ ان کی خواہش صرف فرانس کی قومی ٹیم کی کوچنگ کرنا تھی۔ فرانس کے سابق عظیم مڈفیلڈر کا کہنا ہے کہ وہ ٹیم میں کچھ تبدیلیاں ضرور لائیں گے، تاہم دیشامپ کے دور کے کام کو مکمل طور پر ختم نہیں کیا جائے گا۔ زیدان نے اس وقفے کے لیے 5 ایسے کھلاڑیوں کو بھی سکواڈ میں شامل کیا ہے جو ابھی تک فرانس کی سینئر قومی ٹیم کی جانب سے نہیں کھیلے۔ زیدان بطور کھلاڑی فرانس کے سب سے کامیاب فٹبالرز میں شمار ہوتے ہیں۔ انہوں نے 1998 کے ورلڈ کپ میں فرانس کو کامیابی دلانے میں اہم کردار ادا کیا اور برازیل کیخلاف فائنل میں 2 گول کیے۔ وہ 2000 میں یورپی چیمپئن شپ کے بہترین کھلاڑی بھی قرار پائے۔ کلب فٹبال میں زیدان نے یووینٹس اور ریال میڈرڈ کے ساتھ لیگ اور یورپی ٹائٹلز جیتے۔ 2001 میں وہ اس وقت کی ریکارڈ فیس 45.8 ملین پاؤنڈ میں ریال میڈرڈ کا حصہ بنے۔

چین کی گوانگ ڈونگ مینڈزہا کی ٹیم پاکستان کا دورہ کریگی

ٹیم اسلام آباد، راولپنڈی، واہ کینٹ، نارووال، لاہور اور گوجرہ کے دورے کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) چین کی گوانگ ڈونگ مینڈزہا کی ٹیم 12 سے 30 اکتوبر 2026 تک پاکستان کا 18 روزہ تفصیلی دورہ کرے گی جس کے دوران چین کی ٹیم پاکستان کی بہترین ادارہ جاتی (انسٹی ٹیوشنل) ٹیموں کے علاوہ انڈر 21 اور انڈر 18 کی ابھرتی ہوئی ٹیموں کے خلاف مقابلے کرے گی۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے اس دورے کا جامع شیڈول فائنل کر لیا ہے، چائنیز ٹیم اسلام آباد، راولپنڈی، واہ کینٹ، نارووال، لاہور اور گوجرہ کے دورے کرے گی، جس کا مقصد دونوں ممالک کے کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر کھیلنے کا بہترین موقع فراہم کرنا ہے۔ گوانگ ڈونگ ہاکی ٹیم 12 اکتوبر کو پاکستان پہنچے گی جبکہ دورے کا باقاعدہ آغاز 13 اکتوبر کو خوش آمدیدی عشائیے سے ہوگا۔ دورے کا پہلا میچ 14 اکتوبر کو ایم پی سی ایل (MPCL) ہاکی اسٹیڈیم راولپنڈی میں گوانگ ڈونگ اور ایم پی سی ایل کے درمیان کھیلا جائے گا۔ اس کے بعد 15 اکتوبر کو چائنیز ٹیم کا مقابلہ نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم اسلام آباد میں پاکستان آرمی سے ہوگا۔ اسلام آباد لیگ کے دوران 17 اکتوبر کو پاکستان نیوی اور 20 اکتوبر کو پی ڈی سی کے خلاف میچز نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے، جبکہ 18 اکتوبر کو واہ کینٹ ہاکی اسٹیڈیم میں پاکستان پولیس کے خلاف میچ ہوگا۔ مہمان ٹیم 16 اکتوبر کو اسلام آباد کا تفریحی دورہ بھی کرے گی۔ اسلام آباد لیگ کے بعد، گوانگ ڈونگ کی ٹیم 21 اکتوبر کو لاہور روانہ ہوگی۔ ایک دن کے آرام اور ٹریننگ کے بعد، مہمان ٹیم 23 اکتوبر کو ڈی ایچ اے ہاکی اسٹیڈیم لاہور میں پاکستان کسٹمز اور 24 اکتوبر کو اسپورٹس کمپلیکس نارووال میں پاکستان رینجرز کے مدمقابل آئے گی۔ اس دورے کی ایک اہم خصوصیت پاکستان کے نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ گوانگ ڈونگ کی ٹیم 26 اکتوبر کو نیشنل ہاکی اسٹیڈیم گوجرہ میں پاکستان انڈر 21 اور 27 اکتوبر کو ڈی ایچ اے ہاکی اسٹیڈیم لاہور میں پاکستان انڈر 18 کے خلاف میدان میں اترے گی۔ دورے کا اختتام 29 اکتوبر کو مختلف سرگرمیوں کے ساتھ ہوگا، جن کی تفصیلات جلد جاری کی جائیں گی، جس کے بعد چائنیز وفد 30 اکتوبر 2026 کو وطن واپس روانہ ہو جائے گا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی کا کہنا ہے کہ یہ دورہ پاکستان اور چین کے درمیان کھیل اور بالخصوص ہاکی کے شعبے میں روابط کو فروغ دینے کا ایک اہم ذریعہ بنے گا۔ ان میچز کے ذریعے بالخصوص جونیئر سطح کے پاکستانی کھلاڑیوں کو ایک بین الاقوامی ٹیم کے خلاف کھیل کر بہترین تجربہ حاصل ہوگا۔ پی ایچ ایف تمام متعلقہ ٹیموں، گراؤنڈز اور سٹیک ہولڈرز کے تعاون سے میچز اور دیگر سرگرمیوں کے باقاعدہ اور پرامن انعقاد کو یقینی بنائے گی۔

ارشد ندیم ایشین گیمز میں میڈل کی دوڑ سے باہر ہو گئے

انٹرنیشنل سطح پر کھیلنے سے کھلاڑیوں کو سیکھنے کا موقع ملتا ہے، صدر پاکستان باکسنگ فیڈریشن

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) ناگویا میں جاری ایشین گیمز کے ایتھلیٹکس مقابلوں میں پاکستان کے تین کھلاڑی آج ایکشن میں تھے، تاہم ارشد ندیم جیولین تھرو کے مقابلے میں میڈل کی دوڑ سے باہر ہو گئے۔ ارشد ندیم نے پہلی کوشش میں نیزہ 76.69 میٹر دور پھینکا جبکہ دوسری کوشش فاؤل ہو گئی۔ تیسری کوشش میں انہوں نے بہتر کارکردگی دکھاتے ہوئے 80.29 میٹر کی تھرو کی جس کے بعد وہ چوتھے نمبر پر آ گئے۔ تاہم ارشد ندیم کی چوتھی، پانچویں اور چھٹی کوشش بھی فاؤل ہو گئی جس کے باعث وہ میڈل حاصل کرنے کی دوڑ سے باہر ہو گئے۔ جیولین تھرو میں یاسر علی بھی پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں جبکہ انصر عباس لانگ جمپ کے مقابلے میں ایکشن میں ہیں۔

فٹبال کوچنگ کورس راولپنڈی میں منعقد کروانے کی منصوبہ تیار

کوچنگ کورس کی رجسٹریشن کے لئے فارم 2 اکتوبر تک جمع کروا سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوی ایشن (ڈی ایف اے) راولپنڈی نے پی ایف ایف ڈی سرٹیفکیٹ لائسنس فٹ بال کوچنگ کورس راولپنڈی میں منعقد کروانے کی منصوبہ بندی تیار کر لی ہے۔ ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوی ایشن راولپنڈی کے صدر راجہ محمد اشتیاق نے بتایا کہ کورس کے فارم تمام رجسٹرڈ فٹ بال کلبوں کے عہدیداروں کو بھیج دیئے گئے ہیں اور کلبوں کے عہدیداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ کورس کی رجسٹریشن کے لئے فارم 2 اکتوبر تک جمع کروا سکتے ہیں۔ اس کے بعد قابل قبول نہیں ہونگے۔ واضح رہے کہ کورس میں شرکت کرنے والوں کے لئے عمر کی حد 18 سے 35 سال مقرر کی گئی تھی لیکن ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوی ایشن راولپنڈی کے صدر راجہ محمد اشتیاق جو کہ پاکستان فٹ بال فیڈریشن کے رکن کانگریس بھی ہیں کی درخواست پر پاکستان فٹ بال فیڈریشن نے کورس میں شرکت کرنے والوں کیلئے عمر کی حد 18 سے 40 سال مقرر کر دی ہے۔

پاکستانی کرکٹرز ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں شرکت نہیں کر سکیں گے

گزشتہ سال بھارتی ٹیم نے پاکستان چیمپئنز کے ساتھ مقابلے سے انکار کر دیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز میں پاکستانی کرکٹرز کو شرکت کیلئے اجازت نہیں ملے گی۔ ذرائع کے مطابق کوئی بھی ٹیم پاکستان کا نام بھی استعمال نہیں کر سکے گی۔ گزشتہ سال بھارتی ٹیم نے پاکستان چیمپئنز کے ساتھ مقابلے سے انکار کر دیا تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 3 اکتوبر سے یو اے ای میں شروع ہونے والے ایونٹ میں پاکستان چیمپئنز کے نام سے ٹیم شامل ہے۔ 10 اکتوبر کو دبئی میں پاکستان اور انڈین چیمپئنز کا مقابلہ بھی ہونا تھا۔

کرکٹرز کی کوچنگ، تعلیمی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے، عاطف رانا

محسن نقوی کا وژن قابل تعریف ہے، سی او لاہور قلندرز کی میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) لاہور قلندرز کے چیف ایگزیکٹو عاطف رانا نے کہا ہے کہ باصلاحیت کرکٹرز کی کوچنگ، ٹریننگ اور تعلیم کی یکساں سہولیات فراہم کرنا انکی اولین ترجیح ہے، اس بارے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کا وژن قابل تعریف ہے۔ خصوصی گفتگو میں عاطف رانا نے یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی کیساتھ ہونیوالے ایم او یو اور شراکت داری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ باہمی تعاون نوجوان کرکٹرز کیلئے میدان کے اندر اور باہر، دونوں جگہوں پر آگے بڑھنے کی نئی راہیں ہموار کریگا۔ عاطف رانا نے تعلیم اور کرکٹ کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے سے متعلق پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی کے وژن کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ نوجوان کھلاڑی نہ صرف تعلیم یافتہ ہوں بلکہ عملی مہارتوں سے بھی لیس ہوں۔ ملک میں کرکٹ ٹیلنٹ کو نکھارنے اور انہیں اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے لاہور قلندرز اور یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے مابین تین سالہ شراکت داری کا معاہدہ بھی ہوا جس کا بنیادی مقصد کھلاڑیوں کو ہائی پرفارمنس ٹریننگ، اسکالرشپس، کوچنگ اور تعلیم کی یکساں سہولیات فراہم کرنا ہے، ایم او یو پر لاہور قلندرز کے سی ای او عاطف رانا اور یو ایم ٹی کے صدر ابراہیم مراد نے دستخط کیے۔

پاکستان کی فاطمہ ثنا سپر 60 لیگ کھیلنے کیلئے کینیڈا پہنچ گئیں

قومی کپتان کو کینیڈا سپر 60 کے لیے ’وینکوور اینکرز‘ نے اپنی ٹیم میں شامل کر کیا تھا

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا کینیڈا سپر 60 لیگ کے دوسرے سیزن میں شرکت کے لیے کینیڈا پہنچ گئیں۔ فاطمہ ثنا لیگ میں وینکوور اینکرز کی نمائندگی کریں گی۔ پاکستان ویمن ٹیم کی مصروفیات نہ ہونے کے باعث انہیں کینیڈا سپر 60 لیگ کے لیے این او سی جاری کیا گیا ہے۔ فاطمہ ثنا کو رواں سال ہونیوالے کینیڈا سپر 60 کے لیے ’وینکوور اینکرز‘ نے اپنی ٹیم میں شامل کر کیا تھا۔ کینیڈین ٹی 10 لیگ کا دوسرا سیزن 29 ستمبر سے 4 اکتوبر تک کھیلا جائیگا جبکہ اس سے قبل بھی فاطمہ ثنا انگلش ویمنز لیگ دی ہنڈرڈ میں شرکت کر چکی ہیں۔

ابوظہبی ٹی 10 لیگ، فخر زمان یونائیٹڈ ٹائیگرز کے آئیکون پلیئر مقرر

2026 کی لیگ ٹورنامنٹ میں انتظامی اور ساختی تبدیلیوں کے بعد پہلا ایڈیشن ہوگا

اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کے جارح مزاج اوپنر فخر زمان کو 2026 کی ابوظہبی ٹی 10 لیگ کے لیے یونائیٹڈ ٹائیگرز نے سائن کر لیا۔ نئی فرنچائز نے سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے فخر زمان کو اپنا آئیکون پلیئر بنانے کی تصدیق کر دی۔ فخر زمان پاکستان کی جانب سے اب تک 3 ٹیسٹ، 92 ون ڈے اور 120 ٹی 20 انٹرنیشنل میچز کھیل چکے ہیں اور دنیا بھر کی مختلف ٹی 20 فرنچائز لیگز میں بھی کھیلنے کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ 2026 کی ابوظہبی ٹی 10 لیگ ٹورنامنٹ میں انتظامی اور ساختی تبدیلیوں کے بعد پہلا ایڈیشن ہوگا۔ ابوظہبی کرکٹ اینڈ اسپورٹس حب نے اکثریتی حصہ حاصل کیا جبکہ ابوظہبی اسپورٹس کونسل اور امارات کرکٹ بورڈ کی حمایت بھی حاصل ہے۔ رواں سال لیگ کے لیے ٹیموں اور فرنچائز ملکیت کی بولی کا عمل شروع کیا گیا جس کے بعد نئی فرنچائزز سامنے آئیں۔ ابوظہبی ٹی 10 لیگ 7 سے 20 نومبر تک کھیلی جائے گی جس میں 8 ٹیمیں حصہ لیں گی۔



جوئے اور سٹے بازی کیخلاف بولنے پر قتل کی دھمکیاں ملیں، سرفراز نواز

لندن میں نیشنل کرائم ایجنسی کو سٹے بازی اور جوئے کے ثبوت بھی پیش کیے، گفتگو

لندن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر سرفراز نواز نے کہا ہے کہ جوئے اور سٹے بازی کے خلاف بولنے پر انہیں کئی بار جان سے مارنے کی دھمکیاں ملیں۔ خصوصی گفتگو میں انہوں نے کہا کہ لندن میں نیشنل کرائم ایجنسی کو سٹے بازی اور جوئے کے ثبوت بھی پیش کیے۔ سرفراز نواز نے بتایا کہ وہ اپنی نئی کتاب میں جوئے اور سٹے بازی سے متعلق عوام کو آگاہ کریں گے۔ سابق فاسٹ بولر نے کھیلوں میں مبینہ بدعنوانی کے خلاف اپنے مؤقف کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان عناصر کے خلاف تنہا کھڑے رہے جو اپنے مفادات کے لیے کھیلوں کو خاموشی سے اپنے طریقے سے چلاتے رہے۔ 78 سالہ سرفراز نواز پاکستان کی جانب سے 55 ٹیسٹ میچز کھیل چکے ہیں، جن میں انہوں نے 177 وکٹیں حاصل کیں۔ ٹیسٹ کرکٹ میں ان کی بہترین بولنگ 86 رنز کے عوض 9 وکٹیں رہی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر سرفراز نواز نے ٹیسٹ میں 1045 رنز بھی بنائے، جن میں چار نصف سنچریاں شامل ہیں۔ ون ڈے انٹرنیشنل میں سرفراز نواز نے 45 میچز کھیلے اور 63 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ ان کا بہترین بولنگ اسپیل 27 رنز کے عوض 4 وکٹیں رہا۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
قیمت 20 روپے
فون وفیکس 0853-310203

SHOWBIZ شوبز

کبھی شادی کی سالگرہ کی تصاویر شیئر نہیں کیں، تاپسی پنوں

اگر کسی رشتے کی بنیاد احترام پر نہ ہو تو وہ زیادہ عرصے تک قائم نہیں رہ سکتا، اداکارہ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ تاپسی پنو نے کہا ہے کہ کبھی شادی کی سالگرہ کی تصاویر شیئر نہیں کیں، ویڈیو کا وائرل ہونا افسوسناک ہے۔ ایک انٹرویو میں تاپسی پنوں نے بتایا کہ شوہر و سابق ڈنمارک کے بیڈمنٹن کھلاڑی میتھیاس بوئے کو اسی سال ڈیٹ کرنا شروع کیا تھا جس سال بالی ووڈ میں قدم رکھا تھا۔ اداکارہ کے مطابق میتھیاس کے ساتھ رہنا میری زندگی کا بہترین فیصلہ ہے اور مجھے نہیں لگتا کہ میں اس سے بہتر انتخاب کر سکتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ خاندان انسان کو قدرت کی طرف سے ملتا ہے جبکہ شوہر کا انتخاب میرا اپنا فیصلہ تھا جس پر مجھے فخر ہے۔ رشتے کی کامیابی کے بارے میں بات کرتے ہوئے تاپسی نے کہا کہ ایک دوسرے کے لیے تحفظ کا مضبوط احساس میتھیاس کے ساتھ رہنے کی بڑی وجہ ہے، سب سے اہم چیز باہمی احترام ہے، محبت اس کے بعد آتی ہے اور اگر کسی رشتے کی بنیاد احترام پر نہ ہو تو وہ زیادہ عرصے تک قائم نہیں رہ سکتا۔ اداکارہ نے کہا کہ آج کے دور میں لوگ محبت، تعاون اور ساتھ چاہتے ہیں لیکن رشتے قائم رکھنا پہلے کی نسبت مشکل ہوتا جا رہا ہے، شاید لوگوں کی توقعات اور زندگی کی ترجیحات بدل گئی ہیں۔ تاپسی پنو نے بتایا کہ میں نے کبھی اپنی شادی کی سالگرہ کے موقع پر سوشل میڈیا پر تصاویر شیئر نہیں کیں کیونکہ میں اپنی ازدواجی زندگی کو ذاتی معاملہ سمجھتی ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ شادی میں شریک تمام مہمانوں کو تقریب کے 24 گھنٹے بعد تصاویر فراہم کر دی گئی تھیں، شادی میں موبائل فون پر پابندی بھی نہیں تھی مگر مہمانوں، دوستوں اور خاندان کے افراد سے درخواست کی گئی تھی کہ وہ تصاویر سوشل میڈیا پر پوسٹ نہ کریں۔ اس کے باوجود شادی کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی تھی۔ تاپسی نے اسے افسوس ناک قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایسا ان افراد کی وجہ سے ہوا جو براہ راست میری جانب سے مدعو نہیں کیے گئے تھے بلکہ خاندان کی طرف سے تقریب میں شریک ہوئے تھے۔ اداکارہ کے مطابق شادی میں صرف یہی ہدایت کی گئی تھی کہ مہمان تصاویر نہ بنائیں اور اگر بنائیں تو انہیں سوشل میڈیا پر شیئر نہ کریں۔

دانش تیمور کی سنجیدہ اداکاری دیکھ کر مداح رونے کے بجائے ہنس پڑے

جذباتی منظر میں اداکاری کے باعث دانش سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آ گئے

کراچی (این این آئی) معروف اداکار دانش تیمور نئے ڈرامے کے جذباتی منظر میں اپنی اداکاری کے باعث سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آ گئے۔ اس نئے ڈرامے کی حالیہ قسط میں دانش تیمور کے کردار شاہ زاد کو اپنے والد دستور علی خان کی موت کی خبر ملتی ہے، جس پر وہ شدید صدمے اور غم کا اظہار کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ تاہم یہ جذباتی منظر ناظرین کو متاثر نہ کر سکا اور متعدد صارفین نے دانش تیمور کی اداکاری کو غیر فطری قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس منظر کو زیادہ سادہ اور طریقے سے بھی پیش کیا جا سکتا تھا۔ ایک صارف نے لکھا کہ وہ دانش تیمور کے مداح ہیں لیکن ان کی جذباتی مناظر میں اداکاری متاثر کن نہیں، جبکہ ایک اور صارف کے مطابق سنجیدہ منظر دیکھ کر بھی انہیں ہنسی آ گئی۔ دوسری جانب کچھ مداح اس بات پر بھی غور کر رہے ہیں کہ اس ڈرامے میں انکا چہرہ کافی کھچا ہوا اور سخت نظر آ رہا ہے، جس سے اندازہ لگایا جا رہا ہے کہ شائد انہوں نے حالیہ دنوں میں بوٹوکس ٹریٹمنٹ کروایا ہے۔

راجپال یادیو کا مشتاق خان کے انتقال پر اظہار افسوس

یقین نہیں آ رہا جس شخص سے دو گھنٹے قبل ہاتھ ملایا اب وہ موجود نہیں، بالی ووڈ اداکار

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے مزاحیہ اداکار راجپال یادیو نے اداکار مشتاق خان کے انتقال پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یقین نہیں آ رہا جس شخص سے دو گھنٹے قبل ہاتھ ملایا اب وہ موجود نہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بالی ووڈ اداکار مشتاق خان گزشتہ روز 56 سال کی عمر میں پھیپھڑوں کے سرطان کے باعث انتقال کر گئے تھے۔ مشتاق خان کے انتقال پر شوبز شخصیات کی جانب سے تعزیتی پیغامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اداکار راجپال یادیو نے انتقال سے چند گھنٹے قبل ان سے ہونے والی آخری ملاقات کو یاد کرتے ہوئے جذباتی پیغام شیئر کرتے ہوئے کہا کہ میں دوپہر مشتاق بھائی سے ملنے گیا تھا، ان سے بات کی، انہوں نے مجھے دیکھا، ہاتھ ملایا اور میری گفتگو سنتے ہوئے جواب بھی دیتے رہے۔ راجپال نے کہا ہے کہ مجھے اب بھی یقین نہیں آ رہا کہ جس شخص سے میں نے صرف 2 گھنٹے قبل ملاقات کی اور ہاتھ ملایا تھا، وہ اب ہمارے درمیان موجود نہیں۔

ہالی ووڈ اداکارہ ہیڈن پنیٹیئر کی موت کی وجہ سامنے آ گئی

موت فینٹانیل، الپرازولم، میتھوکاربامول اور کواٹیاپائن کے اثرات کے باعث ہوئی

کیرولائنا (این این آئی) فلم ”آئس پرنسس“ سے شہرت پانے والی امریکی اداکارہ ہیڈن پنیٹیئر کی موت کی وجہ سامنے آ گئی۔ 36 سالہ اداکارہ 16 اگست کو امریکی ریاست جنوبی کیرولائنا میں واقع اپنے گھر کے اندر مردہ حالت میں پائی گئی تھیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق اسپتالوں سے باہر، تشدد، اچانک، غیر متوقع اور مشکوک اموات کی آزادانہ تحقیقات کرنے والے حکام کے مطابق اداکارہ کی موت فینٹانیل، 4-ANPP، ... بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہیں جبکہ کچھ انتہائی خطرناک اور جان لیوا منشیات ہیں۔ گرین ول کاؤنٹی کورونرز آفس کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق اداکارہ کی موت کو حادثاتی قرار دیا گیا ہے۔ جنوبی کیرولائنا کے گرین ول کاؤنٹی کورونرز آفس کی جانب سے جاری کی گئی پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق ہیڈن پنیٹیئر کے جسم میں کئی ادویات کے زہریلے اثرات پائے گئے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق اداکارہ کی موت ...

ٹینس اسٹار ارینا سبالینکا نے ماڈل کا روپ دھار لیا

ارینا سبالینکا نے اٹلی میں ہونے والے میلان فیشن شو میں جلوے بکھیر دیئے

روم (این این آئی) ٹینس کی عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی ارینا سبالینکا نے اٹلی میں ہونے والے میلان فیشن شو میں جلوے بکھیر دیئے۔ ارینا سبالینکا نے ایک فیشن میگزین کے شو میں معروف برانڈ کے لیے ماڈل کا روپ دھار لیا، جسے ان کے مداحوں کی جانب سے خوب پسند کیا جا رہا ہے۔ بیلاروس سے تعلق رکھنے والی ٹینس اسٹار سبالینکا 4 گرینڈ سلم ٹورنامنٹ جیت کر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکی ہیں۔ واضح رہے کہ چند روز قبل ٹینس اسٹار نے یو ایس اوپن کے دوران کورٹ میں چرس کی بو پھیلنے پر میچ روک دیا تھا۔ سبالینکا کو تیسرے راؤنڈ کے میچ کے دوران ایک غیر معمولی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا جب اسٹیڈیم میں چرس کی شدید بو پھیلنے پر انہوں نے امپائر کو اس حوالے سے آگاہ کیا تھا۔ سبالینکا نے ازبکستان کی کامیلا راخیموا کے خلاف میچ کے دوران دوسرے سروس گیم میں کھیل کچھ دیر کے لیے روک کر امپائر ایوا اسدرا کی مور سے شکایت کی۔ میچ کے بعد سبالینکا نے واضح کیا کہ انہیں لوگوں کے تفریح کرنے یا بھنگ استعمال کرنے پر اعتراض نہیں تاہم وہ چاہتی ہیں کہ شائقین ٹینس کورٹ کے قریب ایسا نہ کریں کیونکہ اس سے کھیل پر توجہ مرکوز کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔

روینہ ٹنڈن کے ساتھ بھی لال باغیچہ گیا تھا، اداکار گووندا

اگر کچھ شروع ہو رہا ہے تو اس پر اتنی بحث کیوں کی جا رہی ہے؟، میڈیا سے گفتگو

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار گووندا نے مبینہ گرل فرینڈ کومل رانی سوارنکر کے ساتھ لال باغیچہ راجہ پنڈال جانے پر ہونے والی تنقید کا جواب دے دیا۔ گووندا نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ لوگ جس طرح ردعمل دے رہے ہیں، اس سے قبل میں کرشمہ کپور کے ساتھ بھی وہاں گیا تھا اور اس وقت میری فلمیں کامیاب ہوئی تھیں، میں روینہ ٹنڈن کے ساتھ بھی لال باغیچہ گیا تھا اور فلم کامیاب ہوئی، اس بار میں کومل رانی کیساتھ گیا اور فلم کیلئے دعا کی۔ انہوں نے فلم اور کومل رانی کے ساتھ اپنے تعلقات سے متعلق مسلسل قیاس آرائیوں پر کہا کہ اگر کچھ شروع ہو رہا ہے تو اس پر اتنی بحث کیوں کی جا رہی ہے؟ میں مشہور ہو رہا ہوں تو لوگوں کو اس سے کیا تکلیف ہے۔

ایک سال تک بینائی سے مکمل طور پر محروم رہا، حسن شہریار یاسین

تجربے نے ذہنی دباؤ میں مبتلا کر دیا تھا، جس کے بعد زندگی یکسر بدل گئی تھی، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی فیشن انڈسٹری کے مقبول ڈیزائنر و اداکار حسن شہریار یاسین المعروف ایچ ایس وائی نے دونوں آنکھوں کی بینائی سے محرومی کا انکشاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں تقریباً ایک سال تک دونوں آنکھوں کی بینائی سے مکمل طور پر محروم رہا۔ ایک حالیہ انٹرویو میں فیشن ڈیزائنر و اداکار نے بتایا کہ اس تجربے نے مجھے شدید ذہنی دباؤ میں مبتلا کر دیا تھا، جس کے بعد زندگی کو دیکھنے اور محسوس کرنے کا میرا انداز بھی بدل گیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جب تک میرے دوست نے گاڑی کے شیشے صاف کیے گاڑی سڑک سے اتر کر کسی چیز سے ٹکرا چکی تھی، میں ونڈ اسکرین سے ٹکرا گیا، اس حادثے کے نتیجے میں میری دونوں آنکھوں کی بینائی چلی گئی تھی۔ ایچ ایس وائی نے کہا کہ اچانک بینائی سے محرومی نے مجھ پر گہرا اثر ڈالا، بینائی ختم ہونے کے بعد مجھے اپنے دیگر حواس پر زیادہ انحصار کرنا پڑا۔ انہوں نے بتایا کہ جب کسی کی آنکھیں کام کرنا چھوڑ دیتی ہیں تو اس کے دوسرے حواس زیادہ تیز ہو جاتے ہیں، میں 4 کمروں کے فاصلے سے ...

کسی بچے کو غربت کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہیں ہونا چاہیے، ریشم

صاحب ثروت افراد خیرات کیساتھ تعلیمی منصوبوں میں بھی سرمایہ کاری کریں، گفتگو

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ صاحب ثروت شخصیات مستحق خاندانوں کے بچوں کی تعلیم کے لیے خصوصی منصوبے شروع کریں کیونکہ بہت سے باصلاحیت بچے صرف مالی مشکلات کے باعث تعلیم جاری نہیں رکھ پاتے اور چائلڈ لیبر پر مجبور ہیں۔ ایک انٹرویو میں ریشم نے کہا کہ اگر مخیر حضرات ایسے بچوں کی تعلیمی کفالت کی ذمہ داری اٹھائیں تو ان کے مستقبل کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بچے کو غربت کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہیں ہونا چاہیے۔ ریشم نے کہا کہ تعلیم صرف ایک فرد نہیں بلکہ پورے خاندان کی زندگی بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے صاحب ثروت افراد سے اپیل کی کہ وہ خیرات کے ساتھ ساتھ مستقل تعلیمی منصوبوں میں بھی سرمایہ کاری کریں تاکہ مستحق بچوں کو باعزت مستقبل دیا جا سکے۔

اچھے ڈرامے آج بھی لوگوں کو ٹی وی کے سامنے بٹھاتے ہیں، احسن اقبال

ڈرامہ سیریل ”آپ کی عزت“ میں تمام فنکاروں نے اپنا حق ادا کیا ہے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) پاکستان ڈرامہ انڈسٹری کے نامور اداکار احسن خان نے کہا ہے کہ ڈرامہ آپ کی عزت کے کردار نے مجھے اپنی طرف متوجہ کیا اور پھر میں نے بھی دل و جان سے کردار کو نبھایا، ڈرامے میں شامل تمام فنکاروں نے اداکاری کا حق ادا کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ لوگ ڈرامے کو بیحد پسند کر رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں احسن خان نے کہا کہ عروہ حسین نے اپنے کردار میں کمال اداکاری کا مظاہرہ کیا ہے اور ان کی اداکاری قابل تعریف ہے بلکہ ہر کوئی ان کے کام کی تعریف کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈرامے کے تمام فنکاروں نے اپنے اپنے کرداروں کے ساتھ بھرپور انصاف کیا ہے۔ احسن خان نے کہا کہ مضبوط کہانی، جاندار کردار اور فنکاروں کی بہترین پرفارمنس نے ڈرامے کو ناظرین میں مقبول بنایا ہے۔ یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ اچھے ڈرامے ہوں تو لوگ آج بھی وقت نکال کر ٹی وی کے سامنے بیٹھتے ہیں۔

بڑے ہیروز کی فلمیں فلاپ ہونے سے خوفزدہ تھا، غلام محی الدین

شباب کیرانوی نے حوصلہ دیا، میرا نام ہے محبت سپرہٹ ہوگئی، سینئر اداکار کی گفتگو

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار غلام محی الدین نے انکشاف کیا ہے کہ جب فلم انڈسٹری کے نامور ہیروز محمد علی، ندیم بیگ، وحید مراد اور شاہد جیسے بڑے ہیروز کی فلمیں بھی ناکامی کا شکار ہونے لگیں تو میں خوفزدہ ہو گیا تھا اور اسی صورتحال کے باعث امریکہ منتقل ہونے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ ایک انٹرویو میں غلام محی الدین نے کہا کہ یہ محمد علی، ندیم بیگ، وحید مراد اور شاہد کا عروج کا دور تھا لیکن اس کے باوجود ان کی فلمیں فلاپ ہو رہی تھیں جس سے انہیں بھی یہ خوف لاحق ہو گیا تھا کہ اگر ان کی فلمیں ... کہ اس زمانے میں ٹی وی پر مرکزی کردار کا معاوضہ ساڑھے چار سو سے پانچ سو روپے تک ہوتا تھا اور وہ رقم بھی چند دنوں میں خرچ ہو جاتی تھی۔ اسی دوران فلمساز اور ہدایتکار شباب کیرانوی سے ملاقات ہوئی جنہوں نے انہیں فلمی دنیا میں آگے بڑھنے کے لیے حوصلہ دیا اور کہا کہ تم فلم کے اداکار ہو، کامیاب ضرور ہو گے، تاہم خدانخواستہ ناکام ہوئے تو وہ خود مجھے امریکہ بھجوا دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شباب کیرانوی کی حوصلہ افزائی کے بعد انہیں فلم میرا نام ہے محبت میں ہیرو کاسٹ کیا گیا ...

تھیٹر مافیا کچھ بھی کر سکتا ہے، اب خاموش نہیں رہوں گا، طاہر انجم

آصف اقبال کا انتقال تھیٹر کے لیے بہت بڑا نقصان ہے، انٹرویو میں اظہار خیال

لاہور (این این آئی) اسٹیج کے نامور اداکار طاہر انجم نے کہا ہے کہ آصف اقبال کا انتقال تھیٹر کے لیے بہت بڑا نقصان ہے، یہ ایک تسلسل ہے، جس میں مکان کی اینٹیں ایک ایک کر کے گر رہی ہیں، اب اگر میں بات کروں گا تو تھیٹر بھی بچے گا اور ایوان بھی بچیں گے، لگتا ہے اب مجھے میدان میں آنا پڑے گا۔ ایک انٹرویو میں طاہر انجم نے کہا کہ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری تھیٹر کے معاملات کے حوالے سے بھرپور کوششیں کر رہی ہیں اور بہت اچھا کام کر رہی ہیں، تھیٹر والے نہیں بلکہ صرف فنکار پریشان ہیں، یہاں جو حکومتیں آتی رہی ہیں تھیٹر کے لئے دو ماہ کی مہم چلتی تھی، بعد ازاں حکومت اور بیوروکریسی کو ٹریپ کر کے ڈی ٹریک کر دیا جاتا تھا۔ عظمیٰ بخاری انتہائی قابل وزیر ہیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب کی مضبوط ٹیم کا حصہ ہیں، لیکن تھیٹر میں موجود مافیا کچھ بھی کر سکتا ہے اور کسی کو بھی ٹریپ کر سکتا ہے۔ میں عظمیٰ بخاری سے ملاقات کر کے ان سے بات کروں گا اور تمام معاملات ان کے علم میں لاؤں گا۔ طاہر انجم نے کہا کہ گزشتہ 15 برسوں میں تھیٹر کے کئی بڑے فنکار ہم سے بچھڑ گئے، جن میں امان اللہ، ببو برال، مستانہ، طارق جاوید اور جاوید حسن سمیت دیگر شامل ہیں۔

والدین بچوں کے اردگرد کے ماحول پر کڑی نظر رکھیں، سعدیہ امام

بچوں سے زیادتی کے بڑھتے واقعات نے خوف کی فضا پیدا کر دی ہے، سینئر اداکارہ

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ سعدیہ امام نے کہا ہے کہ بچیوں اور بچوں سے زیادتی کے بڑھتے ہوئے واقعات نے پورے معاشرے میں خوف اور بے چینی کی فضا پیدا کر دی ہے، بچوں کے تحفظ کے لیے والدین، معاشرے اور متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ ایک ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ بچوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں اور ایسے واقعات کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے لمحہ فکریہ ہیں۔ والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں کے اردگرد کے ماحول پر کڑی نظر رکھیں اور انہیں اچھے اور برے لمس کے حوالے سے آگاہی دیں۔ سعدیہ امام نے کہا کہ بچوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے جبکہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے آگاہی اور مؤثر حفاظتی اقدامات کو ترجیح دی جانی چاہیے۔

بقیہ نمبر 1

ٹی میں افغان صورتحال اور امن کی جانب پیشرفت کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان ہمسایہ ممالک ہیں اور ہمیشہ ہمسائے رہیں گے، دونوں ممالک کے درمیان تاریخی روابط اور تعلقات موجود ہیں تاہم ماضی میں تعلقات میں اتار چڑھاؤ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران 40 لاکھ سے زائد افغان مہاجرین کی میزبانی کی اور انتہائی فراخ دلی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ امن کا خواہاں رہا ہے اور پرامن بقائے باہمی پر یقین رکھتا ہے، اس مقصد کے لئے مختلف اوقات میں مذاکرات اور بات چیت کے ذریعے مسائل کے حل کی کوششیں کی گئیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان سے اعلیٰ سطح کے مختلف وفود افغانستان گئے تاکہ مسائل کا حل تلاش کیا جا سکے اور دونوں ممالک کے درمیان پرامن بقائے باہمی کو یقینی بنایا جا سکے جبکہ استنبول اور دوحہ سمیت دوست ممالک میں بھی مذاکرات ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ امن حاصل کیا جا سکتا ہے اور پاکستان نے امن کو موقع دینے کے لئے ہر ممکن کوشش کی تاہم سوال یہ ہے کہ کیا امن کے حصول کا عزم موجود ہے؟ بدقسمتی سے اس کا جواب نفی میں ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ افغانستان میں موجودہ مسائل کی ایک بڑی وجہ عسکریت پسندانہ سوچ ہے، افغان عبوری حکومت کو اس سوچ سے نکل کر ریاستی اور مدبرانہ طرز فکر اپنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں تجارت کے فروغ کے وسیع امکانات موجود ہیں، اگر امن قائم ہو اور وسطی ایشیا سے افغانستان کے راستے پاکستان تک تجارتی راہداری قائم ہو تو دونوں ممالک کے عوام خوشحال ہو سکتے ہیں۔ وسطی ایشیا کی خشکی میں گھری ہوئی ریاستوں کے لئے گرم پانیوں تک رسائی کا قریب ترین راستہ پاکستان ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس تجارتی راہداری کی راہ میں بنیادی رکاوٹ عسکریت پسندی ہے۔ افغانستان میں دہشت گردوں اور بین الاقوامی سطح پر کالعدم قرار دی گئی تنظیموں کے ارکان کے محفوظ ٹھکانے موجود ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے مذاکرات کے ذریعے افغان حکومت پر واضح کیا ہے کہ اسے اس سوچ سے باہر نکلنا ہوگا اور ایک قابل عمل اور پائیدار نظام کے ذریعے امن قائم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان ایک نوجوان آبادی والا ملک ہے تاہم خواتین کی ایک بڑی تعداد کو افرادی قوت کا حصہ بننے سے محروم رکھا گیا ہے، جس سے ملک کی معاشی ترقی متاثر ہو رہی ہے، معاشرے کے بعض طبقات کو بنیادی حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرامن بقائے باہمی کے لئے جیو اور جینے دو کے اصول کو تسلیم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے مسلسل مذاکرات اور بات چیت کا سلسلہ جاری ہے، ہم نے اپنا مؤقف واضح کیا ہے کہ خوشحالی کی راہ صرف امن سے ہو کر گزرتی ہے۔ اگر اس تصور کو اس کی حقیقی روح کے ساتھ سمجھا جائے تو افغان عوام اور افغان عبوری حکومت کے درمیان موجود خلیج کو بھی دور کیا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہر افغان شہری امن، استحکام، معاشی خوشحالی اور بہتر معیار زندگی کا خواہاں ہے۔ افغان عوام اور عبوری حکومت کے نظریئے کے درمیان بڑا فاصلہ موجود ہے جس کے باعث افغان عوام غربت اور محرومی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں ایک طرف دہشت گردی اور دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانوں کا مسئلہ موجود ہے جبکہ دوسری جانب افغان عوام کو ان کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے، افغان حکومت اور عوام کے درمیان اس خلیج کے باعث افغانستان میں مسائل بڑھ رہے ہیں اور لوگ تبدیلی کے لئے اپنی آواز بلند کر رہے ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ افغان عوام کو تعلیم، اجتماع، انجمن سازی، پرامن بقائے باہمی اور معاشی آزادی سمیت اپنے بنیادی حقوق حاصل ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان جیسے وسیع امکانات رکھنے والے ملک میں صرف عسکریت پسندانہ سوچ کی وجہ سے عوام کے حقوق اور اقتصادی خوشحالی سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ افغان عبوری حکومت کو بالآخر اس سوچ سے باہر نکل کر اپنے عوام کی بہتری کے لیے کام کرنا ہوگا جس سے پورے خطے میں استحکام آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ روس اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے دوست اس حقیقت کو سمجھتے ہیں کہ خطے میں امن قائم ہونے سے تجارت کو فروغ ملے گا اور سرمایہ کاری آئے گی۔ کراچی اور گوادر تک تجارتی راستے کا قیام وسطی ایشیائی ریاستوں کی دیرینہ خواہش ہے جو امن کی صورت میں حقیقت بن سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خطے میں امن کے حصول اور تجارت کے فروغ پر اتفاق رائے موجود ہے، واحد مسئلہ افغانستان میں امن کا ہے اور یہ اسی وقت حاصل ہو سکتا ہے جب افغان عبوری حکومت مسئلے کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے نیک نیتی کے ساتھ اس کا حل تلاش کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے حالیہ عرصے میں ملک میں حملوں کے لئے افغان سرزمین کے استعمال اور دہشت گرد تنظیموں کو افغانستان سے ملنے والی سپورٹ پر اپنے تحفظات سے افغان حکومت کو آگاہ کیا ہے۔ پاکستان نے دہشت گرد حملوں کے جواب میں کارروائیاں بھی کی ہیں۔ عطاء اللہ تارڑ نے واضح کیا کہ پاکستان کی امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، پاکستان میں امن کو سبوتاژ کرنے یا ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی کسی بھی کوشش کا جواب دیا گیا ہے اور آئندہ بھی دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ افغان عوام ایک بہتر اور خوشحال مستقبل کے مستحق ہیں اور اس مقصد کے لئے افغانستان کے اندر اتفاق رائے ہونا چاہئے تاکہ افغان عوام کو اپنے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لئے آواز اور اختیار حاصل ہو۔ وفاقی وزیر نے انٹرنیشنل پارلیمنٹیرینز کانگریس اور سینیٹر ستارہ ایاز کا تقریب میں شرکت کی دعوت دینے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس طرح کے فورمز کے ذریعے افغان صورتحال کے پیچیدہ مسئلے کا قابل قبول حل تلاش کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 2

عمران خان کے غلط فیصلوں کا ازالہ نہ کیا گیا تو پارٹی کا کوئی مستقبل نہیں ہوگا، میں نے پارٹی کے لیے بہت سی قربانیاں دیں لیکن جب حکومت بنی اور تھوڑا بہت اچھا وقت آیا تو سب سے پہلے مجھے ہی تختہ مشق بنایا گیا، اگر تین لوگوں کو سائیڈ پر کر دیا جائے تو وہ عمران خان کی رہائی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومت فیس سیونگ کا موقع بھی نہیں دے رہی، بہتر ہوگا کہ سہیل آفریدی استعفیٰ دے کر سائیڈ پر ہو جائیں۔ عمران خان کی جانب سے سہیل آفریدی کی نامزدگی کا فیصلہ درست نہیں تھا جس کے نتائج پارٹی آج بھی بھگت رہی ہے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ مذاکرات میں پی ٹی آئی سے ہمیشہ کے لیے احتجاج ختم کرنے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے جو پارٹی پورا نہیں کر سکے گی۔ اگر مارچ، تحریک یا احتجاج کرنا تھا اور لاکھوں لوگوں کو باہر نکالنا تھا تو اس کے لیے عملی اقدامات بھی کیے جانے چاہیے تھے تاہم ایسا کچھ نہیں کیا گیا۔ میں مسلسل چیخ رہا تھا کہ اگر مارچ کرنا ہے، تحریک چلانی ہے یا احتجاج کرنا ہے اور لاکھوں لوگوں کا بندوبست کرنا ہے تو اس کے لیے عملی تیاری بھی ہونی چاہیے۔ پی ٹی آئی کی قیادت عوام کے درمیان نہیں گئی، نہ لوگوں کو متحرک کرنے کی کوئی کوشش کی گئی اور نہ ہی انہیں احتجاج کے لیے تیار کیا گیا، پورے پاکستان میں کسی ایک ضلع میں بھی پی ٹی آئی کی کوئی قابل ذکر سرگرمی نظر نہیں آئی۔ شیر افضل مروت نے سوال اٹھایا کہ 27 ستمبر کو جو کام نہیں ہو سکا، وہ 4 اکتوبر کو کیسے ہو جائے گا؟ ایسی کون سی چیز ہوئی ہے جس کی وجہ سے اب یہ کام ممکن ہو جائے گا، مجھے تو نظر نہیں آتا۔ انہوں نے کہا کہ ان تمام حالات کے پیش نظر بہتر یہی ہوگا کہ اگر اکتوبر میں بھی پسپائی ہوتی ہے تو اس کے اثرات کو سمجھا جائے کیونکہ اس طرح کی پسپائی سے پی ٹی آئی کی سیاست کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام عمران خان کا ساتھ نبھانا چاہتے ہیں تاہم پی ٹی آئی کے سوشل میڈیا نے پوری قیادت کو بدنام کر رکھا ہے، موجودہ قیادت میں لوگوں کو اعتماد نہیں رہا، اسی وجہ سے لوگ باہر نہیں نکل پا رہے، البتہ ایک شخص جواب بھی اعتماد کے قابل ہے وہ عمران خان ہے۔ عمران خان کی جانب سے کیے گئے فیصلوں اور پارٹی کی موجودہ صورتحال پر بات کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ یہ تمام فیصلے عمران خان سے کروائے گئے ہیں اور عمران خان کی بھی کچھ ذمہ داری بنتی ہے۔ جن فیصلوں کی وجہ سے پارٹی کو نقصان پہنچا، ان فیصلوں کو واپس لینا ہوگا اور پارٹی کو دوبارہ متحرک کرنے کے لیے ضروری ہے کہ کی جانے والی غلطیوں کا ازالہ کیا جائے۔ سہیل آفریدی کے استعفیٰ کی صورت میں نئے وزیراعلیٰ کے سوال پر شیر افضل مروت نے کہا کہ یہ علی امین گنڈاپور ہوں گے یا کوئی اور اس کا فیصلہ عمران خان کریں گے اور وقت ہی بتائے گا کہ کیا فیصلہ ہوتا ہے۔ عمران خان کی رہائی کے لیے اپنے کردار کے حوالے سے سوال پر شیر افضل مروت نے کہا کہ اگر سلمان اکرم راجہ، علیمہ خان اور سہیل آفریدی کو دور کیا جائے تو وہ اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ نمبر 3

ڈیفنس نے مملکت کے متعدد علاقوں میں آئندہ جمعے تک بارش کے حوالے سے الرٹ جاری کیا ہے۔ اردو نیوز کے مطابق موسمیات کے قومی مرکز نے بیشتر علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی ہے، ژالہ باری، گرد و غبار اور سیلابی صورتحال کا بھی امکان ہے۔ مکہ مکرمہ ریجن درمیانے درجے سے شدید بارش کی زد میں رہے گا، اس شہر کے ساتھ الکامل، الجموم، بحیرہ، طائف، میسان، اضم اور العرضیات میں شدید بارش، ژالہ باری اور گرد آلود ہوائیں چلنے کا امکان ہے جبکہ اللیث میں ہلکی سے درمیانے درجے کی بارش متوقع ہے۔ جازان، عسیر، الباحہ اور مدینہ منورہ ریجن کے علاقے درمیانے درجے سے شدید بارش جبکہ تبوک، الجوف، حائل اور حدود الشمالیہ کے علاقے ہلکی سے درمیانے درجے کی بارش کی زد میں رہیں گے۔

بقیہ نمبر 4

اکرم راجہ نے کہا ہے کہ علیمہ خان کے ساتھ جو سلوک ہو رہا ہے، اس کے ذریعے عوام کو اعلان کر کے بتایا جا رہا ہے کہ تمہاری کوئی حیثیت نہیں، صرف کسی اندیشے کی بنیاد پر کسی کے بنیادی حقوق چھین لینا کہاں کا انصاف ہے۔ لاہور ہائیکورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ سفاکیت کی تمام حدیں عبور کر دی گئی ہیں، علیمہ خان کی نظر بندی کو 9 روز گزر چکے ہیں، ہم عدالتوں سے استدعا کرتے ہیں کہ انصاف کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے خاندان نے مثال قائم کی ہے، بانی پی ٹی آئی نے محمود اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر کو مذاکرات کا اختیار دیا ہے، تاہم میرے علم میں نہیں کہ اس وقت بیک چینل پر کوئی کام کر رہا ہے یا نہیں۔

بقیہ نمبر 5

ٹرین سریاب اور کچلاک کے درمیان 32 کلومیٹر طویل ریلوے ٹریک پر چلائی جائے گی، جس کے لیے شہریوں کی سہولت کے پیش نظر 7 اسٹیشنز قائم کیے گئے ہیں۔ دو بوگیوں پر مشتمل ٹرین میں بیک وقت 198 مسافروں کے بیٹھنے جبکہ 30 مسافروں کے کھڑے ہو کر سفر کرنے کی گنجائش ہے۔ ٹرین سروس کا مقصد کچلاک، سریاب اور ملحقہ علاقوں سے کوئٹہ شہر آنے جانے والے طلبہ، ملازمین، مزدوروں، کاروباری افراد اور عام شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت فراہم کرنا ہے، جبکہ اس سے شہر کی مصروف شاہراہوں پر ٹریفک کے دباؤ میں بھی کمی لانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان روایتوں کی امین سرزمین ہے اور حکومت نے عوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری لیاقت لہڑی اور پوری ٹیم نے جناح پیپلز ٹرین منصوبے کے لیے دن رات محنت کی، چین سے ٹرین منگوانا مہنگا اور تاخیر سے شروع ہونے والا منصوبہ تھا، اس لیے صوبے میں دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کے لیے سفری سہولت کا آغاز کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین سے کوئٹہ کے عام شہریوں کو فائدہ ہوگا اور مستقبل میں اس سروس کو بوستان سے مستونگ تک توسیع دینے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دشمن کی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے اور بلوچستان کو ترقی دیں گے، بلوچستان ہمیشہ پاکستان کے دل کی حیثیت رکھتا ہے اور ایسے منصوبے صوبے کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔ معذور اور بزرگ شہری جناح پیپلز ٹرین میں مفت سفر کر سکیں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے امن و امان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کے لیے ریاست کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، تاہم اگر کوئی بندوق اٹھائے گا تو اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میٹرو ٹرین سروس کے آغاز کے معاملے میں ملک کے دیگر صوبوں سے آگے نکل گیا ہے، بلوچستان کی یہ کامیابی ان لوگوں کے لیے جواب ہے جو بلوچستان کو پاکستان کا ماتھے کا جھومر قرار دیتے ہیں۔ حنیف عباسی نے کہا کہ بلوچستان کا ریلوے نظام تاریخی اور خوبصورت ہے، ملک کے کسی دوسرے صوبے میں اس نوعیت کا ریلوے نظام موجود نہیں۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ 120 روز میں اسی طرز کی ایک اور ٹرین چلائی جائے۔ ان کے مطابق ایم ایل ون منصوبے کا آغاز جنوری میں ہوگا اور یہ منصوبہ تقریباً 2 ارب ڈالر مالیت کا ہے۔ جناح پیپلز ٹرین سروس کے کرایہ 50 سے 100 روپے تک تجویز کیا گیا ہے، جس سے روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کو کم اخراجات میں باقاعدہ سفری سہولت میسر آئے گی۔ سروس سے کچلاک، سریاب اور اطراف کے علاقوں سے روزانہ کوئٹہ آنے والے طلبہ، سرکاری و نجی ملازمین، مزدوروں، کاروباری افراد اور عام شہریوں کے سفری اخراجات اور وقت میں بچت متوقع ہے۔ گرین اور پنک بس سروس کے بعد جناح پیپلز ٹرین سروس کوئٹہ کے پبلک ٹرانسپورٹ نظام میں ایک اور اہم منصوبہ قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 6

اور اب ملکی معیشت روایتی کارگو شپمنٹس کی بجائے جدید نالج بیسڈ سروسز پر منتقل ہو رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کے روز اسلام آباد میں ہواوے گلوبل سروس سینٹر کے دورے کے موقع پر میڈیا اور تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ باصلاحیت آئی ٹی ٹیلنٹ دنیا کے کونے کونے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف وفاقی دارالحکومت میں بیٹھ کر ڈھائی ہزار نوجوان انجینئرز مشرق وسطیٰ، افریقہ اور لاطینی امریکا سمیت دنیا کی 100 سے زائد بین الاقوامی مارکیٹس کے ٹیلی کام اور آئی ٹی نیٹ ورکس چلا رہے ہیں جو دنیا میں پاکستان کا ایک مضبوط اور باوقار تشخص قائم کر رہے ہیں۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ حکومت ملک کے اندر ڈیجیٹل انقلاب اور نوجوانوں کی جدید سکلز ٹریننگ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، اس سلسلے میں 3 لاکھ طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کے پروگرام کے تحت 200 سے زائد ملکی یونیورسٹیوں میں جدید آئی سی ٹی اکیڈمیاں قائم کی جا چکی ہیں جن سے تربیت پانے والے 400 سے زائد پاکستانی ماہرین بیرون ملک بین الاقوامی مارکیٹوں میں اہم خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل کنیکٹیوٹی اور ٹیلی کام انفراسٹرکچر کے لحاظ سے نئے دور میں داخل ہو چکا ہے، ملک میں حال ہی میں 480 میگا ہرٹز کی تاریخ اور دنیا کی سب سے بڑی سپیکٹرم نیلامی کامیابی سے منعقد کی گئی ہے جو 5G اور جدید ترین مستقبل کی ٹیکنالوجیز کی بنیاد فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بین الاقوامی ٹیک کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری کو محض سروسز تک محدود نہیں رکھ رہی بلکہ ملک میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ (R&D) سینٹرز کے قیام کو یقینی بنا رہی ہے تاکہ پاکستانی نوجوان عالمی سطح پر اختراعی منصوبوں کی قیادت کر سکیں۔

بقیہ نمبر 7

لانگ مارچ کی تیاریاں، جن میں ٹرانسپورٹ کی بکنگ، کھانے کے انتظامات اور دیگر ضروری اقدامات شامل ہیں، کے حوالے سے کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی جو عام طور پر مارچ کے لیے کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات سے کبھی انکار نہیں کیا تاہم پی ٹی آئی رہنماؤں نے بارہا مذاکرات سے گریز کیا اور حقائق کو چھپائے۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ پی ٹی آئی نے مذاکرات کو اپنے جیل میں قید بانی تک رسائی سے مشروط کیا تھا اور مجوزہ لانگ مارچ ختم کرنے کے لیے جیل میں شرائط میں بانی سے ملاقات کا مطالبہ بھی شامل کیا تھا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ جب حکومت نے مذاکرات کا موقع فراہم کیا تو پی ٹی آئی قیادت نے اسے مسترد کر دیا۔ وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر نے پی ٹی آئی کے بانی کی صحت سے متعلق دعوؤں اور پروپیگنڈے پر بھی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ یہ دعوے صورتحال کو مزید کشیدہ کرنے اور عوامی ہمدردی حاصل کرنے کے لیے کیے گئے۔ اسلام آباد میں سیکیورٹی اقدامات سے متعلق سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عوامی تحفظ کے مفاد میں پابندیاں اور دیگر احتیاطی اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں سفارتکار، غیر ملکی شہری اور بڑی تعداد میں مقامی افراد رہائش پذیر ہیں اس لیے سیکیورٹی اور سرکاری و عوامی املاک کا تحفظ ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 8

کے انتخاب پر منحصر ہے۔ عباس عراقچی نے کہا کہ ایرانی وفد نے رواں ہفتے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے ملاقاتوں کے دوران اور غیر رسمی انٹرویوز میں سفارت کاری کے ہر پہلو کو آزمایا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس کے باوجود امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا پیغام اس کے برعکس رہا ہے تاہم ٹرمپ کے بیان کے باوجود سرکاری طور پر ایران کو ثالثوں کے ذریعے آگاہ نہیں کیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بیان میں ایران کی تجویز کو مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ بدترین حملے کیے جائیں گے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران جنگ کے خاتمے کے لیے کیے گئے معاہدے کے تحت آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے تیار تھا اور تہران چاہتا تھا کہ اس کے منجمد اثاثے اور فنڈز بھی واپس کیے جائیں اور تیل کی فروخت کی اجازت دی جائے۔ عباس عراقچی نے پاکستان کی ثالثی میں رواں برس جون میں اسلام آباد میں طے پانے والے مفاہمتی یادداشت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مذکورہ شرائط نئی نہیں تھیں بلکہ امریکا کی جانب سے اس سے پہلے کیے گئے وعدوں کا حصہ تھیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ ہم سے یہ پوچھ رہے ہیں تو سفارت کاری کی طرف واپس جانے کی کوئی وجہ نہیں ہے لیکن میں تا حال سفارت کاری کی کوشش کر رہا ہوں کیونکہ میں سمجھتا ہوں ہمیں امن کا کوئی موقع ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں امریکا کے وسط مدتی انتخابات سے کوئی لینا دینا نہیں ہے، ہم اپنے قومی مفادات کا خیال کرتے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے اس سے قبل ایران کو مذاکرات کے ذریعے حل نہ نکلنے کی صورت میں بدترین نتائج کی دھمکی دی تھی تاہم ساتھ انہوں نے کہا تھا کہ امریکا میں ہونے والے مڈٹرم انتخابات کے بعد معاہدے کا امکان ہے۔ عباس عراقچی نے اس بیان پر کہا کہ احترام اور انصاف کی بنیاد پر اور ایرانی عوام کے جائز حقوق اور مطالبات کو مذاکرات کے ذریعے حل کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا تھا کہ ایران پہلے ہی عسکری، سفارتی، معاشی شعبے اور پابندیوں کا مقابلہ کر کے دنیا کے سامنے اپنی طاقت کا اظہار کر چکا ہے۔

بقیہ نمبر 9

کی کوشش کی تھی۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد این 40 شاہراہ کے مختلف مقامات پر آتشزدگی کی کارروائیوں میں بھی ملوث تھے، 31 اگست کو بھی اسی نوعیت کی تخریبی کارروائیوں میں ملوث فتنہ الہندوستان کے 11 دہشت گرد مارے گئے تھے۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فورسز کی بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فتنہ الخوارج کے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں سے بھاری تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ کارروائی کے نتیجے میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو بھی مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا۔ دریں اثناء وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہا ہے۔ وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق محسن نقوی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں نے بروقت اور مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کے قبائلی ضلع خیبر کے علاقے باڑہ میں 5 اور بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے نوکنڈی میں 2 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ خارجی دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مسلسل اور کامیاب کارروائیوں کو پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان اور افسران ہمارا فخر ہیں اور پوری قوم کو اپنے محافظوں پر ناز ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ان شاء اللہ عوام کی مکمل حمایت کے ساتھ ملک کی دھرتی سے خوارجیوں اور دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کر کے دم لیں گے۔

بقیہ نمبر 10

ہے پشاور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے عوام ایک عرصے سے دہشت گردی کا سامنا کر رہے ہیں اور پورا پاکستان دیکھ رہا ہے کہ یہاں کے لوگ کتنی قربانیاں دے رہے ہیں لیکن تحریک انصاف کی تبدیلی سرکار نے 13 سالوں میں صرف وزرائے اعلیٰ تبدیل کیے، عوام کی قسمت نہیں بدلی، موجودہ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے پاس کوئی تجربہ نہیں، انہیں صرف دو ٹارگٹ دیے گئے، ایک جتنا لوٹ سکتے ہو لوٹو اور دوسرا قیدی کی رہائی۔ صوبے میں تعلیم، صحت اور بنیادی سہولتیں نام کی کوئی چیز نہیں ہے امیر مقام نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت کے بیانات پر شدید سوالات اٹھتے ہیں، ہمارے سیکیورٹی اہلکار جانیں دے رہے ہیں مگر پی ٹی آئی کے جلسوں اور ریلیوں میں دہشت گردی کے واقعات کیوں پیش نہیں آتے؟ سہیل آفریدی کے طرز حکومت سے واضح لگتا ہے کہ صوبائی حکومت دہشت گردوں سے مل چکی ہے اور آج پورے صوبے میں ان کا راج قائم ہو چکا ہے۔ یہ حکومت آئی جی سے ڈی ایس پی تک پولیس کو اپنا ماتحت بنا کر تھانوں کی قیمتیں لگانا چاہتی ہے تاکہ پولیس کا مورال گرا کر اپنے سیاسی مقاصد حاصل کرے۔ وفاقی وزیر نے دعویٰ کیا کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ اس لیے 4 اکتوبر تک ملتوی کیا گیا کیونکہ خفیہ رپورٹس میں بتایا گیا کہ عوام سڑکوں پر نکلنے کے لیے تیار نہیں، جس کے بعد سہیل آفریدی مدد کے لیے سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کے پاس پہنچ گئے، سہیل آفریدی کا آگے چلنا ناممکن ہو چکا ہے، وہ مزید وزیر اعلیٰ نہیں رہ سکتے، یا تو گورنر راج لگے گا یا پھر وہ وزارت اعلیٰ سے ہٹنے کے بعد لوٹ مار کے جرم میں سیدھے جیل جائیں گے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اپوزیشن سے ہوتے ہوئے بھی میثاق معیشت کی بات کی تھی، لیکن سزا یافتہ قیدی اور مجرم کے ایک نکاتی ایجنڈے پر کوئی مذاکرات نہیں ہو سکتے۔

بقیہ نمبر 11

یا پھر امریکا کا بیانیہ گھڑنے والا نظام آنکھوں میں دھول جھونک رہا ہے، امریکا کی بات پر یقین کرنے والوں کے لیے آبنائے ہرمز میں مفت ڈالر چھاپنے کی مشین لگی ہے جائیں لے لیں دوسری جانب ایرانی حکام کا کہنا تھا کہ امریکی پابندیوں کے باوجود ایران کا تہران ہوائی اڈہ مکمل فعال ہے، تہران ایئر پورٹ سے 30 سے زائد بین الاقوامی پروازیں آپریٹ ہو رہی ہیں، امریکی پابندیوں کے نفاذ والے روز 23 ستمبر کو بھی 60 پروازیں چلائی گئیں ایرانی حکام کے مطابق امریکا نے 8 ستمبر کو ایران کی فضائی صنعت سے متعلق پابندیاں عائد کی تھیں، امریکی پابندیوں کے بعد عمان اور یو اے ای نے ایرانی پروازیں معطل کر دیں، عراق کے چار ہوائی اڈوں کی بھی ایرانی پروازیں روک دیں، تاہم چین اور روس سمیت دیگر ممالک کے لیے ایرانی پروازیں بدستور جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 12

پر سائبر سیکیورٹی نظام کو مضبوط بنانے کے لیے قائم کی جانے والی وفاقی سی آرٹی نیشنل سی آرٹی کے زیر نگرانی کام کرے گی۔ وفاقی سی آرٹی کی ذمہ داریوں میں سائبر خطرات کی نگرانی، سائبر حملوں کی نشاندہی اور ان کے خلاف فوری ردعمل شامل ہوگا جبکہ تمام وفاقی اداروں کو سائبر حملوں سے تحفظ کی خدمات بھی فراہم کرے گی۔ وفاقی سی آرٹی سرکاری اداروں کے درمیان سائبر سیکیورٹی سے متعلق رابطہ کاری اور خطرات کی معلومات کے تبادلے کو یقینی بنائے گی، جبکہ سرکاری ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کے تحفظ کے لیے ماہر سائبر سیکیورٹی پروفیشنلز بھی ٹیم کا حصہ ہوں گے۔ دوسری جانب نیشنل سی آرٹی نے وفاقی سی آرٹی کے لیے ڈائریکٹر سمیت سائبر سیکیورٹی ماہرین کی بھرتیوں کا عمل بھی شروع کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 13

گیا ہے، اے ڈی بی سے 50 کروڑ ڈالر کا پروگرام لون 3 سال کے لئے ہوگا، بینک مجوزہ پروگرام کے لئے 15 کروڑ 92 لاکھ روپے تکنیکی امداد بھی دے گا، نیا پروگرام نومبر 2026ء سے شروع ہو کر نومبر 2029ء میں مکمل ہوگا، وفاقی حکومت کا سالانہ پنشن بل 1169 ارب روپے تک پہنچ گیا، نیا قرض پروگرام اصلاحات کے نتائج سے منسلک ہوگا۔ وزارت خزانہ کے مطابق موجودہ پنشن سسٹم قومی خزانہ پر بڑا مالی بوجھ بن چکا ہے، ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کو ہر سال بجٹ سے پنشن بل ادا کرنا پڑتا ہے، پنشن کا خرچ اور طویل مدتی ذمہ داریاں بڑھ رہی ہیں، صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر پر اخراجات کیلئے فنڈز کی گنجائش کم ہو رہی ہے 2024ء سے نئی بھرتیوں کے لئے کنٹری بیوشن پنشن اسکیم متعارف کرائی گئی، پرانی ڈیفائنڈ بینیفٹ اسکیم میں اصلاحات کی گئی ہیں۔ اصلاحات کو چلانے، نئی اسکیم قائم کرنے کیلئے ادارہ جاتی اصلاحات درکار ہیں، اس مقصد کیلئے انتظامی اور مالیاتی اقدامات کی ضرورت ہے۔ پاکستان پنشن اصلاحات کیلئے اے ڈی بی، عالمی بینک سے پہلے بھی قرض لے چکا ہے۔

بقیہ نمبر 14

اظہر نے عدالت میں کہا کہ میری غیر موجودگی میں میرا 21 دن کا جسمانی ریمانڈ دیا گیا، یہاں قتل کے ملزم کو 14 روزہ ریمانڈ دیا جاتا ہے، کیا میرا جرم قتل سے بھی بڑھ گیا ہے؟ میری وکلاء اور فیملی سے بھی ملاقات نہیں کروائی گئی۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ ہم نے ملزم کا موبائل اور سم برآمد کرنا ہے، موبائل اور سم اہم ثبوت ہیں۔ عدالت نے حماد اظہر کے جسمانی ریمانڈ پر فیصلہ محفوظ کر لیا جو بعد ازاں سناتے ہوئے مزید سات روزہ ریمانڈ منظور کر لیا گیا۔ قبل ازیں عدالت میں پیشی کے موقع پر حماد اظہر نے قیدی وین سے میڈیا کو دیکھ کر کہا کہ ہم بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

کے ڈیجیٹل نظام کے فروغ کیلئے کام کر رہے ہیں۔ سابق چیئرمین نادرا طارق ملک ڈیجیٹل شناخت اور ڈیجیٹل نظام کے ماہر ہیں۔ انہیں ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر کے پچاس عالمی رہنماؤں کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ طارق ملک کو عالمی سطح پر یہ اعزاز ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر کی ترقی میں کردار پر حاصل ہوا۔

بقیہ نمبر 16

دار نہیں ہوئے، وزیر اعظم آئیں گے تو ان کے ساتھ دو ٹوک بات ہوگی، پیٹرولیم مصنوعات پر ریلیف دینا ہے تو دیں ورنہ ہم لانگ مارچ جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ جس جگہ کھڑے ہیں وہاں سے پیچھے نہیں ہٹ سکتے، ہمارے پرامن احتجاج کو حکومت کمزوری نہ سمجھے، لانگ مارچ کیا ہے ختم نہیں کیا، حکومت سے بات چیت کے باوجود جماعت اسلامی اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹی، وزیر اعظم کی جانب سے رابطے اور پیشرفت کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کا فیصلہ ہوگا۔ ایک سوال کے جواب میں امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جانا چاہیے، خواتین سیاسی قیدیوں کی گرفتاری کی کسی صورت قابل قبول نہیں، حکومت خواتین سیاسی قیدیوں کو فوری طور پر رہا کرے، 9 مئی کے بعد سے قید سیاسی راہنماؤں کو بھی رہا کیا جائے، یاسمین راشد، اعجاز چوہدری، شاہ محمود قریشی اور محمود الرشید کو مزید قید رکھنے کا جواز نہیں ہے انہوں نے کہا کہ سیاسی قیدیوں میں کئی افراد کی صحت بھی خراب ہے، حکومت مسئلے کو فوری حل کرے، حکومت سیاسی قیدیوں کے معاملے کو ڈیل لیس کر کے حالات معمول پر لائے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ قوم کو ایسی سیاست میں الجھایا جا رہا ہے جس کا عوام کو کوئی فائدہ نہیں، سیاسی کشمکش کے باعث عوام کے اصل مسائل سے توجہ ہٹائی جا رہی ہے، جماعت اسلامی صرف مخصوص سیاسی جماعتوں کے مطالبات تک محدود نہیں ہے، پی ٹی آئی کی اپنی 3 ڈیمانڈز ہیں، جماعت اسلامی تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 17

ن پنجاب، وزیر اعظم نے کہا کہ خراب موسم کے باعث ملک کے مختلف علاقوں میں آمد و رفت متاثر ہوئی اور سیلاب و لینڈ سلائیڈنگ کے باعث ایک درجن سے زائد سڑکیں متاثر ہوئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سیلاب سے قومی ترسیلی نظام کے ذریعے ایک ہزار 13.2 میگاواٹ بجلی کی فراہمی بھی متاثر ہوئی جبکہ ٹرانسمیشن ٹاورز گرنے کے باعث مجموعی طور پر 318 میگاواٹ صلاحیت کے پن بجلی منصوبے بند کر دیے گئے ہیں۔ وزیر اعظم بالیندر شاہ نے خبردار کیا کہ خطرہ ابھی ٹلا نہیں۔

بقیہ نمبر 18

بقیہ نمبر 19

نواز شریف نے ضمنی الیکشن میں کامیابی پر ملک منیر اقبال چنڑ کو مبارکباد دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے حلقہ این اے 168 بہاولپور کے عوام کو خراج تحسین پیش کیا، مبارکباد دی اور اظہار اعتماد پر شکریہ بھی ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حلقہ این اے 168 بہاولپور کے عوام نے ترقی اور خدمت کی سیاست پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔ بہاولپور کے ضمنی انتخاب کا نتیجہ عوامی بہبود کے پراجیکٹس پر عوامی اعتماد کا بھرپور اظہار ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ الیکشن حکومت پنجاب کی کارکردگی پر عوامی ریفرنڈم کے مترادف تھا، عوام نے اس ریفرنڈم میں بھاری اکثریت سے حکومتی اقدامات کی تائید اور تصدیق کی۔

بقیہ نمبر 20

کھا اور اس کے بحری بیڑے کو امریکی افواج تباہ کر چکی ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں ایرانی فوجی کمانڈر کے اس دعوے کو غلط قرار دیا کہ پاسداران انقلاب آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول رکھتی ہے۔ سینٹکام کے بیان میں دعویٰ کیا گیا کہ آبنائے ہرمز پر ایران کے مکمل کنٹرول کا دعویٰ حقیقت کے برعکس ہے کیوں کہ امریکی افواج ایرانی بحریہ کو تباہ کر چکی ہیں اور اب ایران کے پاس بحریہ موجود نہیں ہے۔ امریکی فوج کے بیان میں مزید کہا گیا کہ مطابق گزشتہ چند ماہ کے دوران آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل سے زائد تیل گزر چکا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایران اس اہم تزویراتی بحری گزرگاہ پر مکمل کنٹرول نہیں رکھتا۔ یہ بیان ایرانی فوجی قیادت کی جانب سے آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کے دعوے کے بعد سامنے آیا ہے۔ جس سے خطے میں جاری کشیدگی اور اس اہم بحری راستے کی نگرانی کے حوالے سے دونوں ممالک کے درمیان اختلافات نمایاں ہو گئے ہیں۔ واضح رہے کہ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی ترسیل کے لیے انتہائی اہم گزرگاہ ہے جہاں سے دنیا کی بڑی مقدار میں خام تیل اور قدرتی گیس کی ترسیل ہوتی ہے، جس کی ایران نے بندش کر رکھی ہے۔

بقیہ نمبر 21

ستدان فواد چوہدری نے سینئر صحافی انصار عباسی کے کالم پر اپنا ردعمل ظاہر کرتے ہوئے ملک میں سیاسی تلخیاں کم کرنے، مائنس فارمولوں کو مسترد کرنے اور پاکستان تحریک انصاف کو مذاکرات اور گفتگو کے ذریعے راہ نکالنے کا مشورہ دے دیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے ایک اہم بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ سیاست میں کبھی آر پار کی باتیں نہیں چلا کرتیں، گزشتہ چار سالوں میں ایسی کوششیں نہیں کی گئیں کہ اب برداشت ختم ہو گئی ہے۔ فلاں اور فلاں کو مائنس کر دیا جائے، کبھی مائنس عمران خان، کبھی مائنس گنڈاپور اور اب مائنس آفریدی کی باتیں کی جا رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسی باتیں ہمیشہ غیر سیاسی اور غیر سنجیدہ لوگوں کی ہوتی ہیں کیونکہ سیاست کا اصل مقصد لوگوں کے دلوں میں جگہ بنانا ہوتا ہے، انہیں یکسر ختم یا ایلیمینیٹ کرنا نہیں ہوتا، اور یہی بنیادی فرق ایک فوجی حکمت عملی اور سویلین حکمت عملی میں ہوتا ہے، اس لیے سیاسی حکمت عملی ہمیشہ لچکدار رکھی جاتی ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ انصار عباسی نے ہمیشہ تحریک انصاف کو درست اور صائب مشورہ دیا ہے کہ بات چیت کریں اور اپنے لیے سیاسی اسپیس بنائیں، اس مشورے پر پی ٹی آئی کو ضرور آگے بڑھنا چاہیے، تاہم موجودہ حکومت کا اصل مسئلہ یہ ہے کہ وہ صرف اس بنیاد پر قائم ہے کہ اسٹیبلشمنٹ اور تحریک انصاف کے درمیان لڑائی جاری رہے، اور وہ کسی صورت اس جھگڑے کو ختم ہوتا ہوا نہیں دیکھنا چاہتی، تحریک انصاف کو اس کی پس منظر کو نظر میں رکھتے ہوئے اپنی آگے کی سیاسی حکمت عملی تیار کرنی چاہیئے۔ فواد چوہدری نے پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان کا نام لیتے ہوئے ان کی حکمت عملی کو سراہا اور کہا کہ اس وقت بیرسٹر گوہر واحد شخصیت ہیں جو اس سیاسی مدعے اور نزاکت کو سمجھ کر سنجیدگی سے آگے بڑھ رہے ہیں، اس وقت پاکستان میں سیاست سے تلخیاں اور کشیدگی کم ہونا ملک و قوم کی سب سے بڑی ضرورت ہے، اور ہر اس کوشش کی بھرپور حمایت کی جانی چاہیے جس سے ملک میں سیاسی تناؤ میں کمی واقع ہو۔

بقیہ نمبر 22

نگ، ڈیجیٹل سروسز اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ سے پاکستان کے لیے عالمی مارکیٹ میں مزید مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ حکام کے مطابق ٹیکنالوجی کا شعبہ تجارتی توازن بہتر بنانے، غیر ملکی زرمبادلہ کے حصول، ٹیکس نیٹ میں وسعت اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ مصنوعی ذہانت کے بڑھتے استعمال کے پیش نظر پاکستان میں مقامی ضروریات، زبانوں اور ڈیٹا کو مد نظر رکھتے ہوئے اے آئی سلوشنز تیار کرنے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق پاکستان کو صرف غیر ملکی ٹیکنالوجی کے صارف کے بجائے مقامی سافٹ ویئر، اے آئی سلوشنز اور ڈیجیٹل مصنوعات تیار کر کے عالمی منڈی تک رسائی حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ اس مقصد کے لیے تربیت یافتہ افرادی قوت، جدید کمپیوٹنگ انفراسٹرکچر، ڈیٹا سینٹرز اور تحقیق کے شعبے میں سرمایہ کاری اہم ہوگی۔ وفاقی وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن کے مطابق حکومت ڈیجیٹل تبدیلی، ٹیکنالوجی انفراسٹرکچر اور نوجوانوں کی ہنرمندی کے فروغ کے لیے مختلف اقدامات کر رہی ہے۔ حالیہ عرصے میں ہواوے کے قومی سطح کے اسپیئر پارٹس ریپئر سینٹر کا افتتاح، سیمی کنڈکٹر کلسٹر کے فریم ورک پر پیش رفت اور پاکستان میں گوگل کے پہلے دفتر کا قیام ٹیکنالوجی کے شعبے میں اہم اقدامات کے طور پر سامنے آئے ہیں۔ ماہرین کے مطابق اے آئی، سائبر سیکیورٹی، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، سیمی کنڈکٹرز، روبوٹکس اور ڈیجیٹل سروسز میں نوجوانوں کی مہارت بڑھا کر پاکستان عالمی ٹیکنالوجی ویلیو چین میں اپنی پوزیشن مزید بہتر بنا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 23

پیسے دیں گے یاد دیے ہیں، یہ بات سراسر جھوٹ اور بے بنیاد ہے کیونکہ ہمیں اب تک کوئی پیسہ نہیں دیا گیا، ہم نے اس حوالے سے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ساتھ باقاعدہ ملاقات کی اور اپنے تحفظات سامنے رکھے، لیکن اس کا کوئی مثبت فائدہ یا نتیجہ نہیں نکلا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ حکومت آج تک کنٹینر زمالکان کو کسی قسم کی ادائیگی نہیں کر سکی، تو پھر حکومت قوم کو یہ بتائے کہ وہ کون سا پراسرار طریقہ ہے جو احتجاج یا مارچ کے موقع پر کنٹینرز کی ادائیگیوں کے نام پر حکومت 40، 40 کروڑ روپے وصول کر لیتا ہے؟ ہم فی کنٹینر روزانہ 20 ہزار روپے معاوضہ حکومت سے مانگ رہے ہیں، حالانکہ مسلسل پکڑ دھکڑ کی وجہ سے اب تک ٹرانسپورٹرز کی گاڑیوں کا مجموعی معاشی نقصان 80 کروڑ روپے سے تجاوز کر چکا ہے۔ گڈز ٹرانسپورٹ کے صدر نے حکومت کو چیلنج دیتے ہوئے کہا کہ اگر واقعی حکومت نے ٹرانسپورٹرز کو کسی قسم کی ادائیگیاں کی ہیں تو میڈیا کے سامنے ثبوت پیش کرے اور بتائے کہ رقم کس کے اکاؤنٹ میں منتقل کی گئی ہے، ورنہ زبردستی گاڑیاں پکڑنے کا یہ ظالمانہ سلسلہ فوری طور پر بند کیا جائے۔

بقیہ نمبر 24

بحوالہ سرکاری دستاویزات کے مطابق عوام پر پیٹرولیم مصنوعات کی خریداری پر ٹیکسوں اور مارجنز کا بھاری بوجھ ڈالا گیا ہے، ایک لیٹر پیٹرول پر مجموعی طور پر 134 روپے 44 پیسے کی لیوی، ٹیکس اور مارجنز وصول کیے جا رہے ہیں، اس میں 1 روپیہ 90 پیسے ایکسچینج ایڈجسٹمنٹ کے بھی شامل کیے گئے ہیں، عالمی اور مقامی مارکیٹ کے لحاظ سے پیٹرول کی اصل فی لیٹر لاگت 254 روپے 96 پیسے بنتی ہے، تاہم حکومت نے صارفین کے لیے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 391 روپے 30 پیسے مقرر کر رکھی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ ایک لیٹر پیٹرول کی فروخت پر شہریوں سے 80 روپے پیٹرولیم لیوی، 5 روپے کلائمیٹ سپورٹ لیوی اور 23 روپے 68 پیسے کسٹمز ڈیوٹی وصول کی جا رہی ہے، اس کے علاوہ ان لینڈ فریٹ ایکولائزیشن مارجن کی مد میں 7 روپے 91 پیسے، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کا مارجن 7 روپے 87 پیسے اور ڈیلرز کا مارجن 9 روپے 98 پیسے فی لیٹر صارفین سے چارج کیا جا رہا ہے۔ سرکاری دستاویزات سے پتہ چلتا ہے کہ ڈیزل کی لاگت پر بھی ٹیکسوں کا نفاذ بے تحاشا ہے، ایک لیٹر ہائی اسپیڈ ڈیزل پر 122 روپے 68 پیسے کی لیوی، ٹیکسز اور مختلف مارجنز عائد ہیں، اگرچہ ایک لیٹر ہائی اسپیڈ ڈیزل کی اصل لاگت 285 روپے 85 پیسے بنتی ہے لیکن ٹیکسوں کی بھاری بھرکم وصولی کے باعث عوام کے لیے ڈیزل کی فی لیٹر قیمت اس وقت 408 روپے 53 پیسے کی ریکارڈ لیول پر پہنچ چکی ہے۔ اس بھاری ٹیکسیشن نے نہ صرف مہنگائی کے مارے عوام کی کمر توڑ دی ہے بلکہ ٹرانسپورٹ اور زراعت کے شعبے کو بھی شدید بحران سے دوچار کر دیا۔

بقیہ نمبر 25

ران سعودی سرکاری خبر رساں ادارے کی جانب سے کہا گیا ہے کہ سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان مذاکرات کے لیے واشنگٹن پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات کریں گے سعودی وزارت خارجہ کے مطابق دونوں رہنما دوطرفہ تعلقات کے ساتھ ساتھ اہم علاقائی اور عالمی معاملات پر بات چیت کریں گے یہ دورہ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کے درمیان جھڑپوں میں شدت آئی ہے رائٹرز کو ذرائع نے بتایا کہ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے رواں ماہ ایران کے حمایت یافتہ حوثیوں کے خلاف کارروائی کے لیے امریکہ سے فوجی مدد طلب کی تھی، تاہم واشنگٹن نے فضائی حملے کرنے پر رضامندی ظاہر نہیں کی ذرائع کے مطابق امریکہ نے سعودی عرب کو حملوں کے اہداف کے تعین سے متعلق معلومات اور معاونت فراہم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ دوسری جانب امریکی صدر ٹرمپ نے آج ایک بار پھر کہا ہے کہ انہیں توقع ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی اور جنگ کے خاتمے کے بعد تیل کی قیمت میں نمایاں کمی آئے گی۔

بقیہ نمبر 26

رکبادی ہے گزشتہ شب جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے ملک منیر اقبال چنڑ کے بھائی ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ کو بھی مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک منیر اقبال چنڑ کی کامیابی عوام کی مسلم لیگ (ن) پر اعتماد کا اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک منیر اقبال چنڑ کے والد ملک محمد اقبال چنڑ نے قائد محمد نواز شریف اور پارٹی کے ساتھ طویل عرصہ وفاداری نبھائی اور مسلم لیگ (ن) کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں، آج ان کے صاحبزادے کی کامیابی اسی وفاداری اور عوامی خدمت کے تسلسل کی عکاس ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بہاولپور کے عوام نے جمہوری عمل میں بھرپور شرکت کر کے اپنے نمائندے کا انتخاب کیا۔

بقیہ نمبر 27

چکے ہیں کہ وفاق دہشتگردی کے خلاف اپنی ناکام پالیسی میں فوری تبدیلی لائے مگر پالیسی میں اصلاحات کرنے کے بجائے الٹا خیبر پختونخوا پر الزام تراشی کی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے گورنر راج کی دھمکیوں کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ گورنر راج یا ایمرجنسی کی دھمکیوں سے ڈر کر اپنے مؤقف سے پیچھے نہیں ہٹوں گا، ایسی کرسی اور اقتدار پر لعنت بھیجتا ہوں جو مجھے اپنے نظریے، عوام کی سیکیورٹی اور صوبائی خودمختاری کے اصولی مؤقف سے ہٹا دے۔ خیبر پختونخوا کے عوام، پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے قیام امن کی خاطر بے شمار اور ناقابل فراموش قربانیاں دی ہیں، صوبے کے 80 ہزار سے زائد افراد نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، مگر افسوس کہ دو دہائیوں کی ان لازوال قربانیوں سے حاصل کردہ امن کو غلط فیصلوں کے باعث دوبارہ بدامنی کی نذر کر دیا گیا۔ سہیل آفریدی نے وفاق پر تنقید کرتے ہوئے مزید کہا کہ دہشت گردوں کے خطرے اور ان کی دوبارہ آبادکاری کے وقت سے ہی میں وفاقی حکومت کو مسلسل خبردار کرتا رہا اور متعدد بار خطرات سے آگاہ کیا لیکن وفاق نے ہمارے سنجیدہ بیانات کو ہمیشہ پراپیگنڈہ قرار دے کر رد کیا، میں نے بار بار کہا ہے کہ ریاست کی موجودہ سیکیورٹی پالیسی بالکل غلط ہے، کے پی کے عوام کو ایک مخصوص مائنڈ سیٹ کے تجربات کا نشانہ بنایا گیا مگر خیبر پختونخوا کو دوبارہ دہشت گردی کی ہولناک آگ میں جھونکنے کی یہ پالیسی اب کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگی

بقیہ نمبر 28

ستحکام، آئین کی حکمرانی، پارلیمان کی بالادستی، آزادی اظہار رائے کو ہی ملک کی بقاء وضامن قرار دیا۔ عظیم باپ بیٹے ملک اور بلوچستان کی حالات کی حقیقی معنوں میں نشان دہی کی اور طاقتور طبقہ کو خبردار کیا کہ عوام کی رائے کو مقدم رکھا جائے بصورت دیگر حالات کنٹرول سے نکل جائیں گے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ ملک فیض محمد یوسفزئی بابو کریم شورش گل خان نصیر ہمارے اکابرین تھے قلات اسٹیٹ کنونشن کو جس طرح سرداروں و نوابوں نے سبوتاژ کیا وہ تاریخ کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایوب خان کی آمریت کے خلاف نیپ قیادت جیلوں میں تھیں اور ان کو قلی کیمپس میں رکھا گیا اور ان کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ میر غوث بخش بزنجو محمد حسین عنقا گل خان نصیر خان شہید نے 20 سے 25 سال جیلوں میں گزارے۔ سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ میر حاصل بزنجو کے ساتھ سیاسی سفر بڑا خوبصورت رہا وہ لیڈر بھی تھے اور کارکن بھی۔ انہوں نے کہا کہ کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا نے ان کو میر حاصل بزنجو سمیت دیگر کو مدعو کیا اور وہاں کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے قائدین سمیت ہزاروں لوگ تھے جب اسٹیج سے میر حاصل بزنجو کو بلایا گیا اور کہا گیا کہ میر غوث بخش بزنجو کے فرزند ہے تو اسٹیج کے قائدین سمیت پورا ہال ان کے کھڑے ہو کر استقبال کیا۔ انہوں نے کہا کہ مولا بخش دشتی میر حاصل بزنجو ڈاکٹر یاسین اور ڈاکٹر عس دالخ عظیم رہنما تھے۔ ان کی سیاسی جدوجہد تاریخی ہے انہوں نے کہا کہ آج لاپتہ افراد کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے تشدد شدہ لاشیں کی کثرت سے مل رہی ہے دوسری طرف اغواء برائے تاوان کی شرح بھی زیادہ ہو رہی ہے شاہراہیں بند اور ٹرالرز کو جلایا جا رہا ہے کاروبار بند ہو گئے ہیں۔ بلوچستان کو کہاں لے جایا جا رہا ہے مشکل حالات میں قومی قیادت قوموں کو سہارا دیتے ہیں نیشنل پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ بلوچستان کو کالونی کی طرز پر دیکھا جا رہا ہے عوام کی حق حاکمیت کو چھینا گیا۔ ساحل و وسائل کو لوٹا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ناانصافیوں کا خاتمہ ضروری ہے عوام اور قومیتوں کا احترام ہی معاملات کو درست کر سکتا ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کارکن پارٹی تنظیم کو منظم کریں اکابرین کے نقش قدم پر عمل پیرا ہو کر سیاسی جدوجہد کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر چیئرمین بی ایس او پجار بوہیر صالح بلوچ اراکین صوبائی اسمبلی رحمت صالح بلوچ چیئرمین خیر جان بلوچ ڈاکٹر سرفراز خان سابق رکن صوبائی اسمبلی یاسمین لہڑی ایڈووکیٹ چنگیز حئی بلوچ علی احمد لانگو حاجی فدا حسین دشتی حاجی عطاء محمد بنگلزئی ڈاکٹر رمضان ہزارہ خیر بخش بلوچ فریدہ بلوچ نے بھی خطاب کیا۔ نظامت کے فرائض حاجی عبدالصمد بلوچ اور سعید سالانی نے سرانجام دیئے۔ ریفرنس میں نیشنل پارٹی کے مرکزی و صوبائی قائدین نے موجود تھے

بقیہ نمبر 29

ورک کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کی تھی۔ درخواست گزار کا مؤقف تھا کہ عدالت کی جانب سے زیر التوا درخواست پر فیصلہ کرنے کا حکم دیا گیا تھا تاہم عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ ہونے پر توہین عدالت کی کارروائی کے لیے رجوع کیا گیا۔ سماعت کے دوران وفاقی حکومت کی جانب سے ڈپٹی اٹارنی جنرل رفاقت علی ڈوگر عدالت میں پیش ہوئے اور متعلقہ حکام کی رپورٹ عدالت کے سامنے پیش کی۔ عدالت نے قرار دیا کہ چونکہ عدالتی حکم پر عملدرآمد ہو چکا ہے اس لیے توہین عدالت کی کارروائی جاری رکھنے کی ضرورت نہیں۔ عدالت نے وفاقی حکومت کے لاء افسر کی رپورٹ کی روشنی میں ڈائریکٹر ایف آئی اے محمد سرفراز ورک کے خلاف توہین عدالت کی درخواست نمٹا دی۔

بقیہ نمبر 30

(Structured Operational Research and Training Initiative (IT-SORT کے تحت منعقد ہونے والے پہلے تاریخی آپریشنل ریسرچ کورس 2026-27 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیکرٹری صحت نے IT-SORT کے تحت صوبے میں پہلی مرتبہ آپریشنل ریسرچ کورس کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ بلوچستان جیسے وسیع رقبے اور متنوع جغرافیائی حالات رکھنے والے صوبے میں صحت کے مسائل کے مؤثر حل کیلئے مقامی سطح پر تحقیق اور اعداد و شمار کی بنیاد پر منصوبہ بندی انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے آپریشنل ریسرچ کے فروغ کیلئے اٹھایا گیا یہ اقدام صحت کے شعبے میں پائیدار اور مثبت تبدیلی کیلئے معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ثبوت پر مبنی فیصلہ سازی (Evidence Based Decision Making) جدید نظام صحت کی بنیادی ضرورت ہے۔ آپریشنل ریسرچ کے ذریعے صحت کے شعبے میں موجود عملی مسائل کی نشاندہی کر کے ان کے قابل عمل اور مؤثر حل تلاش کیے جا سکتے ہیں، جس سے صحت کی سہولیات، خدمات کی فراہمی اور مریضوں کی دیکھ بھال کے معیار میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 31

حسن محمد حسنی نے جنرل کونسلر و پیپلز پارٹی کے ضلعی ترجمان محمد جان مری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے متعلقہ ٹھیکیدار پر سخت برہمی کا اظہار کیا اسی وقت سیوریج لائن کے ٹھیکیدار سے رابطہ کر کے سیوریج لائن کی درستگی سمیت سیوریج لائن کی مکمل صفائی، بحالی کے احکامات جاری کر دیئے بعد ازاں چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی اور جنرل کونسلر و پیپلز پارٹی حب کے ضلعی ترجمان محمد جان مری نے پیپلز پارٹی کے علاقائی معززین، معتبر قبائلی شخصیت گلزار احمد بکٹی کے گھر بکٹی ہاؤس تشریف لائے اس موقع پر رحمت اللہ بکٹی، ابوبکر بکٹی، میر گل حسن گلزار بکٹی اور سابق کونسلر و سماجی رہنما حب علی اصغر چھٹہ بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 32

کیا جاتا ہے کہ محکمہ ماہی گیری کی جانب سے کشتیوں کی باقاعدہ رجسٹریشن اور لائسنس کے اجراء کے لیے خصوصی مہم کے تحت دی گئی مہلت اب ختم ہو چکی ہے لہٰذا کل سے غیر رجسٹرڈ اور بغیر لائسنس کشتیوں کے خلاف عملی کارروائی شروع کی جائے گی اور ایسی کشتیوں کو متعلقہ قانونی و ضابطہ کار کے مطابق سمندر میں جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی تمام کشتی مالکان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اگر ابھی تک اپنی کشتی کی رجسٹریشن یا لائسنس کے لیے درخواست جمع نہیں کروائی تو فوری طور پر متعلقہ محکمہ ماہی گیری کے دفتر سے رابطہ کریں، ضروری کوائف اور دستاویزات کی تصدیق کروائیں اور اپنی کشتی کو قانونی دائرہ کار میں لائیں وہ کشتیاں جو ماہی گیری کے علاوہ کاروباری، تجارتی، مال برداری، سیاحتی، تفریحی یا ذاتی مقاصد کے لیے استعمال ہو رہی ہیں، ان کے مالکان بھی محکمہ ماہی گیری سے متعلقہ فارم حاصل کر کے اپنی کشتی کی لازمی رجسٹریشن اور لائسنس کے لیے درخواست جمع کروائیں محکمہ ماہی گیری کی جانب سے اس مہم کا مقصد کشتیوں کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کرنا، قانونی ضابطہ کاری کو یقینی بنانا، کشتی مالکان کو سہولت فراہم کرنا اور سمندری سرگرمیوں کو منظم و محفوظ بنانا ہے تمام کشتی مالکان سے اپیل ہے کہ مزید کسی مہلت کا انتظار نہ کریں اور فوری طور پر اپنی کشتی کے ضروری کاغذات مکمل کر کے رجسٹریشن اور لائسنس حاصل کریں، تاکہ کل سے شروع ہونے والی کارروائی کے دوران کسی قسم کی دشواری کا سامنا کرنا پڑے محکمہ ماہی گیری آپ کے تعاون کے ساتھ سمندری وسائل کے تحفظ اور ایک منظم، محفوظ اور قانونی نظام کے قیام کے لیے پرعزم ہے

بقیہ نمبر 33

نہیں ہے کہ پی ٹی آئی اسلام آباد میں آئی، حکومت کی تو دلی خواہش اور کوشش تھی کہ پی ٹی آئی والے ہر صورت اسلام آباد آتے اور سڑکوں پر بڑا تصادم ہوتا تاکہ پی ٹی آئی اور ریاستی اداروں کے درمیان خلیج مزید گہری ہو جاتی۔ محمد مالک کہتے ہیں کہ تحریک انصاف کے ساتھ کسی بھی قسم کی ڈیل یا سیاسی فیصلے کا اختیار حکومت کے پاس نہیں بلکہ وہ فیصلے کہیں اور سے ہونے ہیں، موجودہ حکومت محض لانگ مارچ کی تاریخ ملتوی ہونے کا سیاسی فائدہ اٹھانے اور فتح کا ڈرامہ رچانے کی ناکام کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے نئے صوبوں کے معاملے پر انکشاف کیا کہ صوبوں کی تقسیم کے مسئلے کو ہلکا بالکل نہ لیں، اعلیٰ ترین سطح پر یہ حتمی فیصلہ ہو چکا ہے، اعلیٰ سطح پر یہ بات طے ہو چکی ہے کہ نئے صوبے ہر صورت بنائے جائیں گے، اب متبادل کے طور پر مضبوط مقامی حکومت کے نظام کے بات کرنے کا وقت بھی گزر چکا ہے اور اس آپشن پر گفتگو میں کوئی دلچسپی نہیں لی جا رہی۔

بقیہ نمبر 34

شرکت کی۔ اجلاس میں مالی سال 2026-27 کے لیے جامعات کو مختص کیے گئے 8 ارب روپے کے فنڈز کی تقسیم کے طریقہ کار اور مجوزہ فارمولے پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اس موقع پر صوبے کی مختلف جامعات کو درپیش مالی مسائل اور ضروریات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ جامعات کے نمائندگان نے یونیورسٹیز فنانس کمیشن کے فورم پر اپنی جامعات کو درپیش مالی مشکلات اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یقین دہانی کرائی کہ جامعات کے مسائل کے حل کے لیے تمام متعلقہ امور کو حکام بالا کے نوٹس میں لایا جائے گا اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ اجلاس میں جامعات کے نمائندگان نے تنخواہوں اور پنشن کے مسائل کے حل کے لیے صوبائی وزیر خزانہ، یونیورسٹیز فنانس کمیشن اور حکومت بلوچستان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بروقت اقدامات کے باعث اس وقت جامعات کو تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کے حوالے سے کوئی قابل ذکر مسئلہ درپیش نہیں۔ اجلاس میں بالخصوص یونیورسٹی آف بلوچستان کے پنشن واجبات کے معاملے پر بھی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ حکومت بلوچستان کی منظوری کے بعد محکمہ خزانہ نے یونیورسٹی آف بلوچستان کو 50 کروڑ روپے بطور قرض فراہم کیے ہیں، تاکہ یونیورسٹی کے دیرینہ پنشن واجبات (Pension Liabilities) کے مسئلے کے حل میں مدد مل سکے۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کی جامعات کو درپیش مالی مشکلات کے حل اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ جامعات میں مالی استحکام نہ صرف اساتذہ اور ملازمین کے مسائل کے حل کے لیے ضروری ہے بلکہ معیاری تعلیم اور تحقیق کے تسلسل کے لیے بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

بقیہ نمبر 35

مینیجر ریاض احمد شیخ نے مشینری میونسپل کارپوریشن حب کے سینٹری انچارج حسن رند کے حوالے کی اس موقع پر چیئرمین گل حسن محمد حسنی اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حب نے ڈی جی سیمنٹ فیکٹری کے جی ایم نعیم اختر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صنعتی اداروں کا شہری صفائی اور عوامی سہولیات کی بہتری میں تعاون قابل قدر ہے اس موقع پر بلوچستان فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹی کے چیئرمین میر علی اکبر زہری بھی موجود تھے شرکاء نے شہر میں صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور باہمی تعاون کے ذریعے عوام کو بہتر شہری سہولیات کی فراہمی پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 36

صف علی ہمدانی، فاروق احمد، محمد اشتیاق، فیصل آفریدی اور مجاہد بھٹی کامیاب قرار پائے۔ جوائنٹ سیکرٹریز کے عہدوں پر اقرا خالد، طاہر محمود خان، محمد طارق، نصیرا، دوریز کیانی، محمد رضوان طاہر اور کفایت اللہ منتخب ہوئے۔ افتخار سیماب سیکرٹری اطلاعات منتخب ہوئے، جبکہ حاجی عبدالعزیز پہلے ہی بلا مقابلہ منتخب ہو چکے ہیں۔ گورننگ باڈی کے اراکین میں محمد قربان ستی، سردار شاہد حمید، رانا زاہد حسین، الیاس اعوان، عید محمد، طلعت محمود سیال، محمد خالد، جزاک اللہ، رضا عباس، عبدالشکیل جنجوعہ، شاہد محمود خان، طارق سعید، شاکر صدیق، سردار لیاقت، محمد پرویز، غلام مصطفیٰ سواتی، نعمان صادق، عمر فاروق خٹک، حاجی امین اور محمد سلیمان شامل ہیں۔ انتخابات میں کامیابی کے بعد نو منتخب عہدیداران نے صحافیوں کی فلاح و بہبود، پیشہ ورانہ مسائل کے حل اور راولپنڈی و اسلام آباد سے وابستہ صحافیوں کے مسائل کے ازالے کے لیے بھرپور اقدامات کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ نو منتخب قیادت نے کہا کہ صحافی برادری کے حقوق اور فلاح و بہبود کے تحفظ کے ساتھ ساتھ مثبت صحافت کے فروغ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 37

ل انہالٹ میں مطلق اکثریت حاصل کرنے کے قریب پہنچ گئی تھی، جبکہ انتہائی بائیں بازو کی لیفٹ پارٹی نے 20 ستمبر کو وفاقی دارالحکومت برلن کے ریاستی انتخابات میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کیے۔ حکمران اتحاد کے اعلیٰ عہدیداروں کا کہنا ہے کہ دونوں جماعتیں سکیورٹی کے حوالے سے خطرات پیدا کر سکتی ہیں۔ جرمنی کے وفاقی نظام کے تحت ریاستوں میں مقامی حکومتوں کے ماتحت اپنی داخلی انٹیلیجنس ایجنسیاں موجود ہیں، جو ایک دوسرے کے ساتھ معلومات کا تبادلہ کرتی ہیں اور داخلی سلامتی کے ذمے دار 'وفاقی دفتر برائے تحفظ آئین' (بی ایف وی) (کے ساتھ بھی تعاون کرتی ہیں۔ مخالف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں اور سابق سکیورٹی عہدیداروں نے خدشات ظاہر کیے ہیں کہ اگر یہ ادارے انتہائی دائیں یا انتہائی بائیں بازو کی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے وزراء کے ماتحت آگئے تو خفیہ معلومات ماسکو یا برلن میں منظم جرائم سے روابط کے شبے میں زیر تفتیش گروہوں تک پہنچ سکتی ہیں۔ وفاقی چانسلر فریڈرش میرس کی جماعت کرسچن ڈیموکریٹک پارٹی) سی ڈی یو (کی باویریا میں اتحادی جماعت کرسچن سوشل یونین) سی ایس یو (کے پارلیمانی گروپ کے سربراہ نے کہا، "اس میں منظم جرائم سے متعلق معلومات شامل ہیں، جو برلن کے حوالے سے حساس ہوگا اور روس سے متعلق معاملات بھی ہیں، جو سیکسنی انہالٹ کے حوالے سے مسئلہ بنیں گے۔

بقیہ نمبر 38

درخواست جمع کرا دی، درخواست میں کہا گیا ہے کہ سا کران کے زمینداروں کا زرعی پانی بار بار ات کے وقت بند کر دیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے فصلوں کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے، اور کسانوں کا معاشی قتل ہو رہا ہے، وڈیرہ شکیل احمد واہورہ نے مطالبہ کیا ہے کہ ایکسین اریگیشن کو پابند کیا جائے کہ پانی کی غیر قانونی بندش فوری طور پر ختم کی جائے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے.

بقیہ نمبر 39

7 ستمبر کی صبح سیالکوٹ ایئرپورٹ پر لینڈ کیا، قطر ایئر لائنز کی پرواز نے شیڈول کے مطابق دوبارہ دوحہ کے لیے اڑان بھری۔ سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے ترجمان نے بتایا کہ فلائٹ ریڈار 24 پر تکنیکی خرابی اور جی پی ایس کی غلط معلومات کے باعث پرواز کو غلط مقام پر دکھایا گیا۔ ترجمان کے مطابق قطر سے آنے والی پرواز نے مقبوضہ جموں نہیں بلکہ سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر لینڈ کیا، پرواز کی لینڈنگ کی تصدیق پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے ریڈار سسٹم سے بھی کی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 40

مقصد صرف احتجاجی مارچ کی تاریخ یا انتظامی امور نہیں بلکہ آئندہ سیاسی کشمکش کی نوعیت طے کرنا تھا، ان ملاقاتوں سے جو واضح پیغام سامنے آیا وہ یہ ہے کہ ریاستی اداروں میں پی ٹی آئی کی دھرنوں، سڑکیں بند کرنے، اسلام آباد پر چڑھائی اور تصادم پر مبنی سیاست کی برداشت مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے۔ صحافی کے ذرائع کا کہنا ہے کہ پس پردہ مذاکرات میں پی ٹی آئی کو ایک ممکنہ سیاسی فارمولا اور راستہ پیش کیا گیا ہے، اگر پی ٹی آئی تصادم، لاک ڈاؤن اور مارچ کی سیاست سے مکمل اور باضابطہ گریز کا عزم ظاہر کرتی ہے تو بدلے میں عمران خان سے ملاقاتوں کی بحالی، ان کی صحت و علاج اور ہسپتال منتقلی جیسے انسانی معاملات میں بڑی نرمی کی گنجائش پیدا کی جا سکتی ہے، بشریٰ بی بی کو بھی بنی گالہ منتقل کر کے اسے سب جیل قرار دینے جیسے سہولت کاری کے اقدامات پر غور کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ ان سہولیات کو دوبارہ سیاسی محاذ آرائی کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔ انصار عباسی نے خیبر پختونخوا کی انتظامی صورتحال پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا کہ اس بار پی ٹی آئی کو اپنے ہی صوبے کے اندر وہ عملی سہولت اور پولیس کی معاونت حاصل نہیں ہو سکی جس کی وہ توقع کر رہی تھی بلکہ صوبائی ارکان اسمبلی اور وزراء پر بھی شدید دباؤ رہا، 27 ستمبر کے بجائے 4 اکتوبر کو پشاور سے مارچ کی تاریخ بدلنا اصل حل نہیں ہے بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ پی ٹی آئی پرامن پارلیمانی و سیاسی جدوجہد کا راستہ چنتی ہے یا طاقت کے امتحان کے راستے پر چلے گی، اگر پی ٹی آئی کھینچی گئی اس لکیر کو عبور کر کے 9 مئی جیسی صورتحال پیدا کرنے کی کوشش کرے گی تو ریاست اس کا سخت ترین جواب دے گی۔

بقیہ نمبر 41

سے فیضان جاوید کو صوبائی ترجمان پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ بلوچستان مقرر کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا اس موقع پر امید ہے کہ فیضان جاوید اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے یوتھ ونگ کو مزید منظم اور فعال بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 42

نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم ریحان کو شیخ کے علاقے سے ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ شخص اہل خانہ کے ہمراہ رشتے دار کے گھر گئے ہوئے تھے جس دوران ملزم نے اپنے ساتھی کے ساتھ مل کر گھر میں چوری کا منصوبہ بنایا۔ پولیس حکام کے مطابق گھر میں اہل خانہ کی غیر موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ملزمان نے مبینہ طور پر 27 لاکھ روپے مالیت کا سونا چوری کر لیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق گرفتار ملزم کو مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے جبکہ واردات میں ملوث دیگر ملزمان سے متعلق بھی تفتیش جاری ہے

بقیہ نمبر 43

ین نورزئی نے 2017 سے پروموشن کے منتظر مزید 17 پٹواریوں کو قانون گو B.9 سے B11 کے عہدے پر تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کر دیے۔ اس موقع پر کمشنر آفس کے سپرنٹنڈنٹس بابو عبدالصمد کھوسہ اور بابو شیر اللہ کھوسہ بھی موجود تھے اس موقع پر کمشنر نصیر آباد نے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پروموشن سرکاری ملازمین کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ ان کی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ کرتی ہے، اب ترقی پانے والے افسران واہلکار اپنی ذمہ داریوں کو عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ ادا کریں اور محکمہ مال کے امور میں شفافیت، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی واضح پالیسی ہے کہ اہل اور حقدار ملازمین کو ان کا جائز حق بروقت فراہم کیا جائے، تاکہ سرکاری اداروں کی کارکردگی مزید بہتر ہو اور عوام کو ریلیف کی فراہمی میں آسانی پیدا ہو۔ 17 پٹواریوں کی قانون گو کے عہدے پر تعیناتی کو محکمہ مال کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے، جس سے نہ صرف افسران واہلکاروں کی پیشہ ورانہ حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ محکمہ مال کے انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 44

تے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو ہدایت کی ہے کہ وہ نظر بند امیر خان کی مبینہ گرفتاری کے تمام حالات و واقعات کا خود جائزہ لیں۔ عدالت نے ڈی آئی جی آپریشنز کو 30 ستمبر کو گرفتاری سے متعلق جامع اور تصدیق شدہ رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ رپورٹ میں امیر خان کی گرفتاری کی وجوہات، وقت، طریقہ کار اور اس سے متعلق تمام حالات و واقعات کی مکمل تفصیلات شامل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ تحریری حکم میں عدالت نے قرار دیا کہ عدالتی نوٹس کے فوری بعد نظر بند شخص کو دوسرے مقدمے میں گرفتار کیا گیا، جبکہ پولیس کی جانب سے پیش کی گئی رپورٹ نے عدالت کے اعتماد کو متاثر کیا ہے، عدالت کے مطابق واقعات کی ترتیب بادی النظر میں اس تاثر کو جنم دیتی ہے کہ عدالتی کارروائی کو روکنے یا ناکام بنانے کی دانستہ کوشش کی گئی۔ عدالت نے مزید قرار دیا کہ نظر بندی کی گرفتاری کا وقت اور طریقہ کار سنگین سوالات پیدا کرتے ہیں، اگر پولیس کا طرز عمل ثابت ہو گیا تو یہ اختیارات کے سنگین غلط استعمال کے مترادف ہوگا۔ پولیس رپورٹ کے مطابق نظر بند امیر خان کو شناخت پریڈ کے لیے جوڈیشل لاک اپ بھیجا گیا تھا، تاہم عدالت نے ایس ایچ او گجر پورہ کی جانب سے پیش کی گئی رپورٹ کو ناقابل اعتماد قرار دیتے ہوئے گرفتاری کے تمام حالات کی اعلیٰ سطح پر جانچ کو ضروری قرار دیا۔ عدالت نے لاء افسر کو بھی ہدایت کی کہ عدالتی حکم پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور آئندہ سماعت پر مکمل رپورٹ عدالت کے روبرو پیش کی جائے۔ لاہور ہائیکورٹ نے کیس کی مزید سماعت 30 ستمبر تک ملتوی کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 45

ل صوبوں کے نامور پہلوان اپنی جسمانی طاقت مہارت اور فن کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک دوسرے کے مدمقابل زور آزمائی کریں گے۔ میلے میں دور دراز علاقوں سے بڑی تعداد میں زائرین عقیدت مندوں اور شہریوں کی شرکت متوقع ہے۔ میلے کے آخری روز اختتامی تقریب کا انعقاد کیا جائے گا جس میں مختلف روایتی و ثقافتی کھیل پیش کیے جائیں گے جن میں پیدل دوڑ، سائیکل ریس، گدھا گاڑی ریس اور اونٹ ریس سمیت دیگر مقابلے شامل ہیں۔ اس موقع پر نوجوانوں اور بچوں کے لیے بھی مختلف تفریحی سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا ہے جبکہ امسال میلے میں سرکس، موت کا کنواں اور مختلف اقسام کے جھولے بھی لگائے جائیں گے جس سے میلے کی رونق میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ درگاہ پیر مجاہد کے گدی نشین خلیفہ عبدالقیوم وچھانی نے کہا کہ سالانہ میلہ روایتی و ثقافتی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ عقیدت مندوں کے لیے روحانی وابستگی کا اہم موقع ہے انہوں نے سندھ /بلوچستان سمیت مختلف علاقوں سے آنے والے تمام زائرین اور عقیدت مندوں کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا اور کہا کہ درگاہ پر آنے والے تمام مہمان ہمارے لیے قابل احترام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میلے کے دوران زائرین کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کی کوشش کی جائے گی اور سالانہ میلے میں روایتی کھیلوں اور تفریحی سرگرمیوں کے انعقاد کا مقصد علاقے کی ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنا ہے۔ سالانہ تین روزہ میلے کے انعقاد پر زائرین اور شائقین کی جانب سے میلے کا بے چینی سے انتظار کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 46

وائی کو قانونی حیثیت نہیں دے سکتے۔ فیصلے کے مطابق سیلز ٹیکس رجسٹریشن 27 ستمبر 2016 کو ہوئی جبکہ محکمہ نے اس سے قبل 23 ستمبر 2016 کو شوکاز نوٹس جاری کیا تھا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ٹیکس ٹریبونل کی جانب سے طے کیے گئے بنیادی قانونی نکتے کو محکمہ نے چیلنج نہیں کیا، اس لیے غیر چیلنج شدہ قانونی نکتے کو ریفرنس کے ذریعے بالواسطہ طور پر دوبارہ نہیں کھولا جا سکتا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ غیر قانونی بنیاد پر شروع ہونے والی کارروائی محض بعد کی کارروائی کے ذریعے برقرار نہیں رہ سکتی۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ محکمہ ان لینڈ ریونیو ٹریبونل کے فیصلے میں کوئی قانونی غلطی ثابت کرنے میں ناکام رہا، لہٰذا ٹریبونل کا 19 دسمبر 2017 کا فیصلہ برقرار رکھا جاتا ہے۔ عدالت نے بینک کریڈٹ، ایف او بی اور ٹیکس فراڈ سے متعلق محکمہ کے دیگر سوالات پر فیصلہ دینا غیر ضروری قرار دیا، کیونکہ بنیادی قانونی نکتے کے باعث یہ سوالات مقدمے کے حتمی نتیجے پر اثر انداز نہیں ہوتے۔ عدالت کے مطابق ریفرنس میں ایسے سوال کا فیصلہ نہیں کیا جاتا جس کے نتیجے سے مقدمے کے حتمی فیصلے میں کوئی تبدیلی نہ آئے۔

بقیہ نمبر 47

نمایاں نظر آتے ہیں۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے اپنی اس فن کے بارے میں جذبات کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ یہ تخلیق کسی سٹوڈیو میں نہیں بلکہ پس زنداں کی گئی ہے جہاں کپڑے پر لگا ہر ایک ٹانکا صبر کی علامت اور ہر رنگ امید کی ایک نئی کرن ہے، جب وقت بالکل تھم جائے اور روح خالی محسوس ہو تو تخلیقی کام انسان کو تسکین فراہم کرتا ہے اور انسان یہ پختہ یقین ہونا چاہیے کہ سخت ترین اور مظلم حالات میں بھی خوبصورتی نمودار ہو کر رہتی ہے۔

بقیہ نمبر 48

علاقے کے امن و تحفظ کے لیے اہم ہیں، تاہم بعض مقامات پر عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چیک پوسٹوں کی منتقلی اور فعالیت کے حوالے سے مقامی آبادی کے تحفظات اور زمینی حقائق کو مد نظر رکھا جائے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے قبائلی وفد کو مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کو چیک پوسٹوں سے متعلق قبائلی تحفظات دور کرنے کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ متعلقہ علاقوں کا موقع پر دورہ کر کے چیک پوسٹوں کی موجودہ صورتحال، ضرورت اور عوام کو درپیش مشکلات کا جائزہ لیا جائے اور اس حوالے سے رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں کی منتقلی اور فعالیت سے متعلق زمینی حقائق کا جائزہ لے کر جلد رپورٹ پیش کی جائے۔ ذیشان لاشاری نے کہا کہ علاقے میں امن و امان کے قیام کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس حوالے سے سنجیدہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ عوام اور قبائلی عمائدین کے تحفظات کو سنجیدگی سے لیا جائے گا اور باہمی مشاورت سے مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ ملاقات میں ملک عبدالرحمان بازئی سمیت دیگر قبائلی معتبرین اور معززین بھی شریک تھے۔ قبائلی وفد نے مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کی یقین دہانی پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 49

موبائل بھی لے گئے تھے جسے بعد ازاں گرہ بڈھا سے برآمد کیا گیا اس کے علاوہ ملزمان کی فائرنگ سے 2 راہ گیر بھی زخمی ہوئے۔ ڈی پی او نے بتایا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے تمام شاہراہوں اور پیدل راستوں کی ناکہ بندی کر دی گئی ہے۔ ڈی پی او کے مطابق مسلح ملزمان کی فائرنگ سے اے ایس آئی عصمت اللہ زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 50

واگزار کرائی گئی اراضی رنی ماڈل بازار کے لیے مختص ہے، جہاں تعمیراتی و ترقیاتی کام جاری ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے سرکاری اراضی پر قائم غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائی کی گئی تاکہ ماڈل بازار کے منصوبے پر ترقیاتی کام مقررہ رفتار کے مطابق جاری رکھے جا سکیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رنی فہد حسین عمرانی نے کہا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، سرکاری زمین پر کسی بھی قسم کے غیر قانونی قبضے اور تجاوزات کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی کہ واگزار کرائی گئی اراضی کی نگرانی یقینی بنائی جائے اور دوبارہ تجاوزات قائم نہ ہونے دی جائیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق رنی ماڈل بازار کی تکمیل سے شہریوں اور تاجروں کو بہتر، منظم اور سہل تجارتی سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ تجاوزات کے خاتمے سے شہر کی خوبصورتی، ٹریفک کے نظام اور مجموعی نظم و نسق میں بھی بہتری آئے گی۔

بقیہ نمبر 51

بائیومیٹرک تو ثیق سمیت متعدد جدید فیچرز شامل کیے گئے ہیں۔ نادرا کے پبلک انفارمیشن آفیسر سید شہبات علی کے مطابق پاک آئی ڈی ایپ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا رہا ہے، نئے ورژن کی بدولت اب شہری اپنے ساتھ ساتھ شریک حیات اور 18 سال سے کم عمر بچوں کے ڈیجیٹل شناختی دستاویزات، جوینائل کارڈ، نائیکوپ یا پاکستان اوریجن کارڈ) پی او سی (با آسانی حاصل اور محفوظ کر سکتے ہیں جبکہ ضرورت پڑنے پر ان کی معلومات کی فوری تصدیق اور شیئرنگ بھی ممکن ہو گی۔ انہوں نے بتایا کہ ایپ میں اہم دستاویزات کی فوری تصدیق کے لیے 'سکین کیو آر کوڈ' کا فیچر متعارف کرایا گیا ہے جس کی مدد سے ب فارم، فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ) ایف آر سی (اور شناختی کارڈ منسوخی سرٹیفکیٹ پر درج ڈیجیٹل کیو آر کوڈ کو سکین کر کے تصدیق شدہ کوائف چند سیکنڈز میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ سید شہبات علی کے مطابق بیرون ملک بالخصوص حج و عمرہ پر جانے والے عازمین کے لیے بائیومیٹرک تصدیق کا عمل مزید آسان بنا دیا گیا ہے، زائرین اب انگلیوں اور گردن توڑ بخار) مننجائٹس (کے ویکسینیشن کارڈ کے لیے بائیومیٹرک تصدیق ایپ کے 'MBVS' سیکشن کے ذریعے گھر بیٹھے مکمل کر سکتے ہیں جس کے بعد مجاز ویکسین لگوا کر نادرا کے 'نمز' (NIMS) پورٹل سے ویکسینیشن کارڈ ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ ایپ کے استعمال کا طریقہ واضح کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ فیملی ڈیجیٹل آئی ڈی کے لیے ہوم سکرین سے 'فیملی ممبرز ڈیجیٹل آئی ڈی' میں جا کر مطلوبہ فرد کے نام 'Apply for Digital ID' منتخب کریں۔ دستاویزات کی تصدیق 'سکین کیو آر کوڈ' اور ویکسینیشن توثیق 'MBVS' سیکشن سے مطلوبہ کیٹیگری منتخب کر کے فیس کی ادائیگی کے ذریعے مکمل کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی تجاویز کی روشنی میں پاک آئی ڈی سروسز کو مزید مؤثر بنانے کا عمل جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 52

حقوق کی آواز بلند کی ہے وندر اور دریجی کے عوام نے جس محبت اعتماد کا اظہار کیا وہ میر علی حسن زہری کی عوامی مقبولیت اور عوام سے مضبوط تعلق کی عکاسی کرتا ہے یہ جلسہ صرف ایک سیاسی اجتماع نہیں بلکہ عوام اور قیادت کے درمیان مضبوط رشتے کا مظہر ہے میر صاحب غریبوں کے ساتھی اور عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار رہنما ہیں میر علی حسن زہری کو وندر اور دریجی میں کامیاب جلسے کے انعقاد پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اللہ سے دعا ہے انہیں ہر موڑ پر کامیاب کرے آمین

بقیہ نمبر 53

اور زخمی شخص کو ریسکیو سینٹر کی ایمبولینس کے ذریعے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں شدید زخمی کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج و معالجہ کے لیے کراچی ریفر کر دیا گیا۔ وندر پولیس نے جاں بحق شخص کی لاش کو ضابطے کی ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا۔

بقیہ نمبر 54

شب کوئٹہ سے نواب شاہ جانے والی مسافر کوچ پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک مسافر محمد جمن کھوسو موقع پر ہی جاں بحق جبکہ دیگر تین مسافر شدید زخمی ہو گئے جبکہ ڈاکو لوٹ مار کرنے کے بعد فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئے واقعے میں ہلاک وزخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ بھاگ سٹی پولیس تھانے کی حدود حامد لبستی کے مقام پر بھاگ سے کوئٹہ جانے والی ویگن کے مسافر کو ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر لوٹ لیا اور فرار ہو گئے

بقیہ نمبر 55

لے سے کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران مقررہ نرخوں سے زائد قیمت پر اشیاء کی فروخت اور گرانفروشی پر 9 تندور مالکان اور 2 قصابوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیاء کی فراہمی، قیمتوں میں استحکام اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 56

نہیں ہوا ہے نہ ہی کوئی لوہا برآمد ہوا اور نہ ہی کوئی گرفتاری ہوئی ہے چوری کی خبر بالکل بے بنیاد ہے

بقیہ نمبر 57

ان بے گناہ خواتین اور بچوں کے لیے مکمل خاموش ہیں۔ بی ایل اے کی جانب سے کی جانے والی اس بربریت کے خلاف کیوں یہ گروہ بات نہیں کرتے؟؟ بینا مجید بلوچ نے کہا کہ وہ نام نہاد لوگ جو خود کو بلوچ حقوق کے کارکن اور انسانی حقوق کے علمبردار قرار دیتے ہیں انہیں خواتین اور بچوں کے خلاف اس طرح کے ظلم و بربریت کے خلاف بھی آواز اٹھانی چاہیے۔ اگر وہ واقعی بلوچ حقوق کی نمائندگی کرتے ہیں تو پھر معصوم خواتین اور بچوں کے خلاف ہونے والے ایسے واقعات پر خاموشی کیوں اختیار کیے ہوئے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ ایسے عناصر جو بیرون ملک بیٹھ کر بلوچستان اور بلوچ حقوق کے نام پر واویلا کرتے ہیں، انہیں بھی واضح کرنا چاہیے کہ وہ بی ایل اے اور دیگر شرپسند مسلح گروہوں کی جانب سے عام شہریوں، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنائے جانے کے واقعات پر خاموش کیوں رہتے ہیں۔ ناروے، کینیڈا، نیدرلینڈز، برطانیہ اور امریکہ سمیت ان ممالک کو بھی اپنے ہاں مقیم ایسے عناصر کی سرگرمیوں اور ان کے پروپیگنڈوں کا جائزہ لینا چاہیے۔ بینا مجید بلوچ نے کہا کہ بلوچ حقوق کی بات کرنے کا تقاضا یہ ہے کہ انسانی جان، خواتین اور بچوں کے حقوق کے لیے بلاامتیاز آواز اٹھائی جائے۔ کسی بھی شرپسند مسلح گروہ کی جانب سے معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا قابل قبول نہیں ہونا چاہیے۔

بقیہ نمبر 58

ور ہم نے خطے کو درپیش ساجی خدشات اور چیلنجز پر بات چیت کی۔

بقیہ نمبر 59

میں اسرائیلی بستیوں کیخلاف نیدرلینڈز کی پابندیوں کے ردعمل میں کیا گیا۔ اسرائیلی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ رام اللہ میں کام کرنے والے ڈچ سفارتکاروں کو 7 روز میں سفارتی دستاویزات واپس کرنا ہوں گی

بقیہ نمبر 60

یونیورسٹی کے محققین نے تیار کیا ہے

بقیہ نمبر 61

نے سے موٹر سائیکل سوار 35 سالہ شہری زخمی ہو گیا

بقیہ نمبر 62

قعے میں بزرگ شہری محمد خورشید کو چھری کے وار سے زخمی کرنے کے الزام میں پولیس نے دو افراد کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ نمبر 63

ندہ برائلر کی قیمت 20 روپے اضافے سے 328 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت بھی مزید ایک روپے اضافے سے 262 روپے فی درجن کی سطح پر پہنچ گئی۔ مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے سے 20 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا گیا۔

بقیہ نمبر 64

سیاسی شمولیت میں اضافے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملکی ترقی کے لیے خواتین کو قومی معیشت کا فعال حصہ بنانا ناگزیر ہے

بقیہ نمبر 65

تبدیل کر کے انہیں ملتان اور لاہور اتار لیا گیا۔ پیرس سے اسلام آباد آنے والی پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کی پرواز کو ملتان اتارا گیا جبکہ ریاض سے اسلام آباد آنے والی نجی فضائی کمپنی کی پرواز لاہور اتاری گئی۔ شدید بارش کے باعث بینکاک سے لاہور آنے والی 2 پروازوں میں ساڑھے 9 گھنٹے تک تاخیر ہوئی۔ گزشتہ رات کے لیے مقرر تھائی ایئر لائنز کی پرواز آج صبح لاہور پہنچی۔ دوسری جانب بینکاک سے کراچی آنے والی دونوں پروازیں 20 گھنٹے کی تاخیر کے بعد منسوخ کر دی گئی ہیں۔

آپریشنل ریسرچ کے نتائج کو صحت کی ترجیحات سے ہم آہنگ کیا جائے، مجیب الرحمن

صحت کے شعبے میں درپیش مسائل کی نشاندہی، ان کے سائنسی تجزیے اور مؤثر حل کیلئے آپریشنل ریسرچ کو صوبائی نظامِ صحت کا باقاعدہ حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

تحقیق اور شواہد کی بنیاد پر کیے گئے فیصلوں سے صحت عامہ کی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال میں مدد ملے گی

کوئٹہ (بولان بیورو) صوبائی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمٰن نے بلوچستان میں صحت کے نظام کو مزید مؤثر، مضبوط اور شواہد پر مبنی بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحت کے شعبے میں درپیش مسائل کی نشاندہی، ان کے سائنسی تجزیے اور مؤثر حل کیلئے آپریشنل ریسرچ کو صوبائی نظامِ صحت کا باقاعدہ حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحقیق اور شواہد کی بنیاد پر کیے گئے فیصلوں سے صحت عامہ کی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال میں مدد ملے گی۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کوئٹہ میں (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7پر)

قلات، ضلعی انتظامیہ کے احکامات کی روشنی میں کھلی کچہری میں لوگ شریک ہیں

سیوریج کی خستہ حالی کا چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی نے نوٹس لے لیا

گل حسن محمد حسنی جنرل کونسلر و پیپلز پارٹی کے ضلعی ترجمان محمد جان مری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے متعلقہ ٹھیکیدار پر سخت برہمی کا اظہار کیا

حب (نمائندہ بولان) گلیکسی ٹاؤن روڈ لیبر کالونی کی سیوریج کی خستہ حالی کا چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی نے نوٹس لے لیا چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

غیر رجسٹرڈ کشتیوں کی رجسٹریشن و لائسنس کے لیے آخری اطلاع

کل سے غیر رجسٹرڈ اور بغیر لائسنس کشتیوں کے خلاف عملی کارروائی شروع کی جائے گی

حب (نمائندہ بولان) اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز لسبیلہ کے دفتر سے جاری ایک اعلامیہ کے مطابق غیر رجسٹرڈ کشتیوں کی رجسٹریشن و لائسنس کے لیے آخری اطلاع، تمام کشتی مالکان، بشمول ماہی گیری، کاروباری، مال بردار، سیاحتی، تفریحی اور ذاتی استعمال کی کشتیوں کے مالکان کو آخری بار مطلع (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

حکومت اس سے خوش نہیں ہے کہ پی ٹی آئی نہیں آئی، محمد مالک کا تجزیہ

حکومت چاہتی تھی کہ تحریک انصاف لانگ مارچ لے کر اسلام آباد آئے اور تصادم ہو

جس سے پی ٹی آئی اور ادارے کے درمیان خلیج مزید گہری ہو؛ سینئر اینکر پرسن اور تجزیہ کار کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) معروف اینکر پرسن اور تجزیہ کار محمد مالک نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت تحریکِ انصاف کے لانگ مارچ کی تاریخ ملتوی ہونے سے دل سے خوش نہیں ہے کیونکہ وہ اسلام آباد میں تصادم چاہتی تھی تاکہ پی ٹی آئی اور اداروں کے درمیان موجود خلیج کو مزید گہرا اور ناقابلِ تلافی بنایا جا سکے۔ اس سلسلے میں اپنے خصوصی تجزیے کے دوران انہوں نے کہا کہ حکومت اس بات سے بالکل خوش (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

جامعات کے مسائل کے حل کیلئے کوشش جاری رکھیں گے، شعیب نوشیروانی

صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت یونیورسٹیز فنانس کمیشن (UFC) کا اجلاس منعقد ہوا

سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ، سیکرٹری کالجز ہاشم غلزئی اور صوبے کی مختلف جامعات کے وائس چانسلرز و نمائندگان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی

کوئٹہ (بولان بیورو) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت یونیورسٹیز فنانس کمیشن (UFC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ، سیکرٹری کالجز ہاشم غلزئی اور صوبے کی مختلف جامعات کے وائس چانسلرز و نمائندگان اور دیگر متعلقہ حکام نے (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

حب۔ ڈی جی خان سیمنٹ کمپنی کی جانب سے حب شہر میں صفائی کے لیئے فراہم کی گئی مشینری فیکٹری منیجر ریاض احمد شیخ میونسپل کارپوریشن حب کے سینٹری انچارج حسن رند کے حوالے کر رہے ہیں اس موقع پر بلوچستان فشرمینز کوآپریٹو سوسائٹی کے چیئرمین میر علی اکبر زہری بھی موجود ہیں

حکومت اور پی ٹی آئی میں پس پردہ 7 ملاقاتوں کا دعوی

تصادم کی سیاست چھوڑنے پر عمران خان سے ملاقاتوں، ہسپتال منتقلی و دیگر معاملات میں نرمی کی گنجائش پیدا ہو سکتی ہے

بنی گالہ کو سب جیل قرار دے کر بشری بی بی کی منتقلی کا امکان بھی شامل ہے؛ انصار عباسی کی خبر

اسلام آباد (جی این ایم) سینئر صحافی اور کالم نگار انصار عباسی نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان تحریکِ انصاف اور حکومت کے درمیان پسِ پردہ 6 سے 7 اہم ملاقاتیں اور رابطے ہوئے ہیں، جس کے بعد ریاستی و حکومتی حلقوں کی جانب سے تحریکِ انصاف کے لیے ایک باقاعدہ ریڈ لائن کھینچ دی گئی۔ انصار عباسی کے مطابق گزشتہ پانچ سے چھ ہفتوں کے دوران مقتدر حلقوں کے قریب سمجھی جانے والی ایک اہم حکومتی شخصیت اور پی ٹی آئی قیادت کے درمیان متعدد ملاقاتیں ہوئیں، ان رابطوں کا بنیادی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7پر)

سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیرپورٹ کی قطر ائیرویز کی پرواز سے متعلق خبروں کی تردید

سیالکوٹ (این این آئی) سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیرپورٹ نے قطر ائیرویز کی پرواز کی مقبوضہ جموں میں ہنگامی لینڈنگ سے متعلق خبروں کی تردید کی ہے۔ ترجمان سیالکوٹ انٹرنیشنل ائیرپورٹ عمیر خان نے اپنے بیان میں کہا کہ دوحا سے آنے والی قطر ائیر لائنز کی پرواز نے 2 (بقیہ نمبر 39 \ صفحہ 7پر)

27 لاکھ مالیت کے سونے کی چوری کا ڈراپ سین

لاہور (این این آئی) لاکھوں روپے مالیت کے سونے کی چوری کا ڈراپ سین ہوگیا، پولیس کے مطابق واردات کا مبینہ ماسٹر مائنڈ متاثرہ شخص کا بھانجا نکلا۔ اچھرہ پولیس (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

فیضان جاوید کو صوبائی ترجمان پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ بلوچستان مقرر کرنے کا نوٹیفکیشن جاری

فیضان جاوید اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے یوتھ ونگ کو مزید منظم اور فعال بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے

حب (نمائندہ بولان) اسلم ساتکزئی صوبائی ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ بلوچستان کے جنرل سیکرٹری میر سجاد احمد رئیسانی نے صوبائی صدر سردار نقیب ترین کی مشاورت (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات مکمل

مجاہد نقوی صدر اور محمد شفیق چوہدری جنرل سیکرٹری منتخب، چیئرمین الیکشن کمیٹی عطاالرحمان طاہر نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا

صحافی برادری کے حقوق اور فلاح و بہبود کے تحفظ کے ساتھ ساتھ مثبت صحافت کے فروغ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

اسلام آباد (بولان بیورو) راولپنڈی اسلام آباد بیورو جرنلسٹس ایسوسی ایشن (ربجا) کے سال 27-2026 کے انتخابات نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقد ہوئے، جس میں سید مجاہد حسین نقوی صدر اور محمد شفیق چوہدری جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ چیئرمین الیکشن کمیٹی عطاالرحمان طاہر نے نومنتخب عہدیداران کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نائب صدور کی نشستوں پر نصرت عباس شاہ، سید آ (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

نعیم اختر کی جانب سے صفائی مہم کے لیے میونسپل کارپوریشن حب کو مشینری فراہم

چیئرمین گل حسن محمد حسنی اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حب نے ڈی جی سیمنٹ فیکٹری کے جی ایم نعیم اختر کا شکریہ ادا کیا

حب (نمائندہ بولان) ڈی جی سیمنٹ فیکٹری جنرل منیجر نعیم اختر کی جانب سے صفائی مہم کے لیے میونسپل کارپوریشن حب کو مشینری فراہم، ڈی جی سیمنٹ فیکٹری کے تعاون سے صفائی مہم کے سلسلے میں مشینری میونسپل کارپوریشن حب کے حوالے کر دی گئی اس موقع پر ڈی جی سیمنٹ فیکٹری کے (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

حب۔ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی گلیکسی ٹاؤن حب میں متعلقہ وارڈ کے کونسلر محمد جان مری کے ہمراہ خستہ حال سیوریج لائن کا معائنہ کر رہے ہیں

جرمنی میں دائیں اور بائیں بازو کی جماعتوں کی انتخابی کامیابیوں کے بعد سکیورٹی ادارے مخمصے میں

اسلام آباد (جی این ایم) انتہائی دائیں بازو کی جماعت الٹرنیٹیو فار جرمنی (اے ایف ڈی) 6 ستمبر کو مشرقی ریاست سیکس (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

ساکران کے زمینداروں کا پانی رات کو بند، فصلیں تباہ

ایکسین ایریگیشن کو پابند کیا جائے کہ پانی کی غیر قانونی بندش فوری طور پر ختم کی جائے، وڈیرہ شکیل احمد

حب (پ ر) ساکران کے زمینداروں کا پانی رات کو بند، فصلیں تباہ، اسسٹنٹ کمشنر حب سے ملاقات میں فوری ایکشن کا مطالبہ، ساکران یکجہتی کمیٹی کے رہنماء وڈیرہ شکیل احمد واہورہ نے اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان لچکی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، ملاقات میں محکمہ ایریگیشن کے خلاف (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

حب۔ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی پیپلز پارٹی کے رہنما گلزار احمد بگٹی کی جانب سے دی گئی ٹی پارٹی میں شریک ہیں اس موقع پر کونسلر محمد جان مری، رحمت اللہ بگٹی، ابوبکر بگٹی، میر گل حسن گلزار بگٹی اور سابق کونسلر و سماجی رہنماء حب علی اصغر چھٹہ بھی موجود ہیں

اہل ملازمین کی حوصلہ افزائی سے محکموں کی کارکردگی بہتر ہو جائیگی، کمشنر نصیر آباد ڈویژن

حکومت بلوچستان کی واضح پالیسی ہے کہ اہل اور حقدار ملازمین کو ان کا جائز حق بروقت فراہم کیا جائے، تاکہ سرکاری اداروں کی کارکردگی مزید بہتر ہو اور عوام کو ریلیف کی فراہمی میں آسانی پیدا ہو

کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے 2017 سے پرموشن کے منتظر مزید 17 پٹواریوں کو قانون گوز B.9 سے B11 کے عہدے پر تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کر دیے

نصیر آباد (بولان بیورو) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور ایس ایم بی آر قمبر دشتی کے احکامات کی روشنی میں نصیر آباد ڈویژن میں سرکاری ملازمین کی ترقی اور محکمانہ امور میں بہتری کا سلسلہ جاری ہے، اس حوالے سے کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الد (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

عدالتی نوٹس کے بعد نظر بند کی گرفتاری، ہائیکورٹ کے پولیس کارروائی پر تشویش کا اظہار

ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو گرفتاری کے تمام حالات کی ذاتی طور پر انکوائری کا حکم، سماعت (کل) تک ملتوی

امیر خان کی گرفتاری کی وجوہات، وقت، طریقہ کار، تمام حالات و واقعات کی مکمل تفصیلات شامل کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی نوٹس جاری ہونے کے فوری بعد نظر بند شخص کو دوسرے مقدمے میں گرفتار کرنے کے معاملے پر پولیس کی کارروائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو گرفتاری کے تمام حالات کی ذاتی طور پر انکوائری کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر نے شہری بہروز خان کی درخواست پر تحریری عبوری حکم جاری کر (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

موسمی خرابی، اسلام آباد کی 2 پروازیں ملتان اور لاہور اتار لی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں خراب موسمی صورتِ حال کے باعث 2 پروازوں کا رخ (بقیہ 65 صفحہ 7پر)

جڑانوالہ ٹانگا اور صرافہ مارکیٹ کی بولی، دکانداروں کا پرامن احتجاج

مکوآنہ (این این آئی) جڑانوالہ میں ٹانگا مارکیٹ اور صرافہ مارکیٹ کی دکانوں کی بولی کے معاملے پر ٹانگا مارکیٹ دکانداروں نے پرامن احتجاج کرتے ہوئے انتظامیہ سے اپنے مسائل کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے 3

درگاہ پیر مجاہد موضع کاٹھوڑ کا سالانہ تین روزہ میلہ یکم اکتوبر سے شروع ہوگا

سالانہ میلے میں سندھ اور بلوچستان سے آنے والے ملھ پہلوانوں کے درمیان روایتی و ثقافتی کھیل ملاکھڑے کا خصوصی اہتمام کیا جائے گا

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) وندر، بزرگ ہستی درگاہ پیر مجاہد موضع کاٹھوڑ کا سالانہ تین روزہ میلہ یکم اکتوبر سے شروع ہوگا تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں۔ سالانہ میلے میں سندھ اور بلوچستان سے آنے والے ملھ پہلوانوں کے درمیان روایتی و ثقافتی کھیل ملاکھڑے کا خصوصی اہتمام کیا جائے گا۔ دونو (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

کراچی، میئر کراچی مرتضی وہاب پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سرکاری اراضی پر قبضہ کسی صورت میں برداشت نہیں کیا جائیگا، اے سی رکنی

کارروائی کے دوران 3.5 ایکڑ قیمتی سرکاری کمرشل اراضی کو غیر قانونی قبضے سے واگزار کرا لیا گیا۔ واگزار کرائی گئی اراضی رکنی ماڈل بازار کے لیے مختص ہے

انتظامیہ کی جانب سے سرکاری اراضی پر قائم غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائی کی گئی تاکہ ماڈل بازار کے منصوبے پر ترقیاتی کام مقررہ رفتار کے مطابق جاری رکھے جا سکیں

بارکھان/رکھنی (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی کی زیر نگرانی رکنی شہر میں تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران 3.5 ایکڑ قیمتی سرکاری کمرشل اراضی کو غیر قانونی قبضے سے واگزار کرا لیا گیا۔ (بقیہ 50 صفحہ 7پر)

ہائیکورٹ نے رجسٹریشن سے قبل جاری کیے گئے شوکاز نوٹس کو غیر قانونی قرار دیدیا

ڈویژن بنچ نے کمشنر ان لینڈ ریونیو زون کی جانب سے دائر 8 سال پرانے سیلز ٹیکس ریفرنس کو خارج کر دیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ٹیکس دہندہ کے حق میں فیصلہ سناتے ہوئے رجسٹریشن سے قبل جاری کیے گئے شوکاز نوٹس کو غیر قانونی قرار دے دیا۔ جسٹس محمد اجمل خان زاہد پر مشتمل دو رکنی بنچ نے 9 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا۔ دو رکنی بنچ نے کمشنر ان لینڈ ریونیو زون کی جانب سے دائر 8 سال پرانے سیلز ٹیکس ریفرنس کو خارج کرتے ہوئے ٹیکس ٹربیونل کا ٹیکس دہندہ کے حق میں فیصلہ برقرار رکھا۔ عدالت نے قرار دیا کہ رجسٹریشن کے بعد کی گئی کارروائی پہلے سے شروع کی گئی غیر قانونی کار (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

نومئی کے مقدمات میں گرفتار یاسمین راشد کی کشیدہ کاری نے سب کو حیران کر دیا

کپڑے پر لگا ہر ایک ٹانکا صبر کی علامت اور ہر رنگ امید کی ایک نئی کرن ہے، یاسمین راشد

لاہور (این این آئی) نومئی کے مقدمات میں گرفتار پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد نے تکیوں اور صوفے کے کشنز پر ہاتھ سے خوبصورت اور دلکش کشیدہ کاری کر کے سب کو حیران کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈاکٹر یاسمین راشد نے سوئی اور دھاگے کی مدد سے کپڑوں پر رنگ برنگی کڑھائی کی ہے جس میں ہاتھی، گھوڑے، پرندے، تتلیاں، پھول اور دلکش بیل بوٹے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7پر)

نامعلوم مسلح ملزمان نے ٹریفک اہلکاروں کی موبائل پر فائرنگ کر دی، 3 اہلکار شہید

دہشت گرد ٹریفک پولیس موبائل بھی لے گئے تھے جسے بعد ازاں گرہ بڈھا سے برآمد کیا گیا، ڈی پی او

مسلح ملزمان کی فائرنگ سے اے ایس آئی عصمت اللہ زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

ٹانک (این این آئی) نامعلوم مسلح ملزمان نے ٹریفک اہلکاروں کی موبائل پر فائرنگ کر دی جس سے 3 اہلکار شہید ہوگئے۔ ڈی پی او عبدالصمد خان کے مطابق فائرنگ کا واقعہ ٹانک کے وزیر آباد بازار میں پیش آیا جہاں مسلح ملزمان نے ٹریفک اہلکاروں کی موبائل پر فائرنگ کی جس سے گاڑی میں سوار تین اہلکار موقع پر ہی شہید ہوگئے جب کہ ملزمان فرار ہوگئے۔ ڈی پی او کے مطابق دہشت گرد ٹریفک پولیس (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

رائیونڈ مانگا روڈ پر فیکٹری کی کوسٹر الٹ گئی، 11 افراد زخمی

لاہور (این این آئی) رائیونڈ مانگا روڈ پر تالاب سرائے کے قریب ٹریفک حادثہ پیش آیا، جہاں فیکٹری کی کوسٹر الٹ گئی۔

ملکی ترقی کے لیے خواتین کو قومی معیشت کا فعال حصہ بنانا ناگزیر ہے، مدثر مسعود چوہدری

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے پاکستان میں خواتین کی معاشی، تعلیمی اور (بقیہ 64 صفحہ 7پر)

نادرا کی پاک آئی ڈی موبائل ایپ کا نیا ورژن 5.8.0 جاری

فیملی ممبرز ڈیجیٹل آئی ڈی، دستاویزات کی کیو آر تصدیق اور حج و عمرہ زائرین کے لیے بائیومیٹرک سہولیات شامل

اسلام آباد (جی این ایم) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) نے شہریوں کی سہولت کے لیے اپنی پاک آئی ڈی موبائل ایپلی کیشن کا نیا ورژن 5.8.0 لانچ کر دیا ہے، جس میں فیملی ممبرز ڈیجیٹل آئی ڈی، دستاویزات کی فوری کیو آر تصدیق اور حج و عمرہ زائرین کے لیے با (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

تربت، چیئرمین میونسپل کارپوریشن بلخ شیر قاضی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مدارس و مساجد کی تعمیر و آبادکاری ایک عظیم دینی خدمت اور صدقہ جاریہ ہے، سابق وزیر

شاردا (این این آئی) ممبر آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی و سابق وزیر اطلاعات مولانا پیر محمد مظہر سعید شاہ نے کہا ہے کہ مساجد مسلمانوں کے اتحاد و اتفاق، دینی تعلیم، روحانی بالیدگی اور اصلاح معاشرہ کے مراکز ہیں، جبکہ مدارس دینی تعلیم کے فروغ اور نئی نسل کی اسلامی تربیت میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں۔ مدارس و مساجد کی تعمیر و آبادکاری ایک عظیم دینی خدمت اور صدقہ جاریہ ہے، جس میں حصہ لینے والے افراد دنیا و آخرت میں اجر و ثواب کے مستحق ہوتے ہیں

مقامی آبادی کے تحفظات کو یقینی بنایا ہے، نعیم بازئی

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کی قیادت میں بازئی قبائل کے ایک وفد نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری سے ملاقات کی

اغبرگ اور نوحصار میں قبائل کو درپیش مسائل، امن و امان کی صورتحال اور سکیورٹی چیک پوسٹوں سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (بولان بیورو): رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کی قیادت میں بازئی قبائل کے ایک وفد نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری سے ملاقات کی، جس میں اغبرگ اور نوحصار میں قبائل کو درپیش مسائل، امن و امان کی صورتحال اور سکیورٹی چیک پوسٹوں سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران قبائلی معتبرین نے سکیورٹی چیک پوسٹوں کے حوالے سے اپنے تحفظات اور مقامی آبادی کو درپیش مشکلات سے کمشنر کو آگاہ کیا۔ قبائلی وفد نے مختلف چیک پوسٹوں کی افادیت، موجودہ مقامات، فعالیت اور ممکنہ منتقلی سے متعلق امور پر بھی تفصیلی بریفنگ دی۔ قبائلی عمائدین کا کہنا تھا کہ بعض سکیورٹی چیک پوسٹیں (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

حب۔ اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم جان لچکی سے ساکران یکجہتی کمیٹی کے رہنما وڈیرہ شکیل واہورہ ملاقات کر رہے ہیں

برائلر گوشت کی قیمت میں 30 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت مزید 30 روپے اضافے سے 476 روپے، ز (بقیہ 63 صفحہ 7پر)

فیصل آباد، بزرگ شہری پر چھری سے مبینہ حملہ، باپ بیٹا گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد تھانہ بلوچنی کے علاقے میں کھیت میں جانور چرانے سے منع کرنے پر پیش آنے والے وا (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

وندر کے قریب مسافر کوچ کی رکشہ کو زوردار ٹکر 1 شخص جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی

جاں بحق اور زخمی شخص کو ریسکیو سینٹر کی ایمبولینس کے ذریعے قریبی اسپتال منتقل کیا گیا

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) وندر کے قریب مسافر کوچ کی رکشہ کو زوردار ٹکر 1 شخص جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 وندر کی میڈیکل ایمرجنسی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی۔ تفصیلات کے مطابق منگل کے روز کوئٹہ کراچی مین قومی شاہراہ N-25 وندر کے قریب حسن ہوٹل بکرا منڈی کے مقام پر تیز رفتار مسافر کوچ نے رکشہ کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں رکشہ میں سوار محمد سلیم ولد گل محمد جو بیوپاری بتایا جاتا ہے موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ اختر نامی شخص شدید زخمی ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 وندر کی میڈیکل ایمرجنسی ٹیم جائے حادثہ پر پہنچ گئی جاں بحق (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

کچھی، بجی اور بھاگ ناڑی میں مسلح ڈاکوؤں کی لوٹ مار

مسافر کوچ پر فائرنگ سے ایک مسافر جاں بحق جبکہ تین زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (نمائندہ بولان) کچھی، بجی اور بھاگ ناڑی میں ڈاکوؤں کی لوٹ مار اور مسافر کوچ پر فائرنگ ایک مسافر جاں بحق جبکہ تین زخمی ہوگئے ڈاکو لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق کچھی پولیس تھانہ حاجی شہر کی حدود بجی کے مقام پر گزشتہ (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

میر علی حسن زہری ایک مخلص عوامی سچا لیڈر ہے، رحیم بلیدی

میر صاحب نے ہمیشہ عوام کے درمیان رہ کر ان کے مسائل اور حقوق کی آواز بلند کی ہے

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما رحیم بلیدی نے کہا ہے کہ محسن حب میر علی حسن زہری نے وندر اور دریجی میں تاریخی جلسے کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ ایک مخلص عوامی سچا لیڈر ہے وہ غریبوں کا ہمدرد اور مسیحا ہیں جو اپنے پارٹی کارکنوں کے ساتھ سچے ہیں انہوں نے کہا کہ میر علی حسن زہری عوامی لیڈر ہیں عوام کی بھرپور شرکت، محبت اور جوش اس بات کا واضح اظہار ہے کہ میر صاحب نے ہمیشہ عوام کے درمیان رہ کر ان کے مسائل اور (بقیہ 52 صفحہ 7پر)

میر رضا کیس، جوڈیشل کمیشن کی مدت میں توسیع کی سمری منظور

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے میر رضا کیس کی تحقیقات کیلئے قائم جوڈیشل کمیشن کی مدت میں توسیع کی سمری کی منظوری دے دی

چینی سائنسدانوں نے سورج کی روشنی سے خود چارج ہونے والا ایئر فلٹر تیار

مستقبل میں اس فلٹر کو این 95 ماسکس کے دوبارہ قابلِ استعمال ورژنز میں استعمال کیا جا سکتا ہے

بیجنگ (این این آئی) چینی سائنس دانوں نے ایسا جدید ایئر فلٹر تیار کیا ہے جو سورج کی روشنی یا گھر کے اندر موجود ایل ای ڈی روشنی سے خود چارج ہو کر ہوا میں موجود آلودہ ذرات اور جراثیم کو جذب کر سکتا ہے۔ جرنل Chem میں شائع ہونے والی ایک تحقیق کے مطابق یہ فلٹر چین کی جلیین (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

بھارت کے پورے عدالتی ڈھانچے، تعلیمی اداروں اور فوج کو آر ایس ایس کے حوالے کر دیا گیا

نئی دہلی (این این آئی) سینئر بھارتی صحافی اجے شکلا نے مودی حکومت کو کڑی تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے

اسرائیل، ڈچ سفارتکاروں کا سفارتی درجہ ختم کرنے کا اعلان

رام اللہ میں کام کرنے والے ڈچ سفارتکاروں کو سفارتی دستاویزات واپس کرنا ہوں گی، حکام

رام اللہ (این این آئی) اسرائیل نے رام اللہ میں فلسطینی اتھارٹی کیلئے کام کرنے والے ڈچ سفارتکاروں کا سفارتی درجہ ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ اقدام مقبوضہ مغربی کنارے (بقیہ 59 صفحہ 7پر)

اسلامپورہ میں ڈور پھرنے سے موٹر سائیکل سوار زخمی، 2 پتنگ باز گرفتار

لاہور (این این آئی) اسلامپورہ کے علاقے میں گلے پر ڈور پھر (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

محبوبہ مفتی کی میر واعظ عمر فاروق سے ملاقات، علاقے کی سیاسی و سماجی صورتحال پر تبادلہ خیال

تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر مشترکہ طور پر ان مسائل کو حل کرنے کی ضرورت ہے، محبوبہ مفتی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر محبوبہ مفتی نے سرینگر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ عمر فاروق سے ملاقات کی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق دونوں رہنماؤں کی یہ ملاقات اتوار کی دوپہر میر واعظ عمر فاروق کی رہائش گاہ پر ہوئی جس میں دونوں نے سماجی اور ثقافتی امور کے ساتھ ساتھ جموں و کشمیر کی موجودہ سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ میر واعظ نے صحافیوں کو بتایا کہ محبوبہ مفتی نے مجھ سے ملاقات کی ا (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانا افسوسناک ہے، مینا مجید

کیچ کے علاقے کالعدم تنظیم کی جانب سے 12 سالہ بچے کے اغواء اور خواتین اور بچوں کو تشدد کا نشانہ بنانا افسوسناک ہے

وہ نام نہاد لوگ جو خود کو بلوچ حقوق کے کارکن اور انسانی حقوق کے علمبردار قرار دیتے ہیں انہیں خواتین اور بچوں کے خلاف اس طرح کی ظلم و بربریت کے خلاف بھی آواز اٹھانی چاہیے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ ضلع کیچ کے علاقے النڈور، بلیدہ میں بی ایل اے کی جانب سے ایک 12 سالہ بچے کے اغوا اور ایک گھر میں گھس کر خواتین اور بچوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔ اس واقعے میں ایک خاتون جاں بحق جبکہ بچوں سمیت تین دیگر افراد زخمی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندان کی فریادی خاتون آج ہر بلوچ سے اپیل کر رہی ہے کہ وہ اس کے لیے آواز اٹھائے اور انصاف کا مطالبہ کرے، لیکن افسوس کہ وہ بلوچ جو ناروے، کینیڈا، نیدرلینڈز، برطانیہ اور امریکہ میں سیاسی پناہ لے کر رہتے ہیں اور اقوام متحدہ کے سامنے پلے کارڈز اٹھا کر خود کو بلوچ حقوق کی آواز قرار دیتے ہوئے پروپیگنڈہ کرتے ہیں وہ (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر مملکت بلال اظہر کیانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ملکی اسٹیل ملز کالونی میں لوہے کی چوری والا معاملہ پولیس نے واقعے سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا

اطلاعات آئیں تھیں کہ پولیس نے کالونی پر چھاپہ مار کر لاکھوں کا لوہا برآمد کر کے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے

گھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ملکی اسٹیل ملز کالونی میں لوہے کی چوری والا معاملہ پولیس نے واقعے سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا ملکی اسٹیل ملز کالونی میں چار روز قبل خفیہ اطلاعات آئیں تھیں کہ پولیس نے کالونی پر چھاپہ مار کر لاکھوں کا لوہا برآمد کر کے تین ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے مگر پولیس اور اسٹیل ملز کالونی کے رہائشیوں نے اس خبر کو من گھڑت اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس قسم کا کوئی واقعہ رونما (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

گرانفروشی اور تجاوزات کیخلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں، مہراللہ بادینی

اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی محمد امیر حمزہ اور مجسٹریٹ سٹی اعجاز حسین کھوسہ نے پرائس کنٹرول کے حوالے سے کارروائیاں کیں

کارروائی کے دوران مقررہ نرخوں سے زائد قیمت پر اشیاء کی فروخت اور گرانفروشی پر 9 تندور مالکان اور 2 قصابوں کو گرفتار کر لیا گیا

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات پر عوامی شکایات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی محمد امیر حمزہ اور مجسٹریٹ سٹی اعجاز حسین کھوسہ نے سیٹلائٹ ٹاؤن، منی مارکیٹ اور ڈبل روڈ کے علاقوں میں پرائس کنٹرول کے حوا (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

سوات، کے پی کے گورنر فیصل کریم کنڈی کانووکیشن میں گریجویٹس کو ڈگری سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں